کاروبار، ملازمت، ترقی، کامیابی، عزت و وقار، آمدن اور صحت کے لئے راہِ عمل

برنی تقویم ۲۰۱۴ء

زندگی کے طویل راستے پہ مقدر کے عظیم ہاتھ کی گرفت
آئندہ سال کیا کرنے والی ہے، ایک علمی امداد

ازافادات
حارث عثمانی

قیمت: ۲۰۰ روپے



اوراق پبلشرز

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

برنی تقویم

۲۰۱۴ء

گردش فلک اور رفتار سیارگان کے موجوداتِ عالم
پر، اثرات اور مروّجہ سنین کی تاریخیں

از افادات

حارث عثمانی البرنی

بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ایڈیٹر ۸ رسالہ رُوحانی دُنیا، کراچی

ناشر: اوراق پبلشرز، کراچی نمبر ۵

قیمت: -/۲۰۰ روپے

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

فرمانِ خداوندی

وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۚ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝

(سورہ النحل۔ آیت ۱۲)

ہم نے تمہارے لیے رات اور دن، سورج اور چاند اور جملہ کواکب کو خاص احکام سرانجام دینے کا حکم دیا ہے۔ درحقیقت عقل مند لوگوں کیلئے اس میں نشانیاں ہیں:

فرمودۂ اقبال،

علم اسماء اعتبارِ آدم است
حکمت اشیاء حصارِ آدم است،
جستجو را محکم از تدبیر کن،
انفس و آفاق را تسخیر کن،



برنی تقویم 2014 کے جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں
مضامین کے نقل و تصرف کرنے والوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

نام	تاریخ پیدائش - وقت اور مقام	برج	ستارہ

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف

عددوں کی حکومت

حصہ اول

اس کتاب میں اعداد کی سائنس کے حیرت انگیز نتائج بیان کئے گئے ہیں۔ ہر شخص اپنی تاریخ پیدائش کے عدد، نام کے عدد اور دیگر مختلف اعداد کے ماتحت کام کرتا رہتا ہے۔ یہ نمبر اس کی قسمت، قوت عمل، کام، کاروبار اور تمام دنیاوی کاموں میں کیسے دخل انداز ہوتے ہیں؟ کیسے مدد کرتے ہیں؟ ان کو مفصل طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔ استخراج آسان ہیں۔ حکم لگانا آسان ہے اور تجربہ کرنا آسان ہے۔ اس میں سات باب ہیں۔

پہلا باب	اعداد اور کواکب
دوسرا باب	عدد ذات
تیسرا باب	اعداد کے تعلقات
چوتھا باب	آپ کی زندگی کے مخصوص نمبر
پانچواں باب	اعداد سے جواب برآمد کرنا
چھٹا باب	مستقبل کے حالات معلوم کرنا
ساتواں باب	اعداد کے اسرار

موافق رنگ، موافق ادویات، موافق جگہ، موافق نمبر، موافق لوگ معلوم کرنا، ملکی نتائج، مقاموں کے نتائج، مقابلہ کے نتائج، قیمتوں کے نتائج، شیئرز کے نتائج، ریس کے نتائج وغیرہ معلوم کرنا۔ ستر عنوانات میں ایسی کارآمد معلومات دی گئی ہیں۔ جو زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرتی ہیں۔ کم تعلیم یافتہ آدمی بھی پورا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

قیمت =/ روپے

علاوہ محصول ڈاک =/۳۵ روپے علاوہ

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی نمبر ۵

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

ابتداء

موجودہ سائنس کے دور میں یہ بات پایہ ثبوت تک پہنچ چکی ہے کہ ستاروں کے اثرات سے اہل عالم اور خود عالم موجودات اپنی اپنی حالت اور نوعیت پر متاثر ہوتے ہیں۔ زمانے کے انقلابات، سمندر کے مدوجزر نباتات کی روئیدگی، موسموں کی تبدیلیاں، طوفان بادِ باراں، تغیرات زمانہ، جنگ و امن، انسان و حیوان کا تغیر مزاجی وغیرہ۔ امورات نظام عالم محض کواکب کے صعود و ہبوط پر منحصر ہیں۔ جہازوں کا سفر، تاریخوں کا شمار، اطراف کا علم، فضا اور خلاء کے تجربات بدونِ علم سیارگان کی رہنمائی کے ممکن ہی نہیں۔

علم نجوم غیب کا علم نہیں۔ بلکہ یہ ایک حساب ہے۔ وہ حساب جس پر کائنات کی تقویم خود پروردگار عالم نے تیار کی ہے۔ اس حساب سے روزانہ عام گھریلو زندگی اور کاروباری زندگی میں یہ فائدہ ہوتا ہے کہ ہم آئندہ سے خبردار ہو کر اچھے وقتوں سے فائدہ اٹھائیں۔ اور نحس اور ناموافق حالات کیلئے صحیح تدابیر اختیار کر کے بہتر طور پر زندگی گزار سکیں۔ اس امر کیلئے تقویم آپ کی بہتر رہنمائی کر سکے گی۔

برنی تقویم کے ممتاز ہونے کا ثبوت:

(۱) اس میں ہندوانہ حساب نہیں ہوتا۔

(۲) پاکستان کے اسٹینڈرڈ ٹائم کے لحاظ سے تیار کی جاتی ہے۔

(۳) استخراج یونانی حساب سے ہے جو اہلِ اسلام کے روحانی علوم جفر، عملیات اور نقوش کیلئے درست ہے۔

(۴) گھڑی پلوں کا متروکہ ٹائم نہیں دیا جاتا، بلکہ مروجہ ٹائم گھنٹے منٹوں کا دیا جاتا ہے۔

(۵) ہندوانہ اصطلاحات نہیں دی جاتیں۔

(۶) رفتار سیارگان کا مکمل حساب دیا جاتا ہے۔ برنی تقویم اس علم کی مکمل ضروریات ایک سال کیلئے مہیا کرتی ہے۔ آسان زبان میں تیار کی جاتی ہے۔ نظرات کی ایسی مکمل تفصیل دی جاتی ہے کہ جو روزانہ امور جاننے، زائچہ پڑھنے اور عملیات کے لئے کارآمد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ

تقویم تعلیم یافتہ طبقے میں روزبروز مقبول ہوتی جا رہی ہے۔

ہدایت:

اس تقویم کے تمام اوقات پاکستان کے مقامی اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہیں۔ ان اوقات میں اپنے مقام کا وقفہ تفاوت وقت سے معلوم کر کے جمع یا تفریق کر دیا کریں تو وہ آپ کا مقامی وقت ہو جائے گا۔ بہتر ہو اگر آپ اپنے ہاں کا تفاوتِ وقت زبانی یاد کر لیں۔

کاشف البرنی

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

تہوار و تعطیلات سال ۲۰۱۴ء

جنوری	۱۴	○	عید میلاد النبیؐ
	۱۹		عرس شاہ محمد غوثؒ - لاہور
فروری	۳		عرس شاہ جمالؒ - لاہور
	۴		عرس مادھولال حسینؒ - لاہور
	۵	○	یوم یکجہتی کشمیر
	۱۱		ختم گیارہویں شریف
مارچ	۲۳	○	یوم پاکستان
	۳۰		میلہ شالامار باغ - لاہور
اپریل	۱۲		سنت جرمی ۱۴۳۵ شروع
	۱۸		گڈ فرائی ڈے
	۲۰		ایسٹر سنڈے
	۲۳		یوم حضرت ابوبکر صدیقؓ
مئی	یکم		یوم مئی
	۸		لیلۃ الرغائب
	۲۲		کونڈے
	۲۷		معراج النبی ﷺ
جون	۱۴		شب برأت
	۱۷		عرس شہباز قلندر - سہون
	۲۹		روزے شروع
جولائی	۱۹	○	یوم حضرت علیؓ
اگست	۲۵		جمعۃ الوداع
	۲۵		لیلۃ القدر
	۲۹	○	عید الفطر
اگست	۱۴	○	یوم آزادی
ستمبر	۱۱	○	وفات قائداعظم
اکتوبر	۵	○	یوم الحج
	۶	○	عید الاضحی
	۱۴		یوم حضرت عثمان غنیؓ
	۱۶		شہادت لیاقت علی خان
	۲۱		یوم حضرت عمر فاروقؓ
	۲۶		سال نو ۱۴۳۶ ہجری شروع
نومبر	۳	○	نویں محرم
	۴	○	عاشورہ
	۹		یوم پیدائش علامہ اقبال
دسمبر	۷	○	عرس عبداللطیف بھٹائیؒ
	۱۲		عرس داتا صاحبؒ - لاہور
	۱۲		چہلم حسینؓ
	۱۷		آخری چہار شنبہ
	۲۵	○	پیدائش قائداعظم
	۲۵	○	کرسمس
	۳۱		بینک ہالیڈے

○ گول نشان پر ڈاکخانہ بند رہے گا - یوم اقبال پر سرکاری دفاتر میں تعطیل ہوگی - بینک کی تعطیل صرف بینکوں کے لئے ہوگی -

فرقہ وارانہ تعطیلات میں ہندوؤں کی ہولی دسہرہ دیوالی اور عیسائیوں کو گڈ فرائی ڈے ایسٹر سنڈے اور کرسمس کی تعطیل ہوگی - دونوں عیدوں پر تین دن تعطیل ہوگی -

اسکولوں کی سالانہ تعطیلات جولائی اور اگست دو ماہ کی ہوتی ہیں - جن کی تاریخیں حکومت مقرر کرتی ہیں -

سول کورٹ کی تعطیلات ماہ جون میں ہوتی ہیں اور ہائی کورٹ جون اور جولائی میں بند رہتا ہے - اس کے علاوہ دسمبر کے آخری عشرے کی بھی تعطیلات ہوتی ہیں - عدالت کی تعطیلات چیف جسٹس مقرر کرتے ہیں -

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

استخراج طالع

مسلمانوں میں ہندوؤں کی طرح علم نجوم کے ماتحت نام نہیں رکھے جاتے ہیں۔ اس لئے انکے نام اور تاریخ پیدائش کے بروج میں فرق پڑتا ہے۔ معتبر طریقہ تاریخ پیدائش سے برج معلوم کرنے کا ہے۔ اگر یہ معلوم نہ ہو تو نام کے سرحرف سے بروج معلوم کیا جاتا ہے۔ کیونکہ بعض حروف بعض بروج کے اثرات سے متاثر ہوتے ہیں۔

مسلمانوں کے حروف تہجی اور ہندوؤں کے حروف تہجی میں فرق ہے۔ اس لئے وہ نقشہ جو راس معلوم کرنے کا اہل ہند کا ہے۔ مسلمانوں کو کام نہ دے گا۔ مثلاً ف کو وہ پھ لکھتے ہیں۔ مسلمانوں میں اعراب سے حروف کی آوازیں ہیں لیکن ہندوؤں میں اعراب نہیں۔ بلکہ اعراب کی جگہ مستقل حروف ہیں۔ مثلاً مسلمانوں میں صرف ا ہے لیکن ہندوؤں میں الف کی متعدد آوازیں ہیں۔ زبر کا الف برج حمل سے متعلق ہے اور زیر کا الف یعنی ای برج ثور سے متعلق ہے۔ بعض مسلمان بھی جن کا نام (ا) سے شروع ہوتا ہے مثلاً ابراہیم۔ وہ ثور برج سمجھتے ہیں۔ جو غلط ہے۔ زیر زبر سے کوئی تعلق نہیں۔ لہٰذا حسب قول علمائے عرب و فارس حروف کی تقسیم حسب ذیل ہے۔ آپ اپنے نام کے سرحرف سے برج ستارہ معلوم کریں اور اس سے کام لیں۔ (بشرطیکہ تاریخ پیدائش یاد نہ ہو)

حرف	برج	ستارہ	حرف	برج	ستارہ
ا۔ ل۔ ع۔ ی	حمل	مریخ	ر۔ ت۔ ط	میزان	زہرہ
ب۔ واؤ	ثور	زہرہ	ظ۔ ذ۔ ض۔ ز۔ ن	عقرب	مریخ
ق۔ ک	جوزا	عطارد	ف	قوس	مشتری
ح۔ ہ	سرطان	قمر	ج۔ خ۔ گ	جدی	زحل
م	اسد	شمس	س۔ ش۔ ص۔ ث	دلو	زحل یورنس
پ۔ غ	سنبلہ	عطارد	د۔ چ	حوت	مشتری نپ چون

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش اور ماہ معلوم ہے تو اپنا متعلقہ برج اور ستارہ آنے والی جدول سے دیکھیں۔

دراصل یہی آپ کا **شمسی طالع** ہے۔

سورج ایک ماہ تک ایک برج میں قیام کرتا ہے۔ جو شخص سورج کے جس برج کے قیام کے عرصے میں پیدا ہوگا۔ وہ اس کا شمسی طالع ہوگا۔ ذیل میں جو تاریخیں دی جاتی ہیں وہ قریباً ہر سال ایسے ہی رہتی ہیں اور وہ لوگ جو اس وقت پیدا ہوئے ہوں جبکہ سورج ایک برج سے دوسرے برج میں تحویل ہو رہا ہو تو اس کو "تحویلی طالع" کہتے ہیں۔ یہ دونوں برج کی خاصیت کا مالک ہوگا اور حالات کے لحاظ سے دونوں برج اثر انداز ہوں گے۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

اس تقویم میں ہر برج کے سالانہ حالات اور دیگر تفصیلات طالع شمسی کو مدنظر رکھ کر لکھے گئے ہیں۔ اس لئے سب سے پہلے اپنا طالع معلوم کریں۔ پھر تقویم سے آپ بخوبی کام لے سکیں گے۔

جدول طالع شمسی

تاریخ	برج	ستارہ
۲۱ر مارچ تا ۲۰ر اپریل	حمل	مریخ
۲۱ر اپریل تا ۲۱ر مئی	ثور	زہرہ
۲۲ر مئی تا ۲۱ر جون	جوزا	عطارد
۲۲ر جون تا ۲۳ر جولائی	سرطان	قمر
۲۴ر جولائی تا ۲۳ر اگست	اسد	شمس
۲۴ر اگست تا ۲۳ر ستمبر	سنبلہ	عطارد
۲۴ر ستمبر تا ۲۳ر اکتوبر	میزان	زہرہ
۲۴ر اکتوبر تا ۲۲ر نومبر	عقرب	مریخ
۲۳ر نومبر تا ۲۲ر دسمبر	قوس	مشتری
۲۳ر دسمبر تا ۲۰ر جنوری	جدی	زحل
۲۱ر جنوری تا ۱۹ر فروری	دلو	زحل
۲۰ر فروری تا ۲۱ر مارچ	حوت	مشتری

پیدائشی طالع ہر شخص کے طالع شمس کے علاوہ اس کا ایک پیدائشی وقت کا طالع بھی ہوتا ہے۔ جسے ''طالع پیدائش'' کہتے ہیں۔ کسی شخص کی پیدائش کے وقت جو برج افقِ شرقی پر طلوع کرتا ہے وہی ''برج طالع'' کہلاتا ہے۔ زائچہ پیدائش اسی کے لحاظ سے بنتا ہے۔ قدرت نے انسان کی قسمت اور زندگی کے حسابات اسی طالع سے مقرر کئے ہوئے ہیں۔ اس طالع سے زندگی کا تفصیلی زائچہ بنتا ہے۔ اس طالع کو معلوم کرنے کیلئے تسویۃ البیوت کی جدولیں ہیں۔


وہ لوگ جن کا زائچہ موجود ہے اور وہ لوگ جو طالع پیدائش معلوم کر سکتے ہیں۔ اُن کو اپنے اس طالع سے حالات جاننا اور نجوم سے کام لینا بہت انسب ہے۔ طالع شمسی اور طالع پیدائش دونوں کے اثرات انسان پر وارد ہوتے ہیں اس لئے دونوں طالعوں کا جائزہ لینا چاہئے کہ دونوں طالع میں سے کس کے حالات اور منسوبات آپ پر وارد ہوتے ہیں بس اسی کو مدنظر رکھ کر تقویم سے کام لیں۔

بچے کا نام رکھنا جب کوئی بچہ پیدا ہو تو اس کا طالع وقت نکالیں۔ اور اسکے برج کے جو متعلقہ حروف ہیں ان میں سے ایک حرف سرنام کا لیکر ایسا نام انتخاب کریں جسکے مجموعہ کا مفرد عدد پیدائش کی تاریخ ماہ اور سن کے مفرد عدد کے مطابق ہو۔ اگر دفتر سے نام مولود کا نکلوانا چاہیں تو ۱۰۰۰ روپے فیس ہمراہ روانہ کریں۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

زندگی کے طویل راستے پر مقدر کے عظیم ہاتھ کی گرفت

آئندہ سال کیا کرنے والی ہے؟ ایک علمی امداد



یہ سال کیسا گزرے گا؟

- مالی حالات
- کاروبار
- ملازمت
- ترقی
- کامیابی
- آمدن
- عزت و وقار
- صحت
- دوست
- گھریلو حالات وغیرہ کے متعلق

ہر شخص کے تفصیلی حالات دیئے گئے ہیں



WWW.AIOURDUBOOKS.NET

2014 کے امکانات



حمل

والوں کے لئے جن کی
پیدائش ۲۱ مارچ سے ۲۱
اپریل کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ا - ل - ع - ی - ہے

۲۰۱۴ حملی افراد کے لئے اہم نوعیت کی تبدیلیاں لائے گا۔ آپ کے طرز زندگی میں نئے آغاز کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وجہ سے معمولات و حالات میں کچھ انتشار پیدا ہوگا اور از سر نو ترتیب اور تعمیر کی ضرورت پڑے گی۔ تاہم یہ تمام تبدیلیاں پہلے سے بہتر حالات لانے اور پرانے حالات ختم کرنے کے لئے ہوں گی۔

اس وقت اپنی زندگی میں خاص طور پر جاذبی اور دینوی مقاصد سے متعلقہ معاملات پر زیادہ کنٹرول حاصل رکھنا چاہیں گے لیکن خیال رہے کہ اگر یہ بات آپ میں ضرورت سے زیادہ پیدا ہوگئی تو بدلتے ہوئے حالات کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنا خاصا مشکل ہو جائے گا۔ جب کہ یہی وہ وقت ہے جب تبدیلیوں کو قبول کرنے اور میسر آنے والے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے خاص طور پر تیار رہنے کی ضرورت ہوگی۔

جنوری کا آخر، فروری کا آخر، مارچ کا آخر، اپریل کا شروع، مئی کا آخر، جولائی کا وسط، اگست کا وسط، شروع نومبر اور دسمبر وہ اوقات ہیں جو ترقی کے مواقع لائیں گے۔ ان وقتوں میں آپ کی مہم جوئی اور ہمت و جرات مثبت اور فوری نتائج لائے گی اور ماضی کی کوششوں کا اجر ملے گا۔

مشتری ۱۶ جولائی تک چوتھے گھر میں رہے گا۔ اس گھر میں اسے شروع سال سے ۶ مارچ تک رجعت و استقامت ہو گی۔ چنانچہ اس سال گھریلو اور خاندانی معاملات بہت اہم ہو جائیں گے۔ مشتری کی چوتھے گھر میں موجودگی سے موجودہ گھریلو حالات سے متعلق بے چینی یا بے اطمینانی کے احساسات میں اضافے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حالات کو بہتر بنانے سے متعلق کوئی مثبت قدم اٹھانے کی ترغیب بھی ملے گی۔ اس طرح حالات میں تبدیلی نظر آ رہی ہے لیکن یہ تبدیلی آپ کے حق میں مفید ثابت ہوگی۔ سال کے آگے بڑھنے کے ساتھ ساتھ گھریلو معاملات میں مرضی کے مطابق تبدیلیاں لانے کے زائد مواقع اور ترغیب ملے گی۔

شروع سال سے وسط جولائی تک کا وقت جائیداد کی خرید و فروخت، کرائے یا لیز وغیرہ سے متعلقہ تمام معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس سلسلے میں خوش قسمت اوقات وہ ہوں گے جب مشتری باقوت نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ یہ اوقات شروع مارچ، اپریل کا وسط، مئی کے آخری دو ہفتے، وسط جون، ۷ جولائی ہیں۔ حملی افراد کے لئے ستمبر خوش قسمتی کے لحاظ سے ایک اہم موڑ یا نقطہ انقلاب ثابت ہوگا۔

مشتری خاندانی تعلقات بھی بہتر بنا دے گا اگر ماضی میں جذباتی مشکلات سے واسطہ رہا ہے تو مستقبل قریب میں ہم آہنگی اور دوبارہ امن کے قیام کی توقع رکھیں۔ وہ افراد جنہیں گھر کے کسی فرد خاص طور پر والدین یا کسی رشتہ دار کی صحت کی طرف سے پریشانی لاحق ہے ان کی یہ پریشانی بھی سال کے پہلے نصف حصے میں دور ہو جائے گی۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

مشتری کی چوتھے گھر میں موجودگی تعمیرات، زراعت باغبانی، کاشتکاری اور ماحول سے متعلقہ معاملات پر مدد آور روشنی ڈالے گی۔ اگر آپ پیشے یا کیریئر کے لحاظ سے ان میں کسی شعبے سے منسلک ہیں تو سال کا زیادہ تر عرصہ کامیابی اور کوششوں کا اجر لائے گا۔ سرمایہ کاری کے لیے یکم اور ۲۶ مارچ، ۱۸، ۳۰ اپریل، ۶، ۲۴ مئی، ۱۸ جون، ۳، ۱۱۸ اگست، ۱۰، ۲۵ ستمبر، ۱۱، ۱۱۴ اکتوبر، یکم نومبر اور ۵، ۱۲، ۱۴ دسمبر موافق ثابت ہوگی۔

۱۷ جولائی کو مشتری برج اسد میں داخل ہوجائے گا۔ جو پانچواں گھر ہے۔ یہاں مشتری کی موجودگی زائد قوت حیات، سماجی مقبولیت میں اضافے اور خوش بختی کی نشاندہی کررہی ہے۔ مشتری وسعت لاتا ہے۔ نہ صرف یہ کہ مالی اور مادی معاملات میں وسعت لائے گا بلکہ انٹیلیکچوئل سرگرمیوں میں بھی وسعت لائے گا چنانچہ وہ افراد جو بہ حیثیت استاد یا طالب علم تعلیمی سرگرمیوں میں ملوث ہیں ان کے لئے جولائی کے بعد کا وقت کامیابی اور ترقی لائے گا نیز علم کا حصول خوشی اور تسکین کا سبب بھی بنے گا۔ ذہن کو وسعت دینے والی کوئی بھی سرگرمی اس وقت مفید ثابت ہوگی۔ مشتری چونکہ اعلیٰ تعلیم سے وابستہ ہے۔ اس لئے اکثر عملی افراد نفسیات، روحانیت، تصوف اور فلسفے جیسے مضامین میں دلچسپی لینے لگیں گے۔ اس وقت مشتری طالع کی موافقت میں ہوگا چنانچہ اہم ترین مقصد کے حصول کے لئے کوشش کریں۔ اگر کاروبار شروع کرنا چاہ رہے ہیں یا کسی موجودہ کام کو وسعت دینا چاہ رہے ہیں تو اس وقت کچھ خطرات مول لیتے ہوئے نہ ڈریں۔

ذاتی تعلقات اور محبت کے معاملات کے لحاظ سے اس سال کا زیادہ تر عرصہ ان افراد کے لئے موافق ثابت ہوگا جن کی شادی ہونے والی ہے جب کہ وہ افراد جو شادی شدہ ہیں اور ان کی گھریلو زندگی بھی خوشگوار رہے گی وہ اپنے گھر اور گھریلو زندگی کو مزید خوشگوار بنانے کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔ اس سلسلے میں خواہشات کی تکمیل کے مواقع بھی ملیں گے جب کہ غیر شادی شدہ افراد کے لئے ۱۷ جولائی کے بعد کا وقت موافق ثابت ہوگا۔

مئی میں زہرہ طالع میں ہوگا۔ اپریل، جون، اگست اور ستمبر میں سوشل زندگی بہت خوشگوار ہوجائے گی۔ جس کی وجہ سے نئے دوست بنانے کا موقع ملے گا اگر اس وقت کسی کو پسند کیا تو یہ پسندیدگی تعلق میں بدل سکتی ہے حالات جو بھی ہوں، محبت کے ذریعے خوشی ملے گی۔ سال کے وسط کے چار ماہ میں خاص طور پر ایسا ہوگا کیونکہ اس وقت مشتری طالع کی موافقت میں ہوگا اور زہرہ سے قران کرے گا لیکن ذاتی اور قریبی تعلقات میں ۳، ۳۰ مارچ، ۱۲ اپریل، ۱۸ مئی، ۲۶ اگست اور ۱۰ نومبر کو مسائل سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ ان دنوں شادی شدہ جملی افراد کو شریک زندگی کے ساتھ حکمت عملی کے ساتھ پیش آنا چاہیے۔

مریخ شروع سال سے طالع کے مقابل ہوگا اس طرح سال کا آغاز ایک چیلنج ہوگا ساتویں گھر میں چھ ماہ مریخ کی موجودگی رکاوٹ یا مخالفت کے عنصر کی نشاندہی کرتی ہے۔ جس کا بلاواسطہ سامنا کرنا ہوگا اور اس پر قابو پانا ہوگا۔ تاہم ایسی رکاوٹوں کی موجودگی میں جلد بازی کرنے کی بجائے حکمت عملی سے کام لینا بہتر ہوگا۔ اندیشہ ہے کہ بغیر سوچے سمجھے قدم اٹھا کر اور جارحانہ رویہ اختیار کرکے بآسانی دشمنی پیدا کرلیں گے لہٰذا محتاط رہیں۔ مریخ کو یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت و استقامت ہو گی۔ ۳، ۹ جنوری، ۳ مارچ، ۹، ۱۶، ۱۲۳ اپریل، ۱۱ مئی، ۱۴، ۲۵ جون، ۱۹ جولائی، ۳، ۱۲۶ اگست، ۲۲ ستمبر، ۱۳ نومبر کو مریخ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

ماہ فروری میں تیزی سے آگے بڑھنا موافق ثابت نہ ہوگا۔ چنانچہ کاروبار، کیریئر یا گروہی سرگرمیوں کے لحاظ سے تیز رفتار ترقی کی توقع نہ رکھیں بلکہ اپنے حالات کا بغور جائزہ لینے کے لئے خود پیچھے رہ کر دوسروں کو کام کرنے کا موقع دیں۔ اگر کوئی کاروباری معاملہ طے کرنا ہے یا اہم اور سخت گفت و شنید کے مرحلے سے گزر رہے ہیں، تو آسان حالات کی توقع نہ رکھیں۔ اگر رکاوٹوں کے خلاف نبرد آزما ہوں تو عارضی طور پر کچھ پہلوؤں کو نظر انداز نہ کریں اور فروری کے آخر تک رک جانا بہتر رہے گا کیونکہ اس وقت کو ابھی صورتحال زیادہ مددآور نہ ہوگی۔

مریخ نویں گھر میں ۱۴ ستمبر سے ۲۶ اکتوبر تک رہے گا۔ جس سے ذہنی سرگرمیوں، حصول علم اور غیر ملکی سفر پر دباؤ ڈالے

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

گا۔ خاص طور پر ان افراد کی موافقت میں ہوگا۔ جو اپنے اندر تکنیکی صلاحیتیں پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ لکھنے، اشاعت، صحافت، درس و تدریس، کمیونی کیشن اور نشر و اشاعت کے اداروں سے متعلقہ تمام معاملات کے لحاظ سے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ وہ افراد جو غیر ملکی رابطوں کے ذریعے اپنے کاروبار کو وسعت دینا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے سال کے آخری تین ماہ خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوں گے۔ لیکن یہ ذہن میں رہے کہ اس وقت ذاتی کوشش ہی کامیابی لائیں گی۔ نیز مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کرنے اور اپنی دلچسپیوں میں تبدیلی لانے کے لئے مختلف امکانات کا جائزہ لینے کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

اپریل میں لگنے والے گرہن عملی افراد کے لئے اہمیت کا حامل ہوگا۔ ۱۵ اپریل کو چاند گرہن طالع کے مقابل لگے گا۔ اس کا مثبت پہلو یہ ہوگا کہ کوئی ایسی رکاوٹ یا مخالفت جس کا گزشتہ چند مہینوں سے مقابلہ کر رہے ہیں۔ اس کا خاتمہ ہو جائے گا یا کوئی اختلاف بالآخر ختم ہو جائے گا اور تعلقات بہتر ہو جائیں گے۔ اس گرہن کا منفی پہلو یہ ہوگا کہ طور طریقوں یا سوچ اور نقطہ نظر کے شدید اختلاف کی وجہ سے کسی شخص سے اختلاف پیدا ہوگا۔ آپ کو چاہیئے کہ اس گرہن کے بعد کے چند ہفتوں میں نازک اور متنازعہ معاملات میں حکمت عملی سے کام لیں بے حد محتاط رہیں اور اپنی غیر استدلالی طبیعت کو قابو میں رکھنے کی کوشش کریں۔

۱۸ اکتوبر کا چاند گرہن طالع میں لگے گا۔ اس دن شمس کا یورنس سے مقابلہ اور قمر یورنس کا قران بھی ہوگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کچھ مقاصد (شاید کام کے معاملات) سے متعلق آپ کا رویہ تبدیل ہو جائے گا شاید یہ جان لیں گے کہ کسی خاص مقصد کے متعلق آپ کی کوششوں میں اب کوئی جان نہیں رہی ہے۔ اس لئے اپنی حکمت عملی میں تبدیلی کرنے پر مجبور ہو جائیں گے یا کسی بہتر مقصد کی خاطر کسی ایک کام کو ختم کر دیں گے۔

عطارد کو بارہویں گھر میں ۷ سے ۲۸ فروری کے دوران رجعت رہے گی۔ اس کی رجعت رکاوٹیں' تاخیر اور التواء لاتی ہے۔ عطارد چونکہ رجعت میں ہوگا تو بارہویں گھر سے ۱۴ فروری کو گیارہویں گھر میں داخل ہوگا اور مستقیم ہونے کے بعد دوبارہ ۸ اپریل کو طالع میں داخل ہوگا۔ لہذا پچھلے مہینوں میں جو مشکلات بھی پیش آئیں گی ان کی وجہ خود آپ کی لاپرواہی یا غیر حاضر دماغی ہوگی۔ لوگوں سے سامنا کرنا مشکل ہوگا اور مالی معاملات میں مشکلات کا سامنا ہوگا۔ ۱۱، ۲۳ مارچ، ۱۴، ۱۵ اپریل خاص طور پر غیر موافق تاریخیں ہوں گی۔ دراصل مالی خطرات مول لینے کے لحاظ سے یہ وقت انتہائی غیر موافق ہوگا۔

عطارد کو ۷ جون سے یکم جولائی تک رجعت رہے گی۔ اس دوران دوسروں پر انحصار نہ کریں۔ مالی معاملات میں محتاط رہیں۔ اپنے نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں اور کسی بھی نئے کام کو ہاتھ میں نہ لیں ورنہ مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

ستمبر میں عطارد طالع کے مقابل ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت غلط فہمیاں پیدا کرے گا۔ جو معلومات حاصل ہوں گی' وہ غلط ہونگی۔ ۱۰، ۱۳، ستمبر کو قانونی اور آفیشل معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔ ان دنوں دھوکہ و فریب کا اندیشہ ہے۔ لوگوں کے وعدوں پر بھروسہ نہ کریں۔ عطارد کو ۱۴ اکتوبر سے ۲۵ اکتوبر تک رجعت رہے گی ان دنوں سرمایہ کاری' کاروباری اور مشترکہ مالی معاملات میں حقیقت پسندانہ پالیسیاں اختیار کر کے مسائل سے بچ سکیں گے۔ عطارد اکتوبر میں قانونی اور آفیشل معاملات کے لحاظ سے آپ کی موافقت میں ہوگا۔ عطارد یکم، ۱۲، ۱۶، ۲۱ نومبر، ۶، ۱۲، ۲۰ دسمبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ جس سے ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ قانونی یا آفیشل معاملات کے لحاظ سے ۲۳، ۲۶ نومبر، ۱، ۸، ۲۵ دسمبر کی تاریخیں میں احتیاط رکھنی ہوگی۔ اس وقت اگر مختصر یا غلط راستہ اختیار کرنے کی کوشش کی تو طویل مدت تک نقصان اٹھائیں گے۔

سال کے آخر میں تخلیقی سرگرمیوں پر دباؤ پڑے گا۔ وہ افراد جو آرٹ، فنون لطیفہ یا تفریحی صنعت میں نام پیدا کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ وقت خوش بختی لائے گا۔ بعض عملی افراد فاضل اوقات کی سرگرمیوں سے مالی فائدہ حاصل کرنے کے متعلق سوچنے لگیں گے اور اسے کاروبار کی شکل دینا چاہیں گے۔ اہم ذمہ داریوں کو قبول کرنے کے ساتھ نئی سمت میں آگے بڑھنے کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں لیکن صبر و تحمل اور ضبط نفس سے کام لینا بھی ضروری ہوگا۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

2014 کے امکانات



ثور

والوں کے لئے جن کی
پیدائش اپریل ۲۲ سے ۲۰
مئی کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ب یا و ہے

دنیا سے متعلق آپ کی سوچ میں شدید نوعیت کی تبدیلی اس سال ۲۰۱۴ء میں بھی جاری رہے گی۔ زندگی کو ترتیب دینے کے انداز پر بصیرت اور وجدانی قوتیں اثر انداز ہوں گی۔ مزید تعلیم، اشاعت اور غیر ملکی سفر متحرک اور پُر جوش ثابت ہوگا لیکن انتشار سے واسطہ بھی پڑے گا۔ اچانک غیر متوقع واقعات منسوبوں کی تکمیل میں رکاوٹ ڈالیں گے۔ مختصراً یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ سال ڈرامائی لیکن مثبت تبدیلی لائے گا۔

اس سال تین اہم کواکب یعنی زحل، مریخ اور مشتری زائچے کے ان گھروں میں ہوں گے جن کا تعلق انٹیلیکچوئل سرگرمیوں سے ہے ان میں زیادہ اہمیت کا حامل مشتری ہے جو ۱۷ جولائی تک نہ صرف یہ کہ ذہنی سرگرمیوں پر دباؤ ڈالے گا بلکہ اس بات کی نشاندہی بھی کر رہا ہے کہ دوستی اور تعلقات کے حلقے کو وسعت دینے اور اس میں تبدیلی لانے کے زائد مواقع بھی میسر آئیں گے۔ وسط جولائی تک جو لوگ زندگی میں داخل ہوں گے (خواہ وہ مختصر مدت کے لئے ہی ہوں) سوچ پر گہرا اور دیرپا اثر ڈالیں گے۔ آپ خود بھی زندگی کے متعلق اپنے نقطہ نظر کو وسعت دینا اور نئی دلچسپیاں اختیار کرنا چاہیں گے۔

مشتری چونکہ آپ کے مالی معاملات پر حکومت کرتا ہے اس لئے اس وقت اپنے علم، معلومات اور صلاحیتوں کو بہتر بنانا مالی لحاظ سے مفید ثابت ہوگا ایسا اگر فوری طور پر نہ ہو تب بھی مستقبل میں ایسا ضرور ہوگا۔ وہ افراد جو اس سال اہم امتحانات دے رہے ہیں اور اپنی تعلیمی قابلیت میں اضافہ کرنا چاہ رہے ہیں انہیں بآسانی کامیابی حاصل ہوگی تاہم مشتری ۹، ۳۱ جنوری، ۲۶ فروری، ۲۰ اپریل اور وسط مئی میں غیر موافق نظرات قائم کرے گا چنانچہ ان دنوں محتاط رہیں ورنہ ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی کی وجہ سے غلطیاں کریں گے یا پھر ضرورت سے زیادہ مطمئن ہو جائیں گے تاہم آپ کا ذہن نئے خیالات قبول کرنے کے لئے تیار ہوگا اور جو بھی نیا علم حاصل کرنا چاہیں گے اسے بآسانی سمجھ سکیں گے۔

سارا سال روحانیت اور قدیم و پُر اسرار علوم میں دلچسپی کی نشاندہی بھی ہو رہی ہے۔ اگرچہ ثوری افراد کو عموماً عملی سمجھا جاتا ہے اور اس قسم کے علوم کے لئے ان کے پاس زیادہ وقت نہیں ہوتا لیکن اس سال یہ بات غلط ثابت ہو جائے گی چنانچہ آپ کسی نوعیت کی باطنی تربیت مثلاً مراقبے، یوگا، روحانیت یا شفا بخشی کی صلاحیت پیدا کرنے کی طرف راغب ہوں گے۔ درحقیقت ایسی تربیت یا ٹریننگ جس کے ٹھوس اور عملی نتائج برآمد ہوں وہ پسند آئے گی۔

سارا سال سفر آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وہ افراد جنہیں پیشہ وارانہ یا کاروباری سرگرمیوں کے سلسلے میں خاصی نقل و حرکت کرنی پڑتی ہے ان کے لئے یہ سال کامیابی لائے گا اور بہت سے مفید اور خوش قسمت کاروباری تعلقات قائم ہوں گے۔ سفر کے ذریعے نئے دوست بھی زندگی میں داخل ہوں گے۔ مشتری یکم اور ۲۶ مارچ، ۱۸، ۳۰ اپریل، ۶، ۲۴ مئی، ۱۸ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ یہ ایسی تاریخیں ہیں جب سفر کسی نہ کسی طرح غیر متوقع طور پر خوش قسمت ثابت ہوگا۔ یہ تاریخیں

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

سفر کے آغاز کے لئے خاص طور پر کاروباری یا تعلیمی نوعیت کے سفر کے لئے خوش قسمت ثابت ہوں گی نیز ان سعد تاریخوں میں کوئی قریبی دوست یا رشتہ دار آپ کو فائدہ پہنچائے گا یا مفید مشورے یا تجاویز پیش کرے گا۔ ان دنوں آپ کے معمولات میں بھی کچھ دلچسپ تبدیلیاں آسکتی ہیں جو کامیاب ثابت ہوں گی۔

تاہم جنوری کا شروع، آخر فروری، اپریل کا شروع و آخری ہفتہ سفر کے لئے غیر موافق ثابت ہوں گے۔ ان دنوں اگر سفر اختیار کیا تو التوا، یا مشکلات کا سامنا کرنے کے لئے تیار رہیں۔ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات کے لئے دیگر موافق اوقات ۲۵ فروری، مارچ کا آخری ہفتہ، ۱۸ اپریل، ۱۶ مئی، ۹ تا ۱۹ جون، ۱۸ جولائی، ۱۸ تا ۲۵ اگست، یکم تا ۴ نومبر، یکم تا ۱۴ دسمبر ہیں۔

وسط جولائی سے مالی معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ ۱۷ جولائی کو مشتری کے برج تبدیل کر لینے کے بعد مالی حالت زیادہ مضبوط اور مستحکم ہو جائے گی۔ اس تاریخ سے ایک سال تک یہ ستارہ مادی حالات کو بہتر بنانے کے سلسلے میں آپ کی تمام کوششوں کی موافقت کرے گا۔ ۱۰ ستمبر، ۹، ۱۴، ۱۱، ۱۲، ۱ اکتوبر، یکم نومبر اور ۲ تا ۱۵ دسمبر خاص طور پر خوش قسمت وقت ہوگا۔ آمدنی میں اضافہ کرنے یا کاروباری دلچسپیوں کو وسعت دینے کے لئے ان مثبت اوقات میں بھرپور کوشش کریں۔ یہ سعد اوقات مالی خوش بختی لائیں گے اور اس سلسلے میں درپیش مسائل جلد دور ہو جائیں گے۔ لیکن نومبر میں مالی معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔ اس وقت کئی کواکب غیر موافق نظرات قائم کریں گے۔ ۱۰ اکتوبر، ۱۴، ۱۰، ۲۳ نومبر کو خاص طور پر ذہن میں رکھیں۔ دھوکے، فریب اور چوری سے بچاؤ کے لئے بھی احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ ۱۷ جولائی سے مشتری چوتھے گھر میں ہوگا اور گھر، جائیداد اور خاندان کے امور کی موافقت میں ہوگا۔ نفع بخش بنیادوں پر جائیداد کی خرید و فروخت ہو سکے گی۔ مرضی کے مطابق گھر کے حصول اور کرائے کے معاملات میں پریشانی سے واسطہ نہیں پڑے گا۔ ماضی میں اگر قرض کی قسطوں کی ادائیگی اور گھریلو اخراجات پورے کرنے میں مشکلات کا سامنا رہا ہے تو اب بہتر حالات سے واسطہ پڑے گا۔

بھاری سرمایہ کاری کے لئے ۲۰۱۴ء کے مارچ سے جولائی و دسمبر ماہ موافق ثابت ہوں گے۔ تاہم مشتری ۹ دسمبر کو رجعت کر جائے گا۔ شادی شدہ ثوری افراد کے مالی معاملات کے لحاظ سے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا اور اقبال مندی میں اضافہ لائے گا۔ وہ افراد جو آرکیٹیکچر، تعمیراتی صنعت کھیتی باڑی اور مکانوں کی خرید و فروخت کے کام سے وابستہ ہیں تو جولائی کے بعد سے بے حد کامیاب اور وسعت لانے والے وقت میں داخل ہو رہے ہیں۔

سال کے آخری چھ ماہ میں مشتری خاندانی تعلقات کو بہت خوش گوار بنا دے گا اگر آپ کے بچے جوان ہیں تو سال کے آخر میں ان کی کامیابی کی وجہ سے خوشی ملے گی یا پھر گھر میں شادی یا پھر کسی تقریب کی وجہ سے خاندان والوں کو مل بیٹھنے کا موقع ملے گا۔ ایسے واقعات ۲۱ ستمبر، ۲۷ نومبر اور ۵، ۱۴ دسمبر میں پیش آسکتے ہیں۔ نیز یہ وہ اوقات ہیں جب نوجوان ثوری افراد کو اپنے والدین یا دوسرے رشتہ داروں کے ذریعے فائدہ حاصل ہوگا۔ وہ ثوری افراد جو تفریح، اسٹیج، فلم اور ٹی وی پر کام کرتے ہیں یا تخلیقی اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان کے لئے دسمبر موافق ثابت ہوگا۔

مریخ شروع سال سے ۲۶ جولائی تک کا طویل عرصہ زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا۔ اسی گھر میں ایسے یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت و استقامت ہوگی۔ یہ چھ ماہ زندگی کو بدلنے میں بہت اہم ثابت ہونگے۔ مریخ چونکہ معاملات کھول کر سامنے لاتا ہے تاکہ حالات اور معاملات درست کئے جا سکیں۔ اور یہ جاننے میں مدد دیتا ہے کہ دوسروں کے ساتھ تعلقات میں آپ کس مقام پر ہیں۔ چنانچہ اس وقت علم ہو جائے کہ کون آپ کا حقیقی دوست ہے اور کون حقیقی دشمن۔ اگر اختلافات موجود ہوں تو صرف امن و امان برقرار رکھنے کی خاطر انہیں دبانے کی کوشش نہ کریں بلکہ اختلافات پر کھل کر بات کریں۔ تاکہ حالات درست کئے جا سکیں۔ وہ افراد جو سیاسی سرگرمیوں میں سماجی اور فلاحی تحریکوں میں ملوث ہیں۔ ان کے لئے سال کا آخر سخت ثابت ہوگا۔ تاہم اس وقت مشتری چونکہ طالع کی موافقت میں ہوگا اس لئے عین اس وقت مدد میسر آیا کرے گی، جب اس کی اشد ضرورت ہوگی۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

اگرچہ ساتویں گھر میں مریخ کی موجودگی کا مثبت اور تعمیری پہلو بھی ہے۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ یہاں مریخ اختلافات کو ہوا دے سکتا ہے اس وقت شریک حیات اور شریک کار سے مخالفت اور جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ اور اگر مسابقتی سرگرمیوں میں ملوث ہیں تو اس وقت مخالفین اور حریف آپ کے لئے حالات کو مشکل اور سخت بنا دیں گے۔ بہتر ہوگا کہ کھل کر سامنے آنے کے بجائے ڈرٹر سے کام لیں اور جارحانہ رویہ اختیار کرنے کے بجائے حکمت عملی اختیار کریں۔ ۲۶ اگست کو مریخ زحل کا قران ہوگا یہ وقت گھریلو معاملے میں سخت اختلاف پیدا کرے گا۔ مریخ کا یہ منفی پہلو نومبر کے دوسرے نصف حصے میں زیادہ کھل کر سامنے آئے گا۔ اس وقت سست رفتاری سے آگے بڑھیں اور صرف ایسے معاملے میں جارحانہ رویہ اختیار کریں۔ جہاں جدوجہد کرنا اور حق کے لئے لڑنا اشد ضروری ہو۔

۱۵ اپریل کا چاند گرہن کام اور ملازمت کے گھر میں لگے گا۔ جس سے کاروبار، کام اور ملازمت میں کسی تبدیلی کا امکان ہے اس وقت اکثر ثوری والے افراد بہتر اور زیادہ تسلی بخش ملازمت تلاش کریں گے۔ لیکن جلد بازی ہرگز نہیں کرنی چاہیئے۔ خاص طور پر مارچ سے مئی میں کام اور روزگار کے معاملات میں بے صبری اور جلد بازی نہ کریں۔ بلکہ ۲۰ مئی تک ٹھہر جائیں کیونکہ اس وقت مریخ مستقیم ہو جائے گا۔ جس سے کام اور ملازمت کے امور سے متعلقہ گھر میں بہتری آ جائے گی اور ان معاملات کے متعلق کوا یسی صورت حال زیادہ موافق ہو جائے گی۔

نپ چون گیارہویں گھر میں اپنے قدم جما چکا ہے اور ۱۰ جون سے ۱۶ نومبر تک رجعت و استقامت سے گزرے گا۔ جو دوستی کے معاملات، امیدوں، خواہشات اور مقاصد سے متعلق ہے۔ چنانچہ اس سال دوستی کے معاملات میں کچھ دلچسپ تبدیلیاں اور بہتر حالات سے واسطہ پڑے گا۔ کچھ نئے دوست کچھ قیمتی سبق سکھائیں گے۔ ممکن ہے کچھ ایسے لوگوں سے متعلق آپ کا رویہ بدل جائے جو کچھ عرصے سے آپ کے معاملات میں اہمیت رکھتے ہیں۔ شاید یہ احساس ہو جائے گا کہ بعض لوگوں سے کسی بھی لحاظ سے بھی مطابقت نہیں ہے۔ چنانچہ ان سے میل جول اور رابطہ بتدریج کم کرتے جائیں گے۔ بعض افراد اپنے ماضی سے تعلق قطعی ختم کر دیں گے۔ اس وجہ سے کچھ جذباتی تناؤ سے واسطہ پڑے گا۔ تاہم ایسی علیحدگی یا تعلقات کا خاتمہ مفید ثابت ہوگا اور زیادہ آزادی عطا کرے گا۔

زحل اپنا آخری سال طالع کے مقابل گزارے گا ۲۳ دسمبر کو برج قوس میں داخل ہوگا۔ اس دوران ۲ مارچ سے ۲۱ جولائی تک اسے رجعت ہوگی۔ ان دنوں شراکت داری اور کاروباری معاملات کی سختی میں کمی آتی محسوس ہوگی۔ زحل مشترکہ مالی معاملات کے متعلقہ گھر سے نکل جائے گا۔ چنانچہ طویل المعیاد مالی مشکلات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ کوئی مشترکہ کاروبار جسے کچھ عرصہ قبل بند کرنا پڑا تھا۔ اسے دوبارہ شروع کر سکیں گے اور زیادہ خوش اور کامیاب بنیادوں پر آگے بڑھا سکیں گے۔ تاہم اس وقت اگر کسی مالی معاملے سے متعلق پریشانی کا سامنا ہو تو پیشہ وارانہ مشورہ ضرور حاصل کریں۔

زہرہ ۲۹ اپریل کو طالع میں داخل ہوگا۔ اس کے بعد محبت کے معاملات میں بہتری آنے لگے گی۔ ۳۰ مارچ اور ۱۱ مئی اس لحاظ سے سعد تاریخیں ہوں گی۔ ان دنوں سوشل زندگی ہم خیال افراد کو زندگی میں لائے گی۔ مشکلات سے چھٹکارا پانے کے لئے لوگ آپ کی مدد اور مشورے کے خواہاں ہوں گے۔ رونما ہونے والے حالات کو آپ خود بھی سکون اور ٹھنڈے دل سے قبول کرنے لگیں گے۔ زہرہ ۱۲ اپریل کو نپ چون سے، ۱۸ اپریل کو مشتری سے اور ۲۵ اپریل کو زحل سے سعد نظرات قائم کرے گا۔ یہ نظرات محبت کے معاملات کے لحاظ سے غیر متوقع حالات کی نشاندہی کر رہے ہیں۔

۱۳ جولائی زہرہ مریخ کی تثلیث اور ۲۰ اکتوبر کو زہرہ مریخ کی تسدیس ہوگی مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ یہ محبت اور مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ زائد نقد روپیہ ہاتھ میں رہے گا۔ اگر کوئی چیز اچھی قیمت پر بیچنا چاہ رہے ہیں تو اس کے فوری نتائج آئیں گے۔

سال کے آخر میں طویل سفر پر روانہ ہونا پڑے گا۔ امکان ہے کہ دسمبر کے آخری دو ہفتوں میں اکثر ثوری افراد دور دراز علاقوں کا سفر کریں گے یا خاندان کا کوئی فرد کہیں باہر سے آئے گا۔ اس طرح سال کا اختتام خوش امیدی کے احساسات کے ساتھ ہوگا۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

2014 کے امکانات







والوں کے لئے جن کی
پیدائش مئی ۲۱ سے ۲۱
جون کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ک یا ق ہے

۲۰۱۴ء مالی معاملات پر دباؤ ڈالے گا۔ سرمایہ کاری، قرضہ جات اور دیگر مالی معاملات پر کڑی نگاہ رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ نیز سارا سال کفایت شعاری سے کام لینے اور بے حد محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔

آپ کا حاکم ستارہ عطارد نویں گھر میں ۷ سے ۲۸ فروری تک رجعت و استقامت کی حالت میں رہے گا۔ چنانچہ اس وقت تک کچھ مالی معاملات التوا میں رہیں گے یا کسی قانونی سرخ فیتے کی وجہ سے کسی مسئلے کا سامنا رہے گا۔ یہاں بھی بے صبری اور جلد بازی سے پرہیز کرنا ہوگا اور سفر، تعلیمی سرگرمیوں، قانونی معاملات میں رکاوٹ آئے گی۔ ۷ مئی کو عطارد طالع میں داخل ہو گا۔ عطارد ۷ جون کو رجعت کر جائے گا اور یکم جولائی کو مستقیم ہوگا۔ مالی معاملات میں محتاط رہنا ہوگا۔ تمام تفصیلات کو مدنظر رکھیں۔ ۱۱ مئی کو عطارد یورنس کی تربیع ہوگی اس وقت دھوکے فریب کا اندیشہ بھی ہے۔ ۲۸ ستمبر سے ۲۸ نومبر تک چھٹے گھر میں رہے گا یہاں اسے ۱۴ اکتوبر سے ۲۵ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ ملازمت و کاروباری معاملات میں محتاط رہیں۔ عطارد کے مستقیم ہو جانے کے بعد سال کے آخر تک مثبت حالات پیش آئیں گے، سفر، خط و کتابت، تحریرات اور تعلقات سے خوشی ملے گی۔ عطارد ۸ جنوری، ۲۳ سے ۲۸ مارچ، ۳، ۲۶، ۳۰ اپریل، ۱۶ مئی، ۱۹، ۲۵ جولائی، ۳، ۹، ۲۵ اگست، ۱۰ ستمبر، یکم، ۱۲ نومبر اور ۶ دسمبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

سال کے پہلے چھ مہینوں میں آپ کی زیادہ تر توجہ مالی معاملات کی طرف رہے گی۔ کیونکہ مشتری خانہ مال میں ہوگا۔ جس سے خوش بختی اور آمدنی میں اضافے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ تاہم ۹ جنوری، ۲۶ فروری غیر موافق ثابت ہوگی ان دنوں زائد اخراجات کے لئے تیار رہیں۔ تاہم ۶ مارچ سے حالات بہتر ہونے لگیں گے کیونکہ اس وقت مشتری کو استقامت ہو جائیگی۔

شروع مارچ سے وسط جولائی تک مشتری مجموعی طور پر مالی مفادات کی موافقت میں ہوگا جس سے مالی لحاظ سے غیر معمولی خوش قسمت وقت کی نشاندہی ہو رہی ہے اس وقت کاروباری معاملات کو وسعت دینے اور اثاثوں میں اضافہ کرنے کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔ خود آپ کا بھی زیادہ رجحان آمدنی میں اضافے کے لئے یا شراکت میں روپیہ کمانے کیلئے اور کوششیں کرنے کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔

جو زا سے متعلقہ وہ افراد جو اپنی صلاحیتوں اور تعلیمی قابلیت میں اضافے کے لئے کوششیں کر رہے ہیں یا تعلیم و تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ انہیں مارچ کے بعد ماضی کی کوششوں کا اجر ملنے لگے گا۔ وہ افراد جو بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں یا جو کیریئر کا آغاز کر رہے ہیں ان کے لئے یہ وقت بالکل وہی کچھ لائے گا، جو وہ چاہتے ہیں۔ جہاں تک دینوی مرتبے و حیثیت اور کامیابیوں کا تعلق ہے اس وقت اپنی صلاحیتوں کو کم تر نہ جانیں۔

۱۷ جولائی کو مشتری تیسرے گھر میں آجائے گا۔ جہاں وہ ایک سال کا عرصہ گزرے گا۔ مشتری ذہنی سرگرمیوں، سوچ، خیال کے انداز، سفر اور رشتہ داروں کے معاملات پر دباؤ ڈالے گا چنانچہ اگست سے سفر آپ کی زندگی میں اہم اور خوش قسمت

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

کردار ادا کرے گا۔ ذاتی تعلقات کے حلقے کو وسعت دینے کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔ نقل و حرکت خلاف معمول زیادہ رہے گی۔ نئی سرگرمیاں اختیار کریں گے یا کوئی ایسی کتاب یا مضمون پڑھیں گے جو دنیا سے متعلق سوچ پر گہرا اثر ڈالے گا۔ جس کی وجہ سے نئے خطوط پر سوچنے لگیں گے اور خود اپنے طور طریقوں پر بھی غور کرنے لگیں گے۔ مشتری کا ایک اثر یہ ہوتا ہے کہ اپنے حالات کی وجہ سے انسان اپنے آپ کو غیر مطمئن محسوس کرنے لگتا ہے۔ جس کے نتیجے میں حالات کو بہتر بنانے کی شدید خواہش پیدا ہو جاتی ہے۔

آخر جولائی سے چونکہ ذہنی صلاحیتوں پر نمایاں دباؤ پڑے گا۔ چنانچہ ان صلاحیتوں میں نمایاں بہتری لا سکتے ہیں۔ یہ وقت تعلیم و تربیت حاصل کرنے یا ذہنی قوتوں اور صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ وہ افراد جو اس وقت اہم امتحان دیں گے۔ ذہنی لحاظ سے پر اعتماد ہوں گے۔ چنانچہ ان کی کامیابی کے امکانات بڑھ جائیں گے اس وقت جو زاد والوں کو اوپن یونیورسٹی یا خط کتابت کے ذریعے کورس کرنے میں دلچسپی ہوگی ایسی سرگرمیوں سے نہ صرف یہ کہ خوشی ملے گی بلکہ سوشل زندگی بھی زیادہ پر لطف ہو جائے گی۔ سال کے آخر میں اگر قانونی یا آفیشل مسائل سے واسطہ پڑا تو مشتری کی مدد حاصل رہے گی اس وقت رشتہ داروں کی زندگی میں رونما ہونے والے واقعات آپ کی زندگی پر مدد آور اثرات مرتب کریں گے۔ مشتری ۱۸ اگست، ۱۰ ستمبر، ۹، ۱۱، ۱۲ اکتوبر، نومبر کے پہلے ہفتے اور دسمبر کے پہلے ہفتے میں سعد نظرات قائم کرے گا یہ اوقات مندرجہ بالا تمام معاملات کے لئے موافق ثابت ہوں گے۔

محبت کے معاملات کے لحاظ سے یہ سال غیر اہم نہیں ہوگا ان معاملات کے لحاظ سے ۳۰ مارچ، ۱۳ جولائی اور ۲۰ اکتوبر کی تاریخیں غیر معمولی اور اہم ثابت ہوگی جب زہرہ مریخ کے سعد نظرات قائم ہونگے ان تاریخوں میں سفر اور خط و کتابت ان معاملات میں اہم کردار ادا کرے گی۔ نئے قریبی تعلقات کے لحاظ سے اگست کے آخری دو ہفتے، اکتوبر کے پہلے دو ہفتے اور دسمبر کے آخر تک کا وقت سال کا سب سے موافق وقت ہوگا

محبت کے معاملات میں اگر مشکلات سے واسطہ پڑا تو شروع مارچ کے دوران پڑے گا۔ شروع اپریل سے وسط تک خاص طور پر ایسا ہو سکتا ہے اس وقت اپنے احساسات کا پوری ایمانداری سے جائزہ لیں۔ محبت کے معاملے سے متعلق اگر شکوک یا غلط فہمیوں کا شکار ہیں تو اس وقت اسے ختم کر دیں گے۔ جب کہ جو زا سے متعلقہ وہ افراد جن کی شادی ہو چکی ہے انہیں شروع اکتوبر سے تناؤ اور اختلافات سے واسطہ پڑے گا۔ اس وقت اگر جذبات کی رو میں نہ بہے تو غلط فہمیوں کو دور کر کے حالات بہتر بنا سکیں گے۔

یکم مارچ کو شمس مشتری سے اور ۴ مارچ کو شمس پلوٹو سے سعد نظر قائم کرے گا۔ یہ وقت مدد آور ثابت ہوگا۔ لہذا مقاصد کے حصول کے لئے حالات سازگار ہو جائیں گے۔ جس کی وجہ سے مالی و کاروباری سرگرمیوں کی بنیاد زیادہ مضبوط ہو جائے گی۔

زہرہ شروع سال سے ۵ مارچ تک زائچے کے آٹھویں گھر میں ہوگا اسے شروع سال سے ۳۰ جنوری تک رجعت و استقامت رہے گی۔ رجعت کی وجہ سے بعض معاملات میں ست روی پیدا ہو جائے گی مگر زہرہ کی رجعت جذباتی حالات کے لحاظ سے مفید ثابت ہوتی ہے۔ چنانچہ اس وقت کا موافق پہلو یہ ہوگا کہ اپنے حقیقی احساسات کو جانچنے اور شریک کے ساتھ مل کر قدم اٹھانے کا موقع ملے گا۔ یہ وقت خیالات میں تبدیلی کی نشاندہی بھی کر رہا ہے۔

زہرہ ۲۳ جون کو طالع میں ہوگا۔ جس سے کوئی تحفہ یا بونس ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ جن جو زا والے افراد کی سالگرہ اس تاریخ کے آس پاس ہے۔ انہیں خوشگوار قسم کی تعجب انگیز باتوں کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ اس وقت اگر پرانے تعلقات کو از سر نو تازہ کیا تو بہت موافق نتائج سامنے آئیں گے۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے یا جو شادی کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے جولائی، اگست خوش قسمت ثابت ہوگی۔ تاخیر کے عنصر کا خاتمہ ہو جائے گا اور معاملات آگے بڑھنے لگیں گے۔ یہ وقت مادی اور مالی معاملات میں بھی بہتری لائے گا اور مستقبل کے متعلق اپنے آپ کو زیادہ پر اعتماد محسوس کرنے لگیں گے۔ محبت کے معاملات

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

کے لحاظ سے ۷، ۱۳، ۲۴ جولائی، ۱، ۱۸، ۲۵ اگست کی موافق تاریخیں ہوں گی۔

زہرہ ۷ نومبر سے ۱۰ دسمبر تک ساتویں گھر میں رہے گا۔ جس سے غیر شادی شدہ افراد کے لئے ایک نئے تعلق کے آغاز کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ ۲۷ نومبر کو زہرہ یورینس کے ساتھ سعد نظر قائم کرے گا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ نہ صرف کسی مثالی شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا بلکہ یہ تعلق وقت کی آزمائش پر پورا اترے گا۔ وہ جو زاوالے افراد جن کی اس ماہ شادی ہوگی۔ ان کے لئے یہ وقت موافق ہوگا۔ جب کہ شادی شدہ افراد کے تعلقات میں مزید مضبوطی پیدا ہوگی۔ یہ وقت محبت کے معاملات کے لحاظ سے سعد ثابت ہوگا۔ ماہ دسمبر میں کسی بے حد اہم شخصیت سے ملاقات کا امکان ہے۔ یہ محض وقتی تعلق نہیں ہوگا بلکہ بے حد مضبوط ہوگا۔ کوئی ایسا شخص زندگی میں داخل ہوگا جو آپ کی حقیقی صلاحیتوں کی نشوونما میں مدد دے گا۔

ستارہ زحل آپ کے زائچہ کے چھٹے گھر میں آخری سال گزارے گا۔ گزشتہ دو سالوں سے اس کے اثرات کام، روزگار، ملازمین اور صحت پر رہے تھے۔ یہ خلاف معمول جوڑوں کے درد اور ہاتھ پاؤں میں درد پیدا کرتا ہے۔ تاہم دوسرے امراض کے لئے لاپرواہی اختیار نہیں کرنی چاہئے۔ جہاں تک کام کا تعلق ہے سخت محنت کرنی ہوگی اس سال کامیابی کا پھل بھی ملے گا۔ اگر کوئی کام کسی مجبوری کی وجہ سے بند کر چکے تھے اب دوبارہ اس کام کی طرف توجہ دینی ہوگی۔ آپ کی ذمہ داریاں بڑھ جائیں گی اور زیادہ وقت کام یا روزگار کو دینا پڑے گا۔ مزدوروں اور ملازمین سے موافقت نہ ملے گی اور روزگار کی طرف سے دل پریشان بھی رہے گا۔ زحل ۲ مارچ سے ۲۱ جولائی تک رجعت میں رہے گا۔

مریخ تخلیقی دلچسپیوں سے متعلقہ گھر شروع سال سے ۲۶ جولائی تک یہاں ہے گا۔ جس کی وجہ سے تخلیقی سرگرمیوں پر دباؤ پڑے گا۔ مریخ اس گھر میں غیر معمولی طویل عرصہ قیام کرے گا۔ اس کی وجہ یہ ہوگی کہ یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک اسے رجعت رہے گی۔ اس گھر میں موجودگی کے دوران مریخ طالع کی موافقت میں ہوگا۔ چنانچہ آپ کے جوش وخروش اور جذبے میں اضافہ کرے گا۔ شخصیت کو پرکشش بنائے گا۔ جس کی وجہ سے سوشل زندگی اور مقبولیت میں اضافہ ہوگا وہ افراد جو فنون لطیفہ، کھیلوں یا تفریح کی دنیا میں نام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت کامیابی لائے گا۔ جو زاوی افراد کو اپنے بچوں کی بعض ایسی خفیہ صلاحیتوں کا پتہ چلے گا۔ جن کا اس سے قبل انہیں بالکل کوئی علم نہیں ہوگا۔ یا پھر کسی پرانی دلچسپی کو دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ کریں گے۔ ۱۶ فروری اور ۱۴ مارچ کو عطارد مریخ سے تثلیث بنائے گا۔ جس میں بے حد کامیاب رہیں گے۔

جوزاوالے افراد کو جب اظہار خیال کا موقع ملتا ہے نیز یہ احساس ہوتا ہے کہ لوگ انہیں دیکھ رہے ہیں تو یہ بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ مریخ کے تخلیقی دلچسپیوں سے متعلقہ گھر میں قیام کے دوران انہیں ایسے ہی حالات سے واسطہ پڑے گا۔ تاہم مریخ کی رجعت کے دنوں میں حکومت کرنے اور مرکز نگاہ بنے رہنے کی خواہش پر کنٹرول کرنے کی ضرورت ہوگی۔ اس وقت معقول رویہ اختیار کریں۔ ورنہ لوگ تعاون نہیں کریں گے۔ مریخ یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت میں رہے گا۔ اس کے بعد ان تخلیقی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے کا موقع ملے گا۔ جن پر گزشتہ دو ماہ سے کوئی کام نہیں کر سکے ہوں گے۔ مریخ اب آپ کی تخلیقی قوتوں اور صلاحیتوں کو ابھارنے میں مدد دے گا۔ بے خوف اور مہم جو رویہ اختیار کر کے خود اپنی قسمت بنانے کا موقع فراہم کرے گا۔ وہ افراد جو آرٹسٹک سرگرمیوں یا کھیلوں کے ذریعے روپیہ کمانا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت خواہشات کی تکمیل لا سکتا ہے۔ کیونکہ اس وقت قسمت بنانا آپ کے اپنے ہاتھ میں ہوگا۔

مریخ ۲۶ جولائی کو ملازمت اور پیشہ وارانہ معاملات سے متعلقہ گھر میں داخل ہو جائے گا۔ جہاں وہ ۱۴ ستمبر تک رہے گا۔ ۲۶ اگست کو زحل سے قران کرے گا۔ یہ وقت کاروباری معاملات کے لحاظ سے محتاط رویہ اختیار کریں۔ اگر ان معاملات میں تبدیلی کی ضرورت ہو تو اس وقت کوششوں کا آغاز کرنے میں بھی محتاط رہیں۔ افراد جو ذاتی کام شروع کرنا چاہتے ہیں اس وقت مریخ ان کی موافقت میں ہوگا۔ ان میں ضروری اعتماد پیدا کرے گا اور صحیح فیصلے کرنے میں مدد دے گا۔

یہ سال غیر معمولی سرگرم ثابت ہوگا۔ اگر مالی معاملات میں محتاط رہے اور دی گئی ہدایات پر عمل کیا گیا تو یہ سال یقیناً موافق ثابت ہوگا۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

2014 کے امکانات



والوں کے لئے جن کی
پیدائش جون ۲۲ سے ۲۳
جولائی کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ح۔ ہ ہے

مشتری شروع سال سے وسط جولائی تک طالع میں رہے گا۔ طالع میں مشتری کا داخلہ زندگی میں نئے دور کے آغاز کی نشاندہی ہے۔ یہ ستارہ ذاتی حالات، کام کی صورت حال اور باطنی شخصیت کو وسعت دینے اور بہتر بنانے کے زائد مواقع لائے گا۔ اس سال بعض اوقات آپ کو تقدیر پر یقین آجائے گا۔ آپ کی زندگی میں اہم اور دور رس تبدیلیاں آنے کی زبردست نشاندہی ہورہی ہے اس عمل کے دوران اگرچہ انتشار سے واسطہ پڑے گا تاہم آخری نتیجہ آپ کی موافقت میں ہوگا۔

سرطانی افراد تحفظ کو بہت اہمیت دیتے ہیں چنانچہ مشتری کی طالع میں موجودگی کے دوران خاندانی اور گھریلو معاملات کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل رہے گی۔ اگرچہ شروع مارچ اور یکم تا ۱۵ اپریل تک گھریلو حالات میں کسی قدر عدم استحکام نظر آرہا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ اس وقت گھر تبدیل کررہے ہوں گے یا پھر کوئی فرد خودمختار زندگی گزارنے کے لئے ماں باپ کا گھر چھوڑ دے گا۔ کواکب اس بات کی نشاندہی کررہے ہیں کہ مذکورہ اوقات میں گھر کا کوئی فرد شاید مستقبل بنیادوں پر کسی غیر ملک کو چلا جائے گا۔ بہرحال حالات جو بھی ہوں یہ وہ اوقات ہیں جب آپ گھریلو زندگی کی ازسرنو ترتیب اور تنظیم کریں گے۔

۲۰۱۴ء ایسا سال ہوگا جب قریبی تعلقات یعنی شادی اور محبت کی بنیادوں پر قائم تمام تعلقات کو زیادہ اہمیت حاصل ہوجائے گی۔ مشتری ان معاملات میں خوش بختی کی نشاندہی کررہا ہے۔ تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ صورتحال مشروط ہوگی۔

وہ سرطانی افراد جو کاروباری اور تجارتی سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ انہیں سال کے پہلے دو مہینوں میں صبر وتحمل سے کام لینا چاہئے۔ طالع میں مشتری کو شروع سال سے ۶ مارچ تک رجعت رہے گی۔ چنانچہ کاروباری اور تجارتی سرگرمیوں سے متعلق خط وکتابت کرتے ہوئے خاص طور پر محتاط رہیں کیونکہ عطارد آٹھویں گھر میں ۷ تا ۲۸ فروری تک رجعت استقامت میں رہے گا جبکہ اور اگر آپ کا کام ایسا ہے کہ خاصی مسابقت سے واسطہ پڑتا ہے تو آسان حالات کی توقع نہ رکھیں بہتر ہوگا کہ اس وقت اپنے اثاثوں کو مستحکم کرنے، سنجیدہ نوعیت کی سوچ بچار کرنے اور مستقبل کے لئے نئے منصوبے بنانے کی طرف توجہ دیں نیز یہ وقت مفید معلومات جمع کرنے، قانونی تقاضوں کی پابندی سے نجات پانے اور اپنے حالات سے غیر تسلی بخش عناصر کے خاتمے کی طرف توجہ دینے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔

مشتری آپ کے کام اور روزگار کے معاملات پر حکومت کرتا ہے۔ جس سے کاروباری اور مالی کامیابی، کام اور کیریئر کے معاملات کے لحاظ سے وسعت اور ترقی کے مواقع میسر آنے کی نشاندہی ہورہی ہے اگر موجودہ کام کے حالات میں اپنے آپ کو پابند محسوس کرنے لگے ہیں یا تنخواہ ناکافی ہے۔ تو ان حالات کو بہتر بنانے کے لئے مارچ کے آخر سے جولائی کے آخر تک کے دوران آپ کی کوششیں کامیاب رہیں گی۔ اس وقت حالات موافقت میں ہوں گے۔ اگر مسائل سے واسطہ پڑا تو ۳۰ مارچ، ۱۸ مئی، ۲۵ جولائی میں پڑے گا۔ ان دنوں مشتری غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی اور جرأت یا آمرانہ انداز میں خیالات کے اظہار سے پرہیز کریں اور عاقبت اندیشی سے کام لیں۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

سال کے پہلے چھ ماہ کا عرصہ زندگی کے ان پہلوؤں میں وسعت اور بہتری کے مواقع لائے گا جو آپ کے نزدیک اہمیت کے حامل ہیں وہ لوگ جن سے واقفیت ہے۔ وہ مقاصد کے حصول میں آپ کی بے حد مدد کریں گے۔ زندگی کے متعلق سوچ میں وسعت پیدا ہوگی۔ نئے خیالات اور دلچسپیوں کی طرف راغب ہوں گے اور اپنی خاص صلاحیتوں کو بہتر سے بہتر طریقے پر استعمال کرنا چاہیں گے۔ سرمایہ کاری کے لیے یکم اور ۲۶ مارچ، ۱۸، ۳۰ اپریل، ۶، ۲۴ مئی، ۱۸ جون، ۳، ۱۸ اگست، ۱۰، ۲۵ ستمبر، ۱۱، ۱۴ اکتوبر، یکم نومبر اور ۵، ۱۲، ۱۴ دسمبر موافق ثابت ہوگی۔

۱۷ جولائی کو مشتری خانہ مال میں داخل ہوجائے گا اور ایک سال کا عرصہ یہاں گزارے گا۔ اس دوران روپیہ پیدا کرنے کے اسباب میں مدد دے گا۔ وہ تمام سرطانی افراد جو بہتر آمدنی والی ملازمت اور زیادہ تسلی بخش کام کرنا چاہتے ہیں۔ اب ان کی خواہش پوری ہونے کا زیادہ امکان ہے چنانچہ زیادہ امیدیں قائم کرتے ہوئے نہ ڈریں۔ سال کے آخری چھ ماہ زائد خوش بختی لائیں گے اس وقت نقد رقم کا انعام ملنے کا بھی امکان ہے۔ اس سلسلے میں ۱۸ اگست، ۱۰ ستمبر، ۱۱، ۱۲ اکتوبر، یکم نومبر، ۵، ۱۲، ۱۴ دسمبر موافق اوقات ہیں۔ کاروباری منصوبے شروع کرنے اور اپنے اندر نئی صلاحیتیں پیدا کرکے یا کسی نوعیت کی پیشہ وارانہ قابلیت حاصل کرکے آمدنی میں اضافے کی طرف توجہ دینے کے لحاظ سے یہ موافق تاریخیں ہوں گی۔

اس سال کے گرہن آپ کے مالی معاملات پر اہم اثرات مرتب کریں گے۔ ۱۵ اپریل کا چاند گرہن مالی یا کاروباری نوعیت کے کسی معاملے میں کسی قسم کی تبدیلی یا ازسرنو تنظیم کی ضرورت کی نشاندہی کررہا ہے۔ ان تاریخوں میں سرمایہ کاری کرتے ہوئے یا مشترکہ کاروباری معاملات میں ملوث ہوتے ہوئے بے حد محتاط رہیں۔ اگر کسی قانونی دستاویز یا معاہدے میں اپنا نام شامل کرنا ہے تو تمام تفصیلات کا بغور مطالعہ کریں۔ اس کے بعد ۱۸ اکتوبر کو چاند گرہن ہوگا اور شمس یورنس کا مقابلہ اور قمر یورنس کا قران ہوگا۔ یہ گرہن اور دیگر کواکبی نظرات اس بات کی نشاندہی کررہے ہیں کہ آپ کے معاملات میں کوئی غیر یقینی بات نظر آرہی ہے۔ نیز اس تاریخ کے فوراً بعد لوگ آپ سے جو کچھ کہیں یا جو وعدے کریں ان پر زیادہ بھروسہ نہ کریں تاہم وہ افراد جو اہم تحریکوں، گروہی یا سماجی سرگرمیوں میں ملوث ہیں ان کے لئے گرہن کا مثبت پہلو یہ ہوگا کہ وہ بالآخر مخالفتوں پر قابو پاسکیں گے اور جن لوگوں سے تعلقات قائم ہوں گے وہ بے حد مددآور ثابت ہوں گے۔ نیز زندگی سے ناپسندیدہ عناصر کو نکالنے کے لئے ۲۰۱۴ء کا یہ سب سے موافق وقت ہوگا۔ مارچ، جولائی اور اگست کے آخر ہوگا جب زائد سوشل زندگی اور نئے دوست لائے گا۔ نئے قریبی تعلقات قائم کرنے کے لحاظ سے بھی اس سال کا یہ سب سے موافق وقت ہوگا وہ افراد جو تفریحی کی دنیا یعنی رقص، موسیقی، ڈرامہ، فلم یا تھیٹر وغیرہ میں کامیابی اور ترقی کے خواہاں ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت خوش قسمت مواقع لائے گا۔

محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۲۰۱۴ء اہم ثابت ہوگا۔ پلوٹو شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں ہے۔ گزشتہ سال یا اس سے قبل شادی کے سلسلے میں اگر رکاوٹوں سے واسطہ رہا ہے۔ یا علیحدگی یا طلاق ہوچکی ہے تو اس سال ان تمام معاملات کا خاتمہ ہوجائے گا اور جن لوگوں کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوگا وہاں جذبات میں بہت شدت اور گہرائی ہوگی۔ تاہم سرطانی لڑکیوں اور عورتوں کو شکی مزاج، حاسد اور حاکمانہ فطرت رکھنے والے مردوں سے دور رہنا چاہیئے کیونکہ ایسے تعلقات کا خاتمہ دکھ اور آنسوؤں پر ہوگا۔

جہاں تک گھریلو معاملات کا تعلق ہے۔ شروع سال سے مریخ چوتھے گھر میں چھ ماہ طویل عرصہ قیام کرے گا۔ یہاں اسے یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت واستقامت ہوگی۔ جس کی وجہ سے گھر کی حالت کی طرف سے اپنے آپ کو غیر مطمئن اور بے چین محسوس کریں گے۔ گھر کی حالت بہتر بنانے، مرمت اور ازسرنو آرائش کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ وہ لوگ جو اب تک یہ فیصلہ نہیں کرسکے ہیں کہ موجودہ گھر ہی میں رہیں یا کوئی اور گھر تلاش کریں وہ شروع سال میں قطعی فیصلہ کرلیں گے۔ اگر گھر بدلنے کا فیصلہ کیا تو قسمت آپ کا ساتھ دے گی۔ جنوری سے جولائی کے دوران اس خواہش کی تکمیل میں کوئی دوست مدد کرے گا۔ مریخ لڑائی جھگڑے کا ستارہ بھی ہے۔ چنانچہ سال کے وسط میں خاندانی حلقے میں تناؤ اور اختلافات سے واسطہ پڑسکتا ہے اس لئے ضروری ہوگا کہ حکمت عملی سے کام لیں۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

زہرہ شروع سال سے طالع کے مقابل ۵ مارچ تک رہے گا اس دوران شروع سال سے ۳۰ جنوری تک رجعت و استقامت میں رہے گا۔ جب رجعت کی حالت میں ہوگا تو اس دوران مہنگی اشیاء یا تعیشات پر روپیہ خرچ کرنے سے قبل دوبار ضرور سوچیں۔ مشکل یہ ہے کہ زہرہ خریداری کے ذریعے خوشی لاتا ہے۔ لیکن فضول خرچی پر بھی راغب کرتا ہے اور ہاتھ میں خاصا کم روپیہ رہ جاتا ہے۔ لہٰذا اس دوران اخراجات پر قابو رکھیں۔ زہرہ ۲۳ جون کو بارہویں گھر میں ہوگا زہرہ و مشتری کی سعد نظران دنوں مالی لحاظ سے موافق حالات سے واسطہ پڑے گا۔ یہ وقت چندہ اکٹھا کرنے کی اسکیم بنانے' بانڈز یا اچھی قیمت پر کسی چیز کو فروخت کرنے کے لحاظ سے بھی سعد ثابت ہوں گی۔

زہرہ ۱۸ جولائی کو طالع میں داخل ہوگا۔ اس کے بعد محبت کے معاملات میں بہتری آنے لگے گی۔ ۷، ۹، ۱۹، ۲۴ جولائی اس لحاظ سے سعد تاریخیں ہوں گی۔ ان دنوں سوشل زندگی میں ہم خیال افراد کو لائے گا۔ مشکلات سے چھٹکارا پانے کے لئے لوگ آپ کی مدد اور مشورے کے خواہاں ہوں گے۔ رونما ہونے والے حالات کو آپ خود بھی سکون اور ٹھنڈے دل سے قبول کرنے لگیں گے۔ زہرہ ۷ جولائی کو یورنس سے ۲۴ کونپ چون سے سعد نظرات قائم کرے گا۔ یہ نظرات محبت کے معاملات کے لحاظ سے غیر متوقع حالات کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ زہرہ کی طالع میں موجودگی کے دوران شخصیت کو پُرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ لائے گا۔ ۱۳ جولائی کو خاص طور پر ایسا ہوگا کیونکہ اس دن زہرہ مریخ سے سعد نظر قائم کرے گا۔ یہ محبت اور مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ زائد نقد روپیہ ہاتھ میں رہے گا۔ اگر کوئی چیز اچھی قیمت پر بیچنا چاہ رہے ہیں تو اگست کے پہلے دو ہفتے مثبت اور فوری نتائج لائیں گے۔ زہرہ ۱۲۴ اکتوبر کو پانچویں گھر پر ہوگا۔ اس تاریخ کے قریب قریب مالی فائدے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

عطارد آٹھویں گھر میں ۲ تا ۲۸ فروری تک رجعت کی حالت میں ہوگا جس سے مسائل اور پریشانی آئے گی۔ اگر نئی ذمہ داریاں کو قبول کرنے کے متعلق سوچ رہے ہیں تو اس وقت محتاط رہیں۔ ۲۵ جنوری کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی سرمایہ کاری سے متعلق کوئی بھی نیا کام ہرگز نہ کریں۔ ۲۶ مارچ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی جس سے مشترکہ مالی معاملات کے متعلق خوش کن خبریں ملیں گی۔ سفر کے لئے تیار رہیں۔ کوئی اہم خط یا پیشکش ملے گی۔ اگر شادی شدہ ہیں تو اس وقت شریک زندگی کو مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ ستمبر کے پہلے ہفتے میں رونما ہونے والے حالات آپ کو فائدہ پہنچائیں گے اور کسی قریبی شخص کی خوش بختی کی وجہ سے مالی پریشانیاں دور ہوں گی۔

عطارد کو ۷ جون سے یکم جولائی تک رجعت بارہویں گھر میں ہوگی۔ اس دوران دوسروں کے جھگڑوں سے الگ تھلگ رہیں۔ نیز اگر کسی نجی یا اہم معاملے کے متعلق کوئی شک ہو تو اس پر غور کرنے میں وقت صرف کریں اور اگر ضرورت ہو تو ماہرانہ مشورہ حاصل کریں۔ کوئی بھی ایسی صورتحال جس کی وجہ سے پریشانی اور تناؤ کا سامنا رہا ہوگا۔ ۱۹ جولائی کے بعد خود بخود دور ہو جائے گی۔ نیز کسی چیز کے متعلق اگر لاعلم تھے تو وہ بھی اچانک کھل کر سامنے آ جائے گی۔ ۲۵ اکتوبر کے قریب قریب ملنے والی معلومات غیر متوقع انداز میں حیران کن ثابت ہوں گی اور خوشی لائے گی۔

ستارہ زحل گزشتہ ڈیڑھ سال سے پانچویں گھر میں ہے۔ جس کا تعلق تخلیقی سرگرمیوں اور محبت کے معاملات سے ہے۔ اس دوران بعض رکاوٹوں کی وجہ سے اپنے بنیادی مقاصد کو آگے نہ بڑھا سکے ہوں گے۔ یہ مایوس کن صورتحال کی وجہ زحل ۲ مارچ سے ۲۱ جولائی تک رجعت میں ہوگا۔ جولائی کے بعد رونما ہونے والے حالات دوبارہ آگے بڑھنے کی ترغیب دیں گے۔ آپ کے پانچویں گھر سے زحل ۲۳ دسمبر کو نکل جائے گا جس سے ماضی کی کوششوں کا اجر ملے گا۔ تخلیقی قوتوں اور صلاحیتوں کی نشوونما کے لحاظ سے حالات زیادہ موافق ہو جائیں گے۔ ۲۴ مئی کو مشتری زحل کی تثلیث ہوگی۔ دلچسپیاں صرف محض فاضل اوقات تک محدود نہیں رہیں گی بلکہ نئے خیالات اور سوچ سے انہیں پیشہ وارانہ بنیادوں پر استوار کر کے مالی فائدہ حاصل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کرنے لگیں گے۔

سال کے اختتام پر زیادہ تر توجہ دوسروں کے معاملات کی طرف رہے گی۔ ہم مزاج افراد سے متعارف ہونے، مباحثوں میں حصہ لینے یا مطالعے اور تعلیمی سرگرمیوں میں مددگار ثابت ہونے والی خاص معلومات کے حصول کے لئے یہ سال موافق رہے گا۔ اس وقت رونما ہونے والے حالات اور تبدیلیاں فائدہ پہنچائیں گی۔ نیز یہ وقت عملی مقاصد اور دلچسپیوں میں وسعت لائے گا۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

2014 کے امکانات



اسد

والوں کے لئے جن کی پیدائش ۲۴ جولائی سے ۲۳ اگست کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل م ہے

یہ سال اسدی افراد کے لئے خوش قسمت ثابت ہوگا۔ مشتری وسط جولائی میں طالع میں داخل ہو جائے گا اور سال کا باقی حصہ یہیں گزارے گا طالع میں مشتری کا داخلہ خوش بختی لاتا ہے۔ تاہم اس سعد وقت سے پوری طرح فائدہ اٹھانے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے سے ضروری منصوبہ بندی کرلیں۔ اپنی پوزیشن بہتر بنانے اور جاہ طلبی کے حصول کے لئے ذرائع اور طریقوں کی تلاش کے لئے ۶ مارچ کے بعد کا وقت موافق ثابت ہوگا۔ کواکب اس بات کی نشاندہی کر رہے ہیں کہ آپ جو بھی منصوبہ بندی کریں گے۔ اکتوبر کا شروع اور آخری ہفتہ سے وسط دسمبر تک کے دوران اس کی تکمیل ہو سکے گی۔

عطارد شروع سال سے چھٹے گھر میں ہوگا ۱۲ تاریخ کو ساتویں گھر میں آجائے گا۔ عطارد صحت اور ملازمت کے امور سے متعلقہ گھر میں شروع سال سے ہوگا۔ کام کی حالات بہتر بنانے کے لئے سال کے پہلے دو ماہ میں بھرپور کوشش کریں۔ اس وقت مثبت نتائج حاصل کئے جاسکیں گے۔ اس وقت خط و کتابت، تحریرات، ملاقاتیں اور سفر میں بہتری نظر آئے گی۔ اگر ملازمت کے درخواست دی ہے یا دینے والے ہیں تو حالات بہتری لائیں گے۔

عطارد ۱۴ فروری سے ۱۴ مارچ تک طالع کے مقابل رہے گا۔ اسے یہاں ۷ سے ۲۸ فروری تک رجعت رہے گی۔ دوسروں کی وجہ سے زیادہ کام اور ذمہ داریوں سے واسطہ پڑے گا۔ جس کی وجہ سے ذاتی منصوبوں اور دلچسپیوں کو عارضی طور پر پس پشت ڈالنا پڑے گا۔ ۳، ۲۵ جنوری اور ۱۶، ۱۹ فروری کو کواکب غیر موافق نظرات قائم کریں گے چنانچہ ان دنوں آپ بے صبری یا جلد بازی کریں گے۔ ان دنوں حادثات کا اندیشہ بھی ہے۔

عطارد ۲۹ اپریل سے ۲۳ جون تک وتد السمار پر ہے گا یہاں اسے ۷ جون سے یکم جولائی تک رجعت رہے گی۔ اس وقت ہر چیز کو منظم رکھنے کے لئے زائد کوششیں کرنی پڑیں گی اگر آپ کا ذاتی کاروبار ہے یا کسی ذمہ دار عہدے پر فائز ہیں۔ اگر آپ نے بنیادی ضروریات کی طرف توجہ دی اور دوسروں کو اپنی فیاضی فطرت سے فائدہ اٹھانے کا موقع نہیں دیا تو اس وقت پیچیدہ قسم کے مسائل سے بچ سکیں گے۔ اگر آپ کا کام جسمانی نوعیت کا ہے یا مشینری سے تعلق رکھتا ہے تو خاص طور پر محتاط رہیں اور جلد بازی میں کوئی کام ہرگز نہ کریں۔

شروع سال میں اگر موجودہ ملازمت، کاروبار اور کیریئر سے متعلق مشکلات کا سامنا ہوا تو حالات بہتر بنانے کے لئے جو بھی کوشش کریں گے وہ کامیاب رہیں گی۔ مواقع عین اس وقت میسر آئیں گے جب آپ کو ان کی بالکل کوئی توقع نہیں ہوگی۔ یہ در پردہ مدد مشتری کی طرف سے ہوگی۔ جو بارہویں گھر میں شروع سال سے وسط جولائی تک یہ صورتحال برقرار رکھے گی۔ ۲۴ مئی کو مشتری زحل سے تثلیث بنائے گا اس وقت تک مشتری ایک رہنما کا سا کردار ادا کرے گا۔ پس پردہ حالات جو شکل اختیار کریں گے کے آپ پر دوررس اور مفید اثرات مرتب ہوں گے۔ شاید کسی ایسے شخص سے ملاقات ہوگی جو آپ کو اپنی صلاحیتوں کو زیادہ

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

بہتر طور پر استعمال کرنے کے لئے نئے خیالات اور مشورے دے گا۔ مشتری کی بارہویں گھر میں موجودگی اس بات کی نشاندہی بھی کر رہی ہے کہ اکثر اسدی افراد کو اپنی کچھ مخفی صلاحیتوں کا پتہ چلے گا جو ان کے طرز زندگی مقاصد اور جاہ طلبیوں پر گہرا اثر ڈالیں گی۔ قدیم و پُر اسرار علوم، روحانیت، شفا بخشی کی صلاحیتوں کی نشوونما، یوگا یا مراقبے وغیرہ کی طرف توجہ دینے کے لحاظ سے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

شروع سال سے وسط جولائی تک مشتری خاص طور پر ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو دیکھ بھال کرنے والے پیشوں سے منسلک ہیں یا کسی خیراتی اور فلاحی تحریک کی کامیابی کے خواہاں ہیں۔ صحت کے نقطہ نگاہ سے فروری کے آخر سے مشتری صحت یابی کی زبردست قوت عطا کرے گا وہ افراد جو خاصے لمبے عرصے سے بیماری کا شکار ہیں آنے والے مہینوں میں ان کی صحت یابی کی رفتار تسلی بخش ہو جائے گی یا اگر کسی رشتہ دار یا دوست کی صحت کی طرف سے فکرمند ہیں۔ تو بہت جلد اس کی حالت میں نمایاں بہتری دیکھیں گے۔ سرمایہ کاری کے لیے یکم اور ۲۶ مارچ، ۱۸، ۳۰ اپریل، ۶، ۲۴ مئی، ۱۸ جون کو سعد نظر قائم ہوگی۔

۱۷ جولائی کو مشتری طالع میں داخل ہو جائے گا اور ایک سال تک یہاں رہے گا۔ مشتری کی طالع میں موجودگی خوش بختی لاتی ہے۔ سوچ اور ذہن کو وسعت ملتی ہے اور جو کچھ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے حصول کے لئے زائد مواقع اور ترغیب ملتی ہے۔ مشتری طالع میں ہو تو گھر کے افراد میں اضافہ لاتا ہے۔ شادی یا بچہ کی پیدائش سے نئے افراد گھر میں داخل ہوتے ہیں۔ کسی پالتو جانور کی آمد بھی ہو سکتی ہے۔ آرٹ، ادب، سرکاری ملازمت یا مذہب سے متعلقہ شعبوں میں کام کرنے والوں کے لئے ترقی لاتا ہے۔

اسدی افراد فطرتاً خود اعتماد اور دوسروں پر سبقت لے جانے والے ہوتے ہیں۔ مشتری کی طالع میں موجودگی کے دوران ان کی یہ خصوصیات نمایاں ہو جائیں گی اور وہ زیادہ باقوت اثر مرتب کر سکیں گے۔ درحقیقت وسط جولائی کے بعد کا وقت کئی لحاظ سے خوش قسمت ہوگا۔ ماضی کی کوششوں کا اجر ملے گا مالی اور سماجی مرتبے میں اضافہ ہوگا۔ زندگی میں خوش امیدی کا احساس پیدا ہوگا۔ اپنی دلچسپیوں اور سرگرمیوں کو وسعت دینے، ان میں تبدیلی لانے اور کوئی بالکل نیا کام کرنے کا موقع بھی ملے گا۔ وہ اسدی افراد جو کاروبار شروع کرنا یا موجودہ کاروبار کو ترقی دینا یا کسی جاہ طلبی کا حصول چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت حوصلہ افزا حالات لائے گا۔ اس وقت جن نئے لوگوں سے واقفیت ہوگی وہ بے حد خوش قسمت اور مددآور ثابت ہوں گے یا پھر آپ خود ایسی پوزیشن میں ہوں گے کہ دوسروں کی مدد کر سکیں۔ جو حالات بھی ہوں اس میں کوئی شک نہیں کہ مشتری آپ کی فطری فیاضی میں مزید اضافہ کر دیگا۔ مشتری ۳، ۱۸ اگست، ۱۰، ۲۵ ستمبر، ۱۱، ۱۴ اکتوبر، یکم نومبر اور ۵، ۱۲، ۱۴ دسمبر کو سعد نظر قائم ہوگی۔

تاہم مشتری کے منفی پہلو کو بھی ذہن میں رکھیں۔ اسدی افراد حاکمانہ فطرت کا اظہار کرتے ہیں اور مشتری کی طالع میں موجودگی کے دوران اندیشہ ہے کہ وہ ہر قیمت پر ہر چیز پر کنٹرول حاصل کرنا چاہیں گے یعنی ان کی حاکمانہ فطرت مزید نمایاں ہو جائے گی۔ لیکن یہ بات ذہن میں رہے کہ اس وقت اس قسم کا رویہ نقصان دہ ثابت ہوگا۔ نیز ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی اور تفصیلات کو نظر انداز کرنا بھی نقصان دے گا۔ اس وقت دوسروں کے احساسات کا خیال کریں۔ حکمت عملی سے کام لیں اور دوسروں سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش نہ کریں۔

سال کے وسط کے تین مہینوں میں کواکب حالات میں تنوع اور سرگرمی کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ بعض افراد سے خاصے لمبے عرصے بعد ملاقات ہو سکے گی۔ اس وقت جو خطوط اور پیغامات موصول ہوں گے وہ آپ کے حوصلے بلند کر دیں گے یہ بھی امکان ہے کہ کوئی رشتہ دار یا دوست کسی خوشگوار تقریب کا اہتمام کرے گا۔ ۲ اگست کو مریخ مشتری کی تربیع اور ۲۶ اگست کو مریخ زحل کا قران ہوگا۔ یہ ماہ گھریلو اختلافات اور جھگڑے کے باعث سخت تکلیف دہ ثابت ہوگا۔ جائیداد، کاروبار اور مالی معاملات سے متعلقہ کئی امور کھل جائیں گے۔

وہ اسدی افراد جو شادی کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے وسط اپریل، آخر جون سے آخر اگست، آخر ستمبر سے اکتوبر کا تیسرا

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

ہفتہ اور پھر دسمبر کا پہلا ہفتہ تک کا وقت خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوگا ان اوقات کے علاوہ مارچ کے مہینے میں ذاتی اور قریبی تعلقات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوں گے۔ تاہم جنوری میں جو تعلقات قائم ہوں گے۔ وہ دیرپا ثابت نہیں ہوں گے۔ اس کے علاوہ ۳ اور ۳۰ مارچ اور اپریل کا تیسرا ہفتہ بھی قریبی تعلقات کے لحاظ سے غیر موافق ثابت ہوگا۔

یکم مارچ اور ۱۴ دسمبر کو شمس اور مشتری کی تثلیث ہوگی۔ جس سے پیشہ وارانہ معاملات میں خوشگوار حالات اور غیر متوقع مالی خوش بختی کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت اس قابل ہوں گے کہ اپنے منصوبوں کی از سر نو تعمیر کر سکیں۔ اس طرح سال کا اختتام آپ کے معاملات میں سرگرمی اور وسعت کی نشاندہی کر رہا ہے۔ جولائی میں گھریلو معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ وہ اسدی افراد جو گھر بدلنا چاہ رہے ہیں اس ماہ ان کی خواہش پوری ہو جائے گی۔ اس بات کی نشاندہی بھی ہو رہی ہے کہ گھر کا کوئی فرد خاصے لمبے عرصے کی جدائی یا غیر حاضری کے بعد گھر آئے گا۔

مریخ شروع سال سے زائچے کے تیسرے گھر میں چھ ماہ کا طویل عرصہ گزارے گا اس عرصہ میں مریخ کو یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت و استقامت ہوگی جس سے آپ کی زیادہ تر توجہ گھریلو معاملات کی طرف رہے گی۔ اپریل اور مئی میں زیادہ مہمانداری کی وجہ سے مصروفیت رہے گی۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو اس وقت بچوں میں زیادہ دلچسپی لیں گے۔ جون میں خاندانی حلقے میں کسی خوشگوار بات کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ ۶ اور ۱۱ تاریخ کے قریب قریب خاص طور پر ایسا ہونے کا امکان ہے۔ خاندان والوں اور ملنے جلنے والوں کی دعوت کے لئے سارا ماہ موافق ثابت ہوگا۔ ۱۰، ۱۱ مئی، ۱۳، ۱۴ جون اور ۲۵ جولائی کو سفر نہ کریں نیز ان تاریخوں میں جلدی میں کوئی کام کرنا پڑے تو بھی محتاط رہیں۔ ان دنوں مریخ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ ان تاریخوں میں یا ان کے قریب قریب حادثات پیش آنے یا زخم لگنے کا خطرہ ہے۔

۲۶ جولائی سے ۱۴ ستمبر تک مریخ چوتھے گھر میں ہوگا۔ گزشتہ مہینوں میں اگر جائیداد کے لین دین میں التوا اور مسائل کا سامنا رہا ہے تو ایسی رکاوٹیں اب جلد دور ہو جائیں گی۔ تاہم ۱۹ سے ۲۲ اگست تک کا وقت تکرار اور جھگڑا لا سکتا ہے۔ ۲۶ اگست کو مریخ زحل کا قران ہوگا اس لئے محتاط رہیں۔

۱۴ ستمبر سے ۲۶ اکتوبر تک مریخ پانچویں گھر میں رہے گا اور طالع کے ساتھ تثلیث بنائے گا اور آپ کی تخلیقی دلچسپیوں اور سرگرمیوں پر دباؤ ڈالے گا۔ اپنے اندر خاص صلاحیتیں پیدا کرنے اور انہیں بہتر بنانے، اظہار خیال کے میدان کو وسعت دینے اور اپنے خیالات اور اقدامات میں زیادہ مہم جوئی اختیار کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ سال کے آخر میں کوئی مشغلہ یا فاضل وقت کا کوئی کام آرٹسٹک یا تخلیقی دلچسپی نفع بخش ثابت ہوگی۔ اس وقت کچھ دوست یا ملنے جلنے والے ایسی دلچسپیوں کو وسعت دینے یا ان میں تبدیلی لانے کے سلسلے میں آپ کی خاص مدد کریں گے۔

زہرہ شروع سال سے طالع کے مقابل ۵ مارچ تک رہے گا۔ اسے یہاں شروع سال سے ۳۰ جنوری تک رجعت رہے گی۔ شریک حیات اور رشتہ داروں کے ساتھ گھریلو معاملے انجانے میں شدت اختیار کر جائیں گے۔ نئے تعلقات میں رقابت پیدا ہوگی۔ کسی کا ساتھ دوسروں کو تلخ بنا دے گا۔ ۲۳ جون کو وتد السماء پر ہوگا۔ زہرہ نپ چون سے تسدیس پلوٹو سے تثلیث اور مشتری سے تسدیس بنائے گا چنانچہ اس ماہ آگے بڑھنا خاصا آسان ہوگا۔ تاہم اس وقت جانے پہچانے راستوں پر چلنا ہی ترقی اور کامیابی لائے گا۔ یہ وقت مالی لحاظ سے بھی آسانی پیدا کرے گا۔


زہرہ ۱۲ اگست سے ۵ ستمبر تک طالع میں رہے گا۔ یہ وقت سوشل زندگی اور سفر و تفریح کے زائد مواقع لائے گا۔ زہرہ ۱۸ اگست کو مشتری سے قران کرے گا۔ جس سے حالات کو تقویت ملے گی۔ نیز یہ نظر مادی خوش بختی کے ساتھ یہ احساس پیدا کرے گا کہ جاہ طلبیوں اور مقاصد کے لحاظ سے صحیح سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ زہرہ محبت کے معاملات کو اہم بنا دے گا۔ ان معاملات کے لحاظ سے ۲۰ اکتوبر زہرہ مریخ کی تسدیس اہمیت کی حامل ہوگی۔ ان دنوں غیر معمولی یا غیر متوقع واقعات پیش آئیں جس کے نتیجے میں زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوگا۔ روپیہ کمانے کے جو اسباب بنیں اس سے فائدہ اٹھائیں۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

2014 کے امکانات







والوں کے لئے جن کی
پیدائش اگست ۲۴ سے ۲۳
ستمبر کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل پ۔ غ ہے

سنبلہ والوں کے لئے یہ سال بنیادی طور پر خوش قسمت ثابت ہوگا اپنی زندگی کو بہتر بنا سکیں گے لیکن شرط یہ ہے کہ خود آپ کو ثابت قدمی سے کام لینا ہوگا۔ سال کا آغاز غیر موافق انداز میں ہوگا۔ یکم جنوری سے ۶ مارچ کے دوران کئی رکاوٹوں اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا اس وقت کفایت شعاری اور حکمت عملی سے کام لینا ہوگا۔ کسی قسم کا نیا قرضہ بالکل نہ لیں۔ ۱، ۳، ۶، ۹، ۱۶، ۲۵ جنوری، ۱۲، ۱۹، ۲۶ فروری کو دھوکے و فریب کا اندیشہ ہے۔ اس لئے محتاط رہیں۔

مریخ شروع سال سے خانہ مال میں چھ ماہ کا طویل عرصہ گزارے گا اس عرصہ میں مریخ کو یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت و استقامت ہوگی۔ تاہم زائد قوت و طاقت بھی ہوگی۔ اس لئے اس وقت رکاوٹوں پر قابو پانے کے معاملے میں بہت مستقل مزاجی سے کام لیں گے۔ اگر موجودہ کام کے حالات سے غیر مطمئن ہیں تو زیادہ بہتر کام کو تلاش کرتے ہوئے نہ ڈریں۔ اس وقت ذاتی کوششیں کر کے ملازمت اور آمدنی کے معاملات میں مرضی کے مطابق تبدیلیاں لا سکیں گے۔ شروع اپریل سے وسط جولائی کے دوران مستقبل سے متعلق زیادہ حقیقت پسندی سے کام لیں گے اور عملی رویہ اختیار کریں گے۔

مشتری وسط جولائی تک دوستی، امیدوں اور خواہشات کے گھر میں رہے گا اور طالع کے ساتھ تسدیس کی نظر رکھے گا چنانچہ آپ کی زیادہ تر توجہ مستقبل کی طرف رہے گی یہ ستارہ وسعت لاتا ہے چنانچہ مستقبل سے متعلق توقعات بہت بلند رہیں گی۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپ کے مالی حالات یا جائیداد کے معاملات میں بہتری آئے گی جس کی وجہ سے خوش امیدی پیدا ہوگی۔

اس سال آپ کے بنیادی مقاصد خواہ کچھ ہوں۔ دوستوں اور ملنے جلنے والوں کے تعاون، مدد اور خیر خواہی پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔ بااختیار اور با اثر افراد سے تعلقات قائم کرنے اور معاملات طے کرنے میں کامیابی حاصل ہوگی۔ مشتری چونکہ دوستی کے معاملات سے متعلقہ گھر میں باقوت ہوگا لہٰذا بہت سے نئے اور اہم تعلقات قائم ہوں گے۔ کاموں اور امیدوں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ اگر سیاست، سماجی اصلاحات اور فلاحی کاموں میں دلچسپی ہے تو جنوری سے جولائی کے آخر تک کا وقت مثبت نوعیت کی کامیابی لائے گا اس وقت مشتری چونکہ برج سرطان میں ہوگا اس لئے وہ لوگ جو تعمیراتی اسکیموں، خاص طور پر مکانوں کی حالت بہتر بنانے یا خریداری سے متعلق اسکیموں میں ملوث ہیں۔ انہیں مشتری کی موافقت خاص طور پر حاصل رہے گی۔

تاہم مشتری شروع جنوری، فروری کا آخری ہفتہ، اپریل کا تیسرا ہفتہ اور خاص طور پر شروع مئی کے پہلے سات دنوں میں غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں اپنے خیالات اور طور طریقوں پر نظر ثانی اور تبدیلی کرنی پڑے گی وہ لوگ جو مشترکہ منصوبوں اور سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں خاص طور پر ایسا کرنا پڑے گا۔ دراصل اس وقت نئی اسکیموں، نئے خیالات یا یکطرفہ اور انتہا پسندانہ خیالات سے محتاط رہیں اور جو لوگ انتہا پسند خیالات رکھتے ہیں ان سے اور متنازعہ معاملات سے بالکل الگ رہیں کیونکہ آپ کی مداخلت کے بغیر بھی یہ معاملات اختلاف اور جھگڑوں کا سبب بن جائیں گے۔ وسط جون میں کسی

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

دوست سے جھگڑے کا اندیشہ ہے اس کی وجہ سے کسی ایسے کلب کی پالیسیاں ہوں گی جس کے آپ رکن ہیں۔ چنانچہ اس وقت بہت محتاط رہیں۔ مشتری ۱۷ جولائی کو بارہویں گھر میں آجائے گا۔ جہاں وہ ایک سال تک رہے گا۔ یہاں اس کا اثر تحفظ دینے والا ہوگا۔ کیونکہ یہ مخفی ذرائع پر دباؤ ڈالے گا جس سے زندگی میں مدد آور صورت حال پیدا ہوگی۔ تخلیقی کاموں، مطالعہ، غور وفکر، مخفی علوم میں دلچسپی پیدا کرے گا اور صحت کو بہتر بنائے گا۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اگست سنبلہ والوں کے معاملات کے لحاظ سے بے حد اہم ثابت ہوگا۔ اس وقت عطارد طالع میں ہوگا اور مریخ، یورنس اور نپچون سے تسدیس وتثلیث بنائے گا۔ زحل تیسرے گھر میں اور یورنس آٹھویں گھر میں ہیں۔ جو محبت کے معاملات، تخلیقی سرگرمیوں، بچوں کے معاملات، انعامی اسکیموں اور زائد آمدن سے متعلق ہے چنانچہ اس وقت کچھ خاص دلچسپیوں کو آگے بڑھانے کا موقع ملے گا اور کسی سلسلے یا معاملے میں طویل التواء کا بالآخر خاتمہ ہوجائیگا۔ اس وقت کواکب چونکہ تخلیقی سرگرمیوں اور دلچسپیوں پر باقوت دباؤ ڈالیں گے۔ چنانچہ وہ سنبلہ والے افراد جو کسی آرٹسٹک سرگرمی میں نام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت خوش بختی لائے گا۔ شاید کوئی مقصد توقع سے جلد پورا ہوجائے گا۔ وہ افراد جو دستکاری، گھریلو صنعتوں، چھوٹے پیمانے پر کاشتکاری کے منصوبوں یا بنی نوع انسان اور قدرتی دنیا کے درمیان موجودہ خلا کو پُر کرنے والی کسی تحریک میں دلچسپی رکھتے ہیں ان کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ نیز اہم افراد سے رابطہ قائم کرنے، اپنے خیالات دوسروں تک پہنچانے اور مباحثوں میں حصہ لینے کے لئے بھی وقت موافق ثابت ہوگا۔

جہاں تک محبت کے معاملات کا تعلق ہے۔ سال کے پہلے دو مہینے غیر معمولی لیکن مشکل ثابت ہوں گے زہرہ کو شروع سال سے ۳۰ جنوری تک رجعت رہے گی اس دوران یہ پانچویں گھر میں ہوگا جہاں عطارد پہلے سے موجود ہوگا۔ اس وقت معاملات کو زبردستی آگے بڑھانا بے سود ہوگا۔ چنانچہ حالات پر نظر رکھیں ۱۶ جنوری اور ۳ مارچ کو بھی خاصا نازک وقت ہوگا۔ کیونکہ زہرہ مریخ کی تربیع ہوگی جو ایک غیر موافق نظر قائم ہوگی۔ چنانچہ ایسے تعلقات جو خاتمے کے نزدیک ہیں ان کے متعلق کسی خوش فہمی کا شکار نہ ہوں۔ اکثر سنبلہ والوں کے لئے یہ ایسا وقت ہوگا جب انہیں ایسے تعلقات کو ختم کردینا چاہئے جہاں بہتری کی امید نہ رہی ہو۔ اگرچہ وسط مارچ کے بعد حالات بہتر ہونے لگیں گے۔ لیکن حقیقتاً اپریل کے پہلے ہفتے کے بعد ہی کا وقت محبت کے معاملات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ ۶ اپریل سے ۳ مئی تک زہرہ موزوں افراد کو زندگی میں لائے گا اور ہر سطح پر تعلقات میں ہم آہنگی پیدا ہوگی۔

تاہم ۱۲، ۱۸، ۲۵ اپریل ذاتی تعلقات کے قیام کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگی ان تاریخوں میں یا ان کے قریب قریب جو نئے تعلقات قائم ہوں گے۔ وہ وقت کی آزمائش پر پورے اتریں گے وہ افراد جن کی منگنی یا شادی ہونے والی ہے ان کے لئے اپریل سعد ثابت ہوگا اس کے علاوہ وسط مئی، ۲۳ جون سے ۱۸ جولائی، ۱۲ اگست سے ۵ ستمبر اور دسمبر کا پہلا ہفتہ محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوں گے۔ ان دنوں جو نئے تعلقات قائم ہوں گے وہ سطحی یا مصنوعی نہیں ہوں گے۔

اگست اور اکتوبر کا آخر انٹیلیکچوئل سرگرمیوں پر دباؤ ڈالیں گے۔ وہ افراد جو مطالعے اور تعلیمی سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت ترقی لائے گا۔ سنبلہ والے عموماً شفا بخشی کے متبادل طریقوں میں دلچسپی لیتے ہیں۔ چنانچہ وہ افراد جن کا رجحان اس طرف ہے ان کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اس کے علاوہ پراسرار اور روحانی علوم سیکھنے کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

زحل تیسرے گھر میں موجود ہوگا۔ زحل کو اس گھر میں ۲ مارچ سے ۲۱ جولائی تک رجعت واستقامت رہے گی اور مریخ ۲۶ جولائی کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ اس گھر کا تعلق سفر، رشتہ داروں کے معاملات، مشاغل اور دلچسپیوں سے ہے۔ تیسرے گھر میں موجودگی کے دوران یہ کواکب ذہنی سرگرمیوں پر دباؤ ڈالیں گے۔ ذہنی سرگرمیوں پر اتنا دباؤ پڑے گا کہ سنبلی افراد اپنے کچھ طور طریقوں کو بدل ڈالیں گے اور ایسی نئی دلچسپیاں اختیار کریں گے جو آنے والے سالوں میں مزید اہمیت اختیار کرجائیں گی ایسا اس وقت ہوگا جب مریخ وزحل کا قران ہوگا۔ وہ افراد جو قدیم وپراسرار علوم، روحانیت، نفسیات اور باطنی ترقی کی کوششوں میں

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

دلچسپی لیتے ہیں ان کے لئے یہ سال خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔ اگر حالیہ سالوں میں آپ ان موضوعات اور معاملات میں محض سطحی طور پر اور صرف تحقیقاتی سطح تک ہی ملوث رہے ہیں۔ تو اس بات کا امکان ہے کہ اب آپ کا رویہ زیادہ سنجیدہ ہو جائے گا اور کسی خاص مضمون یا مضامین کا زیادہ گہرائی تک مطالعہ کرنے لگیں گے۔ آنے والے مہینوں میں یہ دلچسپی اس قدر بڑھ جائے گی کہ لوگ آپ کو عجیب و غریب انسان سمجھنے لگیں گے۔ تاہم آپ کو دوسروں کی پرواہ نہیں کرنی چاہئے۔ کیونکہ یہ ایسا وقت ہے جب باطنی علوم کی گہرائی میں جا کر بصیرت اور فہم حاصل کر سکیں گے۔

عطارد ۱۲ جنوری سے چھٹے گھر میں ہوگا اور ۷ تا ۲۸ فروری تک رجعت میں رہے گا۔ ۲۵ جنوری کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی اس دوران لوگوں کا تعاون حاصل نہ ہو سکے گا۔ کام کے معمولات میں تبدیلی لانی پڑے گی۔ صرف فوری توجہ کے حامل کاموں پر توجہ دیں۔ ۲۶ مارچ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی اگر کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو اس وقت معمولی نوعیت کی رکاوٹوں یا مایوسیوں سے پریشان نہ ہوں کیونکہ لوگ آپ سے بھرپور تعاون کریں گے۔ شراکت داری کے لیے موزوں مواقع ضرور میسر آئیں گے اور کوششوں کا اجر ملے گا۔ عطارد ۲۳ جون کو مدالسماء پر ہوگا اور ۷ جون سے یکم جولائی تک رجعت میں رہے گا۔ ۱۹ جولائی کو نپ چون سے تثلیث، ۲۵ کو زحل سے تثلیث کی سعد نظر قائم کرے گا۔ ان تاریخوں کے قریب قریب ملنے والی خبریں موجود کیریئر یا پیشہ وارانہ معاملات سے متعلق آپ کی حوصلہ افزائی کریں گی۔ ان خبروں کے نتیجے میں نئے کام شروع کر سکیں گے۔ جسے اس سال کے آغاز سے ہی شروع کرنے کے خواہاں رہے ہوں گے۔ عطارد ۱۳ اگست کو مشتری سے قران کرے گا۔

عطارد ۵ ستمبر کو طالع میں اور ۳۰ ستمبر کو خانہ مال میں ہوگا۔ لہٰذا روپیہ کمانے کا کوئی بھی ذریعہ نفع بخش ثابت ہوگا اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے نئے راستوں کی تلاش کے لحاظ سے بھی یہ موافق ثابت ہوگا۔ ۱۰، ۲۱ ستمبر خاص طور پر سعد تاریخیں ہوں گی۔ عطارد ۱۲، ۲۴ اکتوبر کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ یہ وقت مالی اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے از سر نو سوچ کا متقاضی ہوگا۔ کسی بھی نئے کام کو اس کے تمام پہلوؤں پر غور کئے بغیر آگے بڑھانا ٹھیک نہیں ہوگا۔ مالی اور کاروباری معاملات کے لحاظ سے ۲۰ اور ۲۶ اکتوبر کو خاص طور پر محتاط رہیں۔

مریخ خانہ مال میں غیر معمولی طویل قیام کے بعد ۲۶ جولائی کو نکل جائے گا۔ یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت و استقامت رہے گی۔ یہ وقت زائد روپیہ لائے گا۔ لیکن اخراجات بھی ہوں گے۔ کیونکہ مریخ روپے پیسے کے معاملے میں فضول خرچ اور لاپرواہ بنا سکتا ہے۔ اس رجحان پر قابو پانے کی ضرورت ہوگی۔ ۳، ۹، ۱۶، جنوری، ۳، مارچ، ۹، ۲۰، ۲۱، ۲۳ اپریل، ۱۱ مئی اور ۱۴ جون کو خاص طور پر محتاط رہیں۔ فوری امیر بنانے والی اسکیموں سے دور رہیں۔ دوسروں کی باتوں میں نہ آئیں ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔

مریخ تیسرے گھر میں داخل ہونے کے بعد ۲۶ اگست کو زحل سے قران کرے گا۔ گھر میں بھاری اخراجات سے واسطہ پڑے گا۔ مگر طویل عرصے سے موجود کوئی مسئلہ حل ہو جائے گا۔ تاہم یہ ذہن میں رہے کہ ۱۵ اگست کی نظر آپ کو باآسانی لاپرواہ، فضول خرچ اور ضرورت سے زیادہ پُرجوش بنا سکتی ہے۔ بہتر ہوگا کہ شیخ چلی کی طرح منصوبے نہ بنائیں اور نہ دوسروں کی باتوں میں آئیں۔ وہ افراد جن کا ذاتی کاروبار ہے یا جو ذاتی کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں۔ انہیں نومبر میں نئے امکانات کا جائزہ لینا چاہئے۔ تاہم خطرات مول لینے اور بہت بلند توقعات قائم کرنے کے بجائے آہستہ روی سے آگے بڑھنا بہتر رہے گا۔ ۱۱ نومبر کو پلوٹو سے قران اور ۱۳ نومبر کو یورنس سے تربیع ہوگی کیونکہ ایک بار پھر وہی حالات پیش آئیں گے جن کا سامنا جون میں ہوا تھا۔ ان کا تعلق خواہ جائیداد کے کسی معاملے سے ہو یا کوئی ذاتی معاملہ ہو۔ حالات آپ کی موافقت میں ہوں گے۔ زندگی میں مقصدیت کا احساس ہوگا اور ایک واضح سمت کا تعین کر سکیں گے۔ اس وقت بعض تبدیلیاں مکمل طور پر آ جائیں گی۔ جن کے نتیجے میں زندگی کو ٹھوس بنیاد ملے گی۔ دسمبر میں مالی معاملات میں استحکام رہے گا۔ تاہم اخراجات پر قابو رکھنے کی ضرورت ہوگی۔

۲۰۱۴ء بنیادی طور پر خوش قسمت سال ہوگا جو ماضی کی کوششوں کا اجر لائے گا۔ آپ اس قابل ہوں گے کہ اپنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں استعمال کر سکیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ بارسوخ دوستوں کی موافقت حاصل رہے گی۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

میزان

2014 کے امکانات



والوں کے لئے جن کی
پیدائش ستمبر ۲۴ سے ۲۳
اکتوبر کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ر۔ ت ۔ ط ہے

۲۰۱۴ء میں گھر خاندان اور جذباتی تعلقات اہمیت اختیار کر جائیں گے تناؤ اور تبدیلیوں کی وجہ سے بعض اوقات غیر محفوظ ہونے کا احساس شدید ہو جائے گا۔ تاہم حقیقی اور اصل شخصیت کو پہنچاننے کا موقع ملے گا۔

گھر اور خاندانی امور میں شروع سال اور پھر سال کے آخر میں اہم تبدیلیاں آئیں گی۔ تو فروری کے وسط میں کچھ نہ کچھ اشارہ مل جائے گا۔ ایسا بھی ممکن ہے کہ خارجی واقعات اور حالات کیوجہ سے زندگی کے کچھ پہلوؤں میں مجبوراً تبدیلی لانی پڑے۔ شاید ماضی سے تعلق توڑ کر بالکل نیا آغاز کرنا پڑے۔ میزانی افراد خاصے عرصے سے گھر کے ماحول سے متعلق اپنے آپ کو غیر مطمئن محسوس کر رہے ہوں گے۔ شاید کوئی ایسا مسئلہ درپیش ہوگا۔ جس کی وجہ سے صورتِ حال میں تبدیلی نہیں لا سکے ہوں گے۔ اگر چہ زندگی کے اس پہلو میں عدم استحکام پیدا کرنے والا عنصر بدستور موجود رہے گا۔ تاہم اسے دور ہونے میں اب زیادہ عرصہ نہیں لگے چنانچہ اگر اپنے خول سے باہر نکل کر طرزِ زندگی میں مرضی کے مطابق اور مثبت تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں تو یہ سال موافق ثابت ہوگا۔

مشتری وسط جولائی تک عزت و وقار کے گھر میں ہوگا۔ یہاں موجودگی کے دوران سرکاری اور مقتدر لوگوں میں عزت اور ترقی لائے گا۔ دینوی مرتبے اور حیثیت میں اضافہ کرنے اور ترقی کے امکانات میں اضافہ کرنے کے لئے جو کوششیں بھی کریں گے کامیاب رہیں گی۔ مدد آور اثرات کی وجہ سے آگے بڑھنے کا راستہ خاصا ہموار پائیں گے۔ وہ میزانی افراد جو ذاتی کاروبار شروع کرنا چاہ رہے ہیں ان کے لئے یہ وقت کامیابی اور ترقی لائے گا۔ تاہم شروع جنوری، ۲۶ فروری، اپریل کا تیسرا ہفتہ، ۱۸ مئی، ۲۵ جولائی کو شمس مشتری کا قران ہوگا۔ جب ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی کا شکار ہوں گے۔ تفصیلات کو نظر انداز کریں گے یا دوسروں کے مشورے کو اہمیت نہیں دیں گے اور اگر قانونی اور آفیشل معاملات طے کرنے ہیں تو خاص طور پر محتاط رہیں۔ جائیداد اور اثاثوں کی حفاظت کریں ان دنوں دھوکے و فریب کا اندیشہ ہے۔ تاہم ایسی مشکلات سے قطع نظر آپ کے مقاصد جو بھی ہیں۔ مشتری آپ کی موافقت میں ہوگا آپ کے معاملات میں وسعت لائے گا ماضی کی کوششوں کا اجر ملے گا اور ترقی کے مواقع بآسانی میسر آئیں گے۔

وہ میزانی افراد جو کیریئر یا کسی تعلیمی کورس کے متعلق تذبذب کا شکار ہیں اب اپنے آپ کو زیادہ پر اعتماد محسوس کرنے لگیں گے۔ ان کے لئے یہ فیصلہ کرنا آسان ہو جائیگا کہ کس سمت میں آگے بڑھنا چاہیئے۔ دراصل مارچ کے آخر میں یا پھر اپریل کے آخر میں کوئی موقع میسر آئے گا۔ جس کی وجہ سے ان کے لئے یہ فیصلہ کرنا ممکن ہو سکے گا۔ ۲۶ مارچ اور ۳۰ اپریل کو عطارد اور مشتری میں سعد نظر قائم ہوگی اس کے علاوہ مشتری ۳ اگست، ۱۰ ستمبر، ۱۲ اکتوبر اور ۱۲ دسمبر کو بھی سعد اور باقوت نظرات قائم کرے گا۔ یہ تاریخیں طلبی اور اہم مقاصد کو آگے بڑھانے کے لئے موافق ثابت ہوں گی ان تاریخوں میں خوش قسمت مواقع میسر آئیں گے اور بااثر افراد موافقت میں ہوں گے۔ چنانچہ ان تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں اور اہم مقاصد کے حصول کے لئے بھرپور کوشش کریں۔ اس

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

وقت تمام تجارتی سرگرمیاں، چندہ اکٹھا کرنے والی اسکیمیں اور کاروباری لین دین نفع بخش ثابت ہوگا۔

۱۷ جولائی کو مشتری دوستی، امیدوں اور خواہشات کے گھر میں آجائے گا اور ایک سال تک یہاں رہے گا۔ آپ کی عمر اور حالات خواہ کچھ ہوں۔ نئے اور پرانے دوست آپ کے معاملات میں مدد آور اور مفید کردار ادا کریں گے اور اہم مقاصد کے حصول میں مدد دیں گے۔ دراصل اس وقت دوستی کے معاملات آپ کی زندگی میں خوش قسمت کردار ادا کریں گے۔ سوشل زندگی بھی خاصی سرگرم ہوجائے گی۔

مشتری کا تعلق چونکہ ذہنی سرگرمیوں سے بھی ہے۔ اس لئے یکساں دلچسپیاں رکھنے والے افراد سے رابطہ قائم کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ تعلیمی سرگرمیوں میں ملوث افراد اس وقت ایسے لوگوں سے متعارف ہوسکیں گے یا ایسے لیکچروں میں شراکت کرسکیں گے۔ جو دنیا سے متعلق سوچ اور نقطۂ نظر پر گہرا اثر مرتب کریں گے، دوسروں سے رابطے اور گفت وشنید اور شاید سفر کے ذریعے بھی ذہن کو وسعت ملے گی۔ وہ افراد جو روحانی علوم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ انہیں اس وقت ایسے لوگوں سے ملنے کی کوشش کرنی چاہئے جو مفید ثابت ہوسکتے ہیں۔

قوت وطاقت کا ستارہ مریخ شروع سال سے غیر معمولی طویل عرصے کے لئے طالع میں موجود ہوگا۔ شروع سال سے ۲۵ جولائی تک طالع میں رہے گا۔ یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت واستقامت طالع ہی میں ہوگی۔ جس سے غیر معمولی سرگرمی اور روزمرہ کے عام معمولات میں تبدیلی کی نشاندہی ہورہی ہے۔ کئی لحاظ سے یہ ایسا وقت ہوگا جب اپنی اصل شخصیت اور فطرت کے مطابق عمل کریں گے۔ ذہنی بے چینی، ہر کام کو جلد کرنے کی خواہش، دوسروں سے ممتاز سمجھنا' بہت کچھ کر جانے کی خواہش' خیالات کی بلندی سے بے حد تبدیلی رونما ہوگی۔ جو کچھ حاصل کرنا چاہتے ہیں اس کے حصول کے لئے کوششوں کے لحاظ سے یہ وقت موافق رہے گا۔ اگرچہ بعض اوقات کام کا بوجھ خاصا بڑھ جائے گا۔ لیکن زائد ذمہ داریوں سے نمٹنے کے لئے ضروری قوت اور جذبہ آپ میں موجود ہوگا یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ اس وقت ذاتی کوششیں ہی کامیابی لائیں گی۔ تاہم مریخ ۲۶ اگست کو زحل سے قران کرے گا اس غیر موافق نظر میں بحث وتکرار اور جارحانہ رویہ اختیار کرنے سے پرہیز کریں۔

۲۱، ۲۳ اپریل، ۱۴ جون کے دوران ٹریفک کے قوانین کی سختی سے پابندی کریں۔ نیز ان دنوں حادثات کا اندیشہ بھی ہے۔ اس لئے حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔ وہ افراد جو کھیلوں میں دلچسپی رکھتے ہیں خاص طور پر ۲۶ جولائی سے ۱۴ ستمبر تک کا وقت بے حد موافق ثابت ہوگا۔

جہاں در پردہ جذباتی تناؤ کی وجہ سے تعلقات خوشگوار نہیں ہیں۔ ساتویں گھر میں یورنس کی موجودگی طلاق اور علیحدگی لاتی ہے۔ چنانچہ اگر ازدواجی زندگی میں مسائل کا سامنا ہے تو ۲۰۱۴ء ایسا سال ہوگا جب تعلقات یا تو بن جائیں گے یا ختم ہوجائیں گے۔ میزانی افراد کے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ خراب حالات کے باوجود علیحدگی اختیار کرنا ان کے لئے بہت مشکل ہوتا ہے۔ حالات بہتر ہوجانے کی امید میں دن گزرتے رہتے ہیں اور یہی چیز عموماً بے حد تکلیف پہنچائی جاتی ہے۔ تاہم یورنس کا اثر ڈرامائی اقدام کا متقاضی ہوتا ہے اور پابند کرنے والی تکلیف دہ صورتحال سے مکمل علیحدگی پر اکساتا ہے۔ ۲۵ جون کو مریخ یورنس کا مقابلہ ہوگا اور ۱۳ نومبر کو ان کی تربیع ہوگی یہ وقت کٹھن ثابت ہوگا۔

اس سال کے گرہن اہمیت کے حامل ہوں گے۔ ۱۵ اپریل کو چاند گرہن طالع میں لگے گا اور دوسرا ۱۸ اکتوبر کا چاند گرہن طالع کے مقابل لگے گا۔ یہ گرہن اہم ثابت ہوں گے۔ یہ گرہن طور طریقوں اور سوچ میں تبدیلی کی نشاندہی کررہے ہیں کچھ لوگوں سے تعلق ختم ہوجائے گا یا آپ خود ختم کردیں گے۔ حالات جو بھی ہوں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان اوقات کے قریب قریب بہت سی پریشانیوں سے نجات پالیں گے۔ یہ آپ کا مثبت قدم ہوگا۔

زحل شروع سال سے خانہ مال میں ہوگا۔ جہاں وہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے ہے۔ چنانچہ اس دوران آپ فوری طور پر بہت سا روپیہ کما نہیں سکیں گے۔ لیکن اپنے جانے پہچانے راستے پر ثابت قدمی سے گامزن رہ کر اپنے مالی حالات میں بہتری پیدا کرسکیں گے شروع سال میں نہ صرف یہ کہ مریخ کی طالع میں موجودگی سے مالی حالات میں بہتری کی نشاندہی ہورہی ہے۔ لہٰذا اب کئی

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

سال بعد مادی سرگرمیوں کو زیادہ مستحکم بنیادوں پر استوار کرنے کا موقع ملے گا اور ماضی کی کوششوں کا اجر ملنا شروع ہوگا۔ زحل عموماً پابندیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ چنانچہ گزشتہ سالوں کے دوران یہ پابندیاں آپ نے مالی معاملات میں محسوس کی ہوں گی۔ ۲۳ دسمبر کو خانہ مال سے نکل جانے کے بعد ان معاملات میں آسانی اور بہتری دیکھیں گے۔

عطارد چھٹے گھر میں ۱۸ مارچ کو داخل ہوگا۔ اس وقت ملنے والی خبریں اور معلومات غلط راہ پر ڈالنے والی ہوں گی۔ بہتر ہوگا کہ اہم فیصلے کرنے یا اندازے قائم کرنے سے قبل حقائق کو خود اچھی طرح جانیں۔ اس کے لئے خواہ ایک کام کو دوبارہ ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ ۱۱، ۲۳ مارچ کی خاص طور پر غیر موافق تاریخیں ہوں گی۔ عطارد ۳، ۱۵، ۲۹، ۳۰ اپریل کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ یہ تاریخیں تخلیقی سرگرمیوں اور ایسے ہم خیال افراد کی تلاش کے لحاظ سے موافق ثابت ہوں گی جو آپ کی فاضل اوقات کی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے میں تعاون کریں گے۔ وہ میزانی افراد جو فنون لطیفہ اور دستکاری جیسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ عطارد اپریل میں ان کی موافقت میں ہوگا۔

عطارد ۷ اپریل کو طالع کے مقابل آجائے گا۔ جہاں وہ ۲۳ اپریل کو آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس کو ۷ جون سے یکم جولائی تک رجعت رہے گی۔ یہ ستارہ ۱۵ اپریل کو یورنس سے قران اور ۳۰ اپریل کو مشتری سے تسدیس کی نظر بنائے گا۔ اس وقت آپ کو یہ پتہ چلے گا کہ کوئی کاروباری شراکت آپ کو بہت فائدہ پہنچائے گی۔ ۳ مئی کو عطارد زحل مقابلہ ہوگا۔ مالی معاہدات میں احتیاط سے کام لیں۔ لہٰذا آنے والے ہفتوں میں کچھ بے حد مفید اور بااثر لوگوں سے تعلقات قائم ہوں گے۔ وسط مئی میں اہم کاروباری گفت وشنید، قانونی معاملات حل کرنے یا طویل المعیاد معاہدات پر دستخط کے لحاظ سے بہت خوش قسمت ثابت ہوں گی۔

عطارد کو ۴ سے ۲۵ اکتوبر تک خانہ مال میں رجعت رہے گی۔ عطارد اس وقت گرو ہی سرگرمیوں کو متاثر کرے گا۔ چنانچہ لوگ ناقابل بھروسہ ثابت ہوں گے یا آپ کو بیچ منجدھار میں چھوڑ دیں گے اور اکیلے ہی آپ کو سارا بوجھ اٹھانا پڑے گا۔ بہتر ہوگا کہ سست روی سے کام لیں اور فوری نتائج کی توقع نہ رکھیں۔ اس وقت بعض معاملات میں از سر نو سوچ اور ترتیب کی ضرورت ہوگی۔

آپ کا حاکم ستارہ زہرہ طالع کے مقابل ۳ مئی کو آئے گا۔ ۱۱ مئی کو زہرہ مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ اس وقت آپ کے اعتماد کو ٹھیس پہنچے گی۔ شریک کار یا شریک حیات سے اختلاف ہوگا۔ شادی کے لئے بھی یہی وقت بہتر نہ ہوگا۔ خدشات جنم لیں گے۔ جون میں پسندیدگی بڑھ جائے گی اور محبت کے معاملات میں آپ کا رویہ بہت سنجیدگی اختیار کرلے گا۔ میزانی افراد کی شادی کے لئے مارچ، مئی، جولائی، نومبر، دسمبر کے ماہ سعد ہونگے۔ زہرہ شروع سال سے زائچے کے چوتھے گھر میں ہوگا جہاں اسے یکم سے ۳۰ جنوری تک رجعت رہے گی۔

۱۳ نومبر کو زہرہ زحل کا قران ہے۔ لہٰذا قریبی افراد آپ سے بہت کچھ فائدہ لینے کے چکر میں رہیں گے۔ ابھرنے والے منفی خیالات کو گفت وشنید سے ختم کریں۔ ۲۰ اکتوبر کو زہرہ کی مریخ کے ساتھ تسدیس کسی اچھے مخلص اور نفیس قسم کی شخصیت سے ملاقات کا باعث بنے گی۔ مگر ۲۰ نومبر کو نپ چون سے تربیع بھی ہے۔ لہٰذا محتاط رہیں۔ بہت ساری باتیں آپ سے پوشیدہ رکھی جائیں گی۔ لہٰذا اندھا دھند اعتماد نہ کریں۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۱۲ اگست کو زہرہ گیارہویں گھر میں ہوگا تو سوشل رابطے بڑھ جائیں گے۔ ۲۶ ستمبر کا نیا چاند عطارد سے قران کرے گا جس سے محبت اور دوستی کے معاملے میں آپ نئے تجربات سے گزریں گے۔ ماضی کے تلخ تجربات سے ستمبر کے مہینے میں فائدہ اٹھا سکیں گے۔ یہ وہ وقت نہیں ہوگا کہ جلد بازی سے کام لیں بلکہ حالات آپ کو یہ سوچنے پر مجبور کردیں گے کہ ماضی میں آپ نے کیا غلطیاں کی تھیں۔ زہرہ ۷ نومبر کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ محبت کے معاملات میں بہتری آنے لگے گی۔ ۵ دسمبر کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی ان دنوں سوشل سرگرمیاں ہم خیال افراد کو زندگی میں لائے گی۔ مشکلات سے چھٹکارا پانے کے لئے لوگ آپ کی مدد اور مشورے کے خواہاں ہوں گے۔

مجموعی طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ میزانی افراد کے لئے ۲۰۱۴ء بنیادی طور پر موافق سال ہوگا۔ جو دینوی مرتبے میں اضافہ لائے گا۔ مرتبے اور حیثیت میں اضافے کی وجہ سے اس قابل ہوں گے کہ ان لوگوں کی مدد کرسکیں۔ جنہوں نے ماضی میں آپ کا ساتھ دیا ہوگا۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

2014 کے امکانات



والوں کے لئے جن کی پیدائش اکتوبر ۲۴ سے ۲۲ نومبر کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ن۔ ظ۔ ذ۔ ض۔ ز ہے

مشتری ۱۶ جولائی تک برج سرطان میں یعنی نویں گھر میں رہے گا۔ جو غیر ممالک کے سفر، تعلیم اور قانون سے وابستہ ہے۔ اس دوران طالع کی موافقت میں ہوگا۔ جس سے آپ کی معاملات میں مثبت رجحان اور خوش امیدی نظر آرہی ہے اس سعد وقت میں جو واقعات رونما ہوں گے وہ ذہنی لحاظ سے پر اعتماد بنادیں گے۔ مالی معاملات، گھریلو حالات یا اگر کسی تخلیقی منصوبے میں ملوث ہیں تو اسکے متعلق ذہنی لحاظ سے پر اعتماد ہونگے۔ مستقبل کے متعلق زیادہ خوش امید ہوں گے کیونکہ کوئی خاصی پرانی مشکل اب دور ہوجائے گی چنانچہ مستقبل کو بہتر بنانے کے ارادے سے نئے منصوبوں پر عمل کرنے پر راغب ہوں گے۔

اس خوش قسمت وقت کے دوران دلچسپیوں کو وسعت دینے، نئے خیالات کی تلاش اور نئے تجربات کے زائد مواقع میسر آئیں گے کاروباری افراد کے لئے یہ وقت ترقی کے مواقع اور ترغیب لائے گا۔ خواہ نیا کام شروع کرنے کا ارادہ ہو۔ خواہ موجودہ کام اور دلچسپیوں کو وسعت دے رہے ہوں۔ قسمت آپ کا ساتھ دے گی چنانچہ مقاصد کے حصول کے لئے زیادہ مہم جوئی اختیار کرتے ہوئے نہ ڈریں۔

مشتری زائچے کے اس گھر میں ہوگا۔ جس کا تعلق طویل سفر اور غیر ممالک سے ہے۔ چنانچہ امکان ہے کہ سال کے پہلے چھ مہینوں میں اہم سفر کریں گے ایسے سفر اگر کاروباری نوعیت کے ہوئے یا آپ کے کام کا تعلق سفر اور غیر ملکی مفادات سے ہے۔ تو یہ وقت خوش قسمت ثابت ہوگا وہ عقربی افراد جو عارضی یا مستقل بنیادوں پر کسی دوسرے ملک میں رہائش اختیار کرنے کے امکانات پر غور کررہے ہیں امکان ہے کہ اب ان کی خواہشات پوری ہوسکیں گی۔ تاہم معلوم ہوتا ہے کہ آپ جتنی زیادہ مہم جوئی اختیار کریں گے۔ اتنی ہی زیادہ خوش بختی حاصل ہوگی چنانچہ معمولی رکاوٹوں کی خاطر میں نہ لائیں۔

وہ افراد جو تعلیمی سرگرمیوں اور درس و تدریس کے شعبے سے منسلک ہیں ان کے لئے یہ سال کامیابی لائے گا۔ مشتری کی وسعت دینے والی خصوصیت ذہن کو وسعت دینے اور نئی صلاحیتوں کے حصول میں مدد دے گی۔ اگر کسی پرانی دلچسپی کی تجدید چاہتے ہیں تو وہ آپ کے لئے غیر معمولی خوش بختی لائے گی اور زندگی پر بہت مفید رد عمل مرتب کرے گی۔ اس کے علاوہ اشاعت، صحافت، لکھنے یا نشریاتی اداروں سے وابستہ افراد کو سال کے پہلے چھ ماہ کے دوران خوش قسمت مواقع خاصے غیر متوقع طور پر بآسانی میسر آیا کریں گے۔ مشتری آپ کے مالی معاملات پر حکومت کرتا ہے۔ اگر فاضل اوقات میں کوئی نفع بخش کام کرنا چاہتے ہیں یا نئی صلاحیتیں اپنے اندر پیدا کرکے آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو مشتری کی نویں گھر میں موجودگی موافق ثابت ہوگی۔

مشتری یکم اور ۲۶ مارچ، ۱۸ اور ۳۰ اپریل، ۶ مئی، ۱۸ جون، ۲۵ جولائی کو سعد نظرات قائم کرے گا ان دنوں قسمت پوری طرح آپ کا ساتھ دے گی۔ قانونی یا آفیشل معاملات خاص طور پر وہ معاملات جن کا تعلق مالی معاہدات اور سرمایہ کاری سے ہے ان کی طرف توجہ دینے کے لئے یہ تاریخیں بہت سعد ثابت ہوں گی۔ اس کے علاوہ ۲۴ سے ۳۰ اپریل کے دوران جو نئے خیالات ہوں ان پر توجہ دیں وہ مفید ثابت ہوسکتے ہیں۔ مئی کے پہلے دو ہفتوں کے دوران مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کریں اور ایسی تعلیم یا

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

تربیت حاصل کرنے کی طرف توجہ دیں جس سے مستقبل میں آپ کو فائدہ پہنچے۔ تاہم مشتری ۳، ۶، ۹، ۳۱ جنوری، ۲۶ فروری، یکم اور ۱۴ اپریل، ۱۸ مئی کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ یہ تاریخیں مندرجہ بالا تمام معاملات اور خاص طور پر مالی معاملات میں احتیاط کی متقاضی ہوں گی۔

۱۷ جولائی کو مشتری عزت و وقار کے گھر میں آجائے گا اور ایک سال تک یہاں رہے گا۔ جاہ طلبی اور دنیوی مقاصد کے لحاظ سے یہ وقت کامیابی لائے گا۔ کیریئر کو اہمیت دینے والے افراد ترقی کر سکیں گے۔ کیونکہ رکاوٹیں دور ہونے لگیں گی اور ترقی کرنے اور آگے بڑھنے کے نئے مواقع میسر آئیں گے۔ وہ عقربی افراد جو بااختیار عہدوں پر فائز ہیں اور وہ جو بااختیار عہدوں پر پہنچنا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ وقت خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔ تاہم تمام عقربی افراد کے لئے وتد السماء پر مشتری کی موجودگی ایسے کامیاب وقت کی نشاندہی کر رہی ہے۔ جب ماضی کے تجربات فائدہ پہنچائیں گے اور کوئی اہم مقصد پورا ہو جائے گا۔

دنیوی معاملات اور کام کے لحاظ سے نومبر کے آخری دو ہفتے احتیاط کے متقاضی ہیں پس پردہ اس وقت دھوکے و فریب کی نشاندہی ہو رہی ہے چنانچہ اس وقت جو معلومات حاصل ہوگی۔ وہ غلط راہ پر ڈالنے والی ہوں گی۔ اگر آپ کے ذہن میں کچھ شکوک یا تذبذب ہے تو دوسروں کے دباؤ میں آکر جلد بازی میں فیصلے نہ کریں۔ بلکہ ۲۴ نومبر کے نئے چاند کا انتظار کریں۔ کیونکہ اس تاریخ کے بعد حالات کا بہتر جائزہ لے سکیں گے۔

آپ کا حاکم ستارہ پلوٹو تیسرے گھر میں ہے۔ اور دوسرا حاکم ستارہ مریخ سے ۱۱ نومبر کو قران کرے گا۔ یہ دونوں ستارے جب ایک ساتھ کام کرتے ہیں۔ تو زندگی میں اہم واقعات لاتے ہیں اور ماضی بعید سے متعلق کسی چیز میں ملوث کرتے ہیں چنانچہ امکان ہے کہ کوئی ایسا شخص جسے دیکھے ہوئے یا جس کے متعلق کوئی بات سنے ہوئے عرصہ گزر چکا ہے۔ دوبارہ آپ کی زندگی میں داخل ہو جائے گا یا کسی ایسے شخص کو پسند کرنے لگیں گے۔ جس سے وقتاً فوقتاً ملاقات ہوتی رہی ہے نیز یہ بات بھی علم میں آئے گی کہ یہ شخص مستقبل میں کسی وقت آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کرے گا اور واقعات دوبارہ پلٹ کر آئیں گے۔ وہ عقربی افراد جو تعلیمی سرگرمیوں میں ملوث ہیں یا امتحان دے رہے ہیں۔ ان کے لئے یہ ماہ خاصا سخت ثابت ہوگا۔

۵ دسمبر کو مریخ چوتھے گھر میں داخل ہو تو یہ وقت دوبارہ گھریلو معاملات پر دباؤ ڈالے گا۔ شروع کے دنوں میں خاندانی تعلقات میں تناؤ سے واسطہ پڑے گا۔ ان تناؤ سے قطع نظر یہ وقت گھر میں مرضی کے مطابق تبدیلیاں لانے، آرائش اور مرمت وغیرہ کے کام کے لئے موافق ثابت ہوگا وہ لوگ جو گھر بدل رہے ہیں ان کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ جب کہ وہ لوگ جو رہائش کے لئے موزوں جگہ کی تلاش میں ہیں خواہ خرید کر خواہ کرائے یا لیز پر مکان یا فلیٹ لینا چاہتے ہیں اس وقت ان کی کوششیں فوری نتائج لائیں گی۔

محبت کے معاملات کے لحاظ سے سال کے پہلے تین ماہ غیر مستحکم صورتحال کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ تاہم ۶ اپریل سے مئی کے اختتام تک کا وقت عقربی افراد کے لئے محبت کے معاملات کے ذریعے خوشی لائے گا اس وقت زہرہ ان معاملات سے متعلق باقوت اثرات ظاہر کرے گا۔ جون میں بھی یہ صورتحال جاری رہے گی۔ لیکن اس وقت شادی شدہ زندگی اور پہلے سے قائم شدہ تعلقات پر زیادہ دباؤ پڑے گا۔ محبت کی بنیادوں پر قائم تعلقات اس وقت زیادہ مضبوط ہو جائیں گے اور در پردہ موجودہ جذباتی مشکلات دور ہو جائیں گی۔ اس کے علاوہ ۱۳ جولائی سے ۲۵ اگست اور ۱۷ اکتوبر سے ۵ دسمبر تک کا وقت محبت کے معاملات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ ۲۴ اگست سے ۱۷ نومبر تک زہرہ طالع میں ہوگا۔ یہ وقت زائد مقبولیت لائے گا اور نئے دوست زندگی میں داخل ہوں گے وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے۔ ان کے لئے اکتوبر، نومبر اس سال کا سب سے موافق ماہ ثابت ہوگا۔

شروع سال سے عطارد تیسرے گھر میں ہوگا اور ۱۲ جنوری کو چوتھے گھر میں داخل ہوگا۔ عطارد کو ۷ سے ۲۸ فروری تک رجعت و استقامت رہے گی۔ زہرہ بھی شروع سال سے ۳۰ جنوری تک رجعت و استقامت تیسرے گھر میں ہوگی۔ چنانچہ سال کے پہلے دو مہینوں میں گھریلو اور خاندانی معاملات پر غیر معمولی باقوت دباؤ پڑے گا۔ اس وقت گھر میں خاصی گرمی نظر آرہی ہے روز مرہ سرگرمیوں میں بھی تیزی آجائے گی۔ اسکی وجہ شاید یہ ہوگی کہ لوگ آپ کی قوت اور وقت کے زیادہ خواہاں ہوں گے۔ تاہم سفر،

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

خط و کتابت یا لوگوں سے میل جول کی وجہ سے آپ کے حوصلے بلند ہوں گے۔ ۸ جنوری کو رشتہ داروں یا پڑوسیوں سے متعلق معمولی نوعیت کے مسائل کا سامنا کرنے کے لئے تیار رہیں۔

مریخ یکم جنوری سے ۲۶ جولائی تک کا غیر معمولی طویل عرصہ بارہویں گھر میں گزارے گا۔ مریخ کو یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت و استقامت رہے گی۔ مریخ کے مستقیم ہونے کے بعد اس مایوسی اور پریشانی کا خاتمہ ہو جائے گا، جس کا گزشتہ چند ماہ سے سامنا رہا ہوگا۔ مریخ ۹ جنوری اور ۳ مارچ کو زہرہ سے تربیع بنائے گا۔ اور ۳۰ مارچ کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہوگی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی پرانا جھگڑا ختم ہو جائے گا یا آپ کسی ایسے شخص سے مصالحت کر لیں گے۔ جس سے ماضی میں اختلافات رہے تھے۔ کوئی پرانا دوست کئی سال بعد آپ کی زندگی میں دوبارہ داخل ہوگا یا کسی پرانی دلچسپی کی طرف دوبارہ متوجہ ہوں گے۔ بعض پابندیاں جو ماضی میں عائد رہی ہیں۔ اب ان کا خاتمہ ہو جائے گا اور آپ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو استعمال کرنے کی طرف توجہ دیں گے اور وہاں سے کام شروع کریں گے جہاں کئی سال قبل چھوڑا تھا۔

اس وقت پس پردہ رونما ہونے والے حالات مستقبل قریب میں آپ کی زندگی پر مدد آور اثرات مرتب کریں گے۔ ۱۴ اور ۲۵ جون کو مریخ یورنس اور پلوٹو سے نحس نظر قائم کرے گا۔ ۲ اگست کو مریخ مشتری سے تربیع، ۳ کو عطارد سے تربیع، ۷ کو یورنس سے تثلیث، ۱۵ کو پلوٹو سے تسدیس بنائے گا۔ آمدنی میں یقیناً اضافہ ہوگا۔ اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ ایک سال قبل جو کوشش کی تھیں۔ وہ اس نئے منصوبے سے متعلق مددگار ثابت ہوں گی جو اس وقت آپ کے ذہن میں ہوگا۔

مریخ ۲۶ اکتوبر سے ۵ دسمبر تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ ۲ نومبر کو نپ چون سے تسدیس، ۱۱ کو پلوٹو سے قران، ۱۳ کو یورنس سے تربیع بنائے گا۔ اس نظر کے قریب قریب جو بھی اہم فیصلے کریں گے یا جو نئے اقدامات کریں گے۔ وہ کامیابی اور ترقی کا سبب بنیں گے۔ دراصل آپ جو بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے حصول کے لحاظ سے اس وقت آپ کی کوششیں کامیاب رہیں گی۔ کیریئر، کاروباری منصوبوں یا تخلیقی سرگرمیوں کے لحاظ سے آگے بڑھنے کے زائد مواقع اور ترغیب ملے گی اور رونما ہونے والے حالات آپ کو بہت اہم مقام پر لے آئیں گے۔

زہرہ شروع سال سے تیسرے گھر میں ۵ مارچ تک رہے گا اسے یہاں یکم تا ۳۰ جنوری تک رجعت و استقامت رہے گی۔ آپ کے دوستوں کے حلقے میں وسعت آئے گی۔ سیر و تفریح یا تعلیمی سرگرمیوں کی وجہ سے سفر کریں گے۔ ۱۸ مارچ کو زہرہ یورنس کی تسدیس ہوگی۔ کچھ نئے پراجیکٹ پر کام شروع ہوگا جس سے ذہنی وسعت میں اضافہ ہوگا۔ ستارہ زہرہ اس سال شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں ۲۹ اپریل کو داخل ہوگا۔ یہ وقت شادی شدہ افراد کے لئے جذباتی اور مادی لحاظ سے زائد سکون و اطمینان لائے گا۔ ۱۶ مئی کو زہرہ یورنس کا قران ہوگا۔ وہ لوگ جن کی ماہ مئی یا آنے والے مہینوں میں شادی ہونے والی ہے۔ ان کے لئے خوشگوار مستقبل کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

زہرہ ۲۳ جون کو آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے اگر جذباتی مشکلات کا سامنا ہے تو اس وقت ان مسائل کو سلجھائیں۔ ۲۴ جولائی کو زہرہ نپ چون کی تثلیث خواہشات کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کر دے گی۔ ذاتی قریبی تعلقات کے لحاظ سے یکم اگست کو زہرہ زحل کی تثلیث، ۱۸ کو زہرہ مشتری کا قران، ۲۵ کو زہرہ یورنس کی تثلیث خاص طور پر سعد تاریخیں ہوں گی۔ ان دنوں زندگی میں داخل ہونے والا محبت کا عنصر دیرپا نوعیت کا ہوگا۔ وہ لوگ جن کی اگست یا مستقبل قریب میں شادی ہونے والی ہے۔ انہیں خوش بختی اور جذباتی سکون و ہم آہنگی سے واسطہ پڑے گا۔ شادی شدہ افراد کو اکتوبر میں شریک کے ذریعے خوش بختی حاصل ہوگی۔ ۱۰ دسمبر کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ یہ وقت قریبی تعلقات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت سوشل حلقے میں بھی وسعت آئے گی۔ تاہم ۲۱ دسمبر کو محبت کے معاملات کے لحاظ سے احتیاط کی متقاضی ہوگی۔ دسمبر میں ایک بار پھر محبت اور سفر کے معاملات ایک دوسرے سے مربوط ہوں گے۔

مجموعی طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ سال ترقی اور کامیابی لائے گا۔ نفسیاتی اور مادی لحاظ سے زندگی کو بہتر بنانے کے زائد مواقع میسر آئیں گے اور نئی دلچسپیاں پیدا ہوں گی۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

2014 کے امکانات



دھنو

والوں کے لئے جن کی
پیدائش نومبر ۲۳ سے ۲۲
دسمبر کے درمیان ہے

جن کے نام کا حرفِ اوّل ف ہے

اس سال کواکب منضاد اور پیچیدہ انداز میں معاملات کو متاثر کریں گے۔ اچانک ہنگامی حالتوں سے واسطہ پڑے گا۔ جن سے نمٹنے کے لئے زیادہ ذہانت اور لچکدار رو... ضرورت ہوگی۔ یہاں کئی اہم سبق سیکھنے پڑیں گے۔ جو صرف مالی معاملات کے متعلق ہی نہیں ہوں گے بلکہ زندگی کے دوسرے پہلوؤں کے متعلق بھی ہوں گے۔ زندگی میں اہم ترجیحات پر بغور نگاہ ڈالنی پڑے گی اور یہ اندازہ لگانا پڑے گا کہ کس چیز کی اہمیت زیادہ ہے۔

کئی اہم کواکب جن میں آپ کا ستارہ مشتری بھی شامل ہے۔ سال کا زیادہ تر عرصہ مالی معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ مشتری آٹھویں گھر میں وسط جولائی تک رہے گا۔ دوسرے اور آٹھویں گھر کا تعلق مالی معاملات سے ہوتا ہے۔ اس سال مالی معاملات کی طرف خاص توجہ رہے گی۔ مالی معاملات یا کاروباری سرگرمیوں کے متعلق اپنے آپ کو ضرورت سے زیادہ خود اعتماد محسوس کریں گے اور یہی اعتماد بعض اوقات نقصان پہنچائے گا اور آپ ایسی غلطیاں کریں گے جو مالی نقصان کا سبب بن جائیں گی چنانچہ شروع و آخر جنوری (دھوکے و فریب کا اندیشہ) ۲۶ فروری، ۱، ۱۴، ۲۱، ۲۳ اپریل اور خاص طور پر ۱۸ مئی میں بے حد محتاط رہیں ان دنوں ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی کی وجہ سے لاپرواہی کریں گے۔ جس کی وجہ سے مالی مسائل پیدا ہو جائینگے۔ اس وقت طویل المعیاد سرمایہ کاری یا دوسرے قرضہ جات سے متعلق خاص طور پر محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔

تاہم شروع سال سے وسط جولائی تک مشتری مالی اور کاروباری معاملات میں خوش بختی کی نشاندہی کر رہا ہے۔ اسے شروع سال سے ۶ مارچ تک رجعت و استقامت رہے گی۔ ترکہ، انشورنس اور دوسروں سے متعلقہ روپے کے معاملات میں مدد دے گا اور فائدہ لائے گا۔ ان مہینوں میں آپ طویل المعیاد اور ٹھوس بنیادوں پر قائم مالی معاملات پر زیادہ توجہ اور وقت صرف کریں گے اور خلاف معمول ان معاملات میں تحفظ اور مستقبل کے تحفظ کو زیادہ اہمیت دینے لگیں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ قوسی افراد عموماً ہر وقت خوش و خرم رہنے والے، فضول خرچ اور خاص طور پر مالی معاملات میں قطعی طور پر لاپرواہ ہوتے ہیں اور ہمیشہ خوش امید رہتے ہیں لیکن اب زحل دسمبر کے آخر میں طالع میں داخل ہوگا اس لئے مالی معاملات میں زیادہ سنجیدہ ہو جائیں گے اور ان معاملات میں زیادہ باضابطگی، احتیاط اور اصول پسندی اختیار کریں گے۔

اپنے وسائل کے بہتر استعمال کے لئے مختلف امکانات کا جائزہ لینے یا ایسی صلاحیت جسے بہت کم استعمال کیا ہے اسے زیادہ نفع بخش استعمال میں لانے کے سلسلے میں مختلف امکانات کا جائزہ لینے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ حصص اور شیئرز میں دلچسپی رکھتے ہیں یا ٹھوس قسم کی سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں تو اس موافق وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ اس سال آپ کی زندگی میں اگر بڑی اہم تبدیلیاں آئیں تو ان کا نتیجہ آپ کے حق میں مفید نکلے گا۔

شروع سال سے وسط جولائی تک کا وقت انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا سوائے مندرجہ بالا ان دنوں کے جب مشتری غیر موافق نظرات قائم کرلے گا۔ چنانچہ اگر بانڈ خریدنا چاہتے ہیں یا انعامی اسکیموں میں حصہ لینا

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

چاہتے ہیں تو یکم اور ۲۶ مارچ، ۱۸، ۲۵ سے ۳۰ اپریل، ۶ مئی، ۱۸ جون کو خاص طور پر ذہن میں رکھیں کیونکہ ان دنوں مشتری باقوت سعد نظرات قائم کر رہا ہے۔

۱۷ جولائی کو مشتری نویں گھر میں آجائے گا جو غیر ممالک کے سفر، تعلیم، مذہب اور قانون سے وابستہ ہے۔ یہاں وہ ایک سال تک رہے گا اور طالع کی موافقت میں ہوگا۔ نویں گھر میں موجودگی کے دوران غیر ممالک کے سفر، حج و زیارت کا موقع لائے گا۔ وہ لوگ جن کا امپورٹ ایکسپورٹ کا کام ہے ان کو نفع دے گا اور ایسی مالی صورتیں پیدا کرے جن سے روپیہ بنے گا۔ اگر کام یا پیشہ وارانہ سرگرمیوں کی وجہ سے سفر یا غیر ممالک سے رابطے کے اکثر مواقع ملتے ہیں تو ۲۰۱۴ء کے آخری چھ ماہ کا عرصہ بے حد وسعت لانے والا اور مفید ثابت ہوگا۔ گزشتہ چند سالوں میں جو منصوبے شروع کئے تھے اب ان کی تکمیل ہو جائے گی نیز مقاصد اور خیالات کو بہتر بنانے کے لئے بھی زائد مواقع میسر آئیں گے۔

مشتری کی نویں گھر میں موجودگی کے دوران معلومات اور علم کو وسعت دینے کے زائد مواقع اور ترغیب ملے گی۔ مشتری خاص طور پر ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو قدیم و پُر اسرار علوم اور روحانیت میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ وہ قوسی افراد جو باطنی اور روحانی ترقی کے خواہاں ہیں۔ مشتری ان کی مدد کرے گا۔ نیز یہ وقت ایسی تمام تعلیمی سرگرمیوں کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا جن میں تکنیکی صلاحیتوں کی افزائش اور انہیں بہتر بنانا شامل ہو۔ وہ لوگ جو سال کے آخری چار مہینوں میں کوئی اہم امتحان دے رہے ہیں یا کوئی کورس کر رہے ہیں وہ ذہنی لحاظ سے پُر اعتماد ہوں گے اور کامیاب نتائج کی توقع کر سکیں گے۔

شروع سال سے دوستوں کے حلقے میں وسعت پیدا ہوگی۔ اس سلسلے میں بھی پرانے دوست اہم کردار ادا کریں گے۔ نئے دوست ۹ جنوری کے درمیان کسی جلد باز اقدام میں ملوث کرنا چاہیں گے۔ آپ کی جلد بازی مسائل پیدا کر سکتی ہے۔ زائد اخراجات کا بھی امکان ہے۔ ۲۶ فروری کو یورنس مشتری کی غیر موافق نظر کی وجہ سے کسی نئے دوست سے دوستی کے اچانک خاتمے یا محبت میں حسد یا رقابت کی وجہ سے یا آمدنی میں نقصان کے ذریعے تعلقات اور کاروبار کے اچانک خاتمے کا امکان ہے۔

مریخ شروع سال سے گیارہویں گھر میں طویل عرصہ قیام کرے گا اسے یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت و استقامت رہے گی۔ ان چھ ماہ کے دوران مریخ ۲۴ جنوری، ۱۵، ۱۶ فروری، ۱۴، ۳۰ مارچ، ۱۲، ۳۱ مئی کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

مریخ ۲۶ جولائی کو بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ چنانچہ آپ کو باہمت اور پرجوش بنا دے گا۔ کام کرنے کی ہمت پیدا ہوگی نیا کام شروع کرنے کے لئے اور جو کچھ حقیقتاً حاصل کرنا چاہتے ہیں اس کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اگر اپنے خارجی حالات میں مرضی کے مطابق تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں تو کوششوں کے آغاز کے لئے اگست موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت آپ میں قوت و طاقت بھی زیادہ ہوگی۔ لہٰذا کام کے دباؤ سے باآسانی نمٹ سکیں گے۔ ۲۶ اگست کو مریخ زحل کا قران ہوگا۔

قوسی افراد نے گزشتہ سالوں میں محبت اور شادی کے معاملات میں بے حد عدم استحکام دیکھا ہوگا۔ تاہم اس سال ان معاملات میں زائد استحکام سے واسطہ پڑے گا۔ وہ غیر شادی شدہ افراد جو دیرپا اور بامعنی تعلق کی تلاش میں ہیں انہیں زیادہ حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ آپ کے محبت کے معاملات پر حکومت کرتا ہے۔ ۱۴ ستمبر کو طالع میں داخل ہوگا۔ اس وقت نئے قریبی تعلقات قائم ہو سکتے ہیں۔ مریخ ۵، ۹، ۱۵، ۱۷، ۲۰ اکتوبر، ۲، ۱۱، ۲۱ نومبر، ۱، ۲۱ دسمبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

زحل بارہویں گھر میں موجود ہوگا اسے ۲ مارچ سے ۲۱ جولائی تک رجعت و استقامت رہے گی۔ ۲۳ دسمبر کو اس گھر سے نکل جائے گا۔ یہ مخفی امور کا گھر ہے۔ چنانچہ اب آپ کیلئے ضروری ہے کہ اپنے حقیقی مقاصد کا تعین کریں ماضی پر نگاہ ڈالیں اور فیصلہ کریں کہ آپ کہاں سے آئے ہیں اور کہاں جا رہے ہیں۔ ایک پرانا دور ختم ہو رہا ہے۔ اپنی باطنی صلاحیتوں کو پہچانیں ان کی نشوونما کریں اور اپنی حقیقی باطنی شخصیت کو سامنے لائیں۔ شخصیت پر تبدیلی لانا کیریئر پر بھی اثر ڈالے گا۔

عطارد ۱۲ جنوری تک خانہ مال میں رہے گا۔ آمدنی میں اضافے کے لئے مختلف مواقع کی تلاش کے لحاظ سے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ موقع کی تلاش میں رہے اور محنت کرنے سے نہ ڈرے تو آمدنی میں اضافے کے لئے نیا کام شروع کر سکیں گے۔ عطارد ۷ سے ۲۸ فروری تک تیسرے گھر میں اسے رجعت و استقامت رہے گی۔ سفر، تعلیمی سرگرمیوں اور تعلقات

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

میں التواء سے واسطہ پڑے گا۔ ۷ اپریل کو پانچویں گھر میں آئے گا تو عطارد زحل کی تثلیث کی وجہ سے کاروباری افراد جو آنے والے مہینوں میں اپنی سرگرمیوں میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں کو اکثر ان کی موافقت میں ہوں گے۔ تاہم ۱۴ اپریل کو عطارد مشتری کی تربیع، ۱۵ یورنس سے قران، پلوٹو سے تربیع، ۱۶ کو مریخ سے مقابلہ ہوگا۔ اس وقت ظاہری حالتیں دھوکہ دیں گی۔ کسی بھی مشکوک کام میں ہاتھ نہ ڈالیں۔ اس وقت کسی بھی مالی اسکیم میں روپیہ نہ لگائیں۔ نہ ہی کسی بڑے پراجیکٹ میں حصہ لیں۔

عطارد ۳۰ اپریل، ۱۰ ستمبر، یکم نومبر اور ۱۲ دسمبر کو مشتری کے ساتھ سعد نظر بنائے گا جس سے فاضل اوقات کے مشاغل پر دباؤ پڑے گا۔ کسی مشغلے کو آمدنی کا ذریعہ بنانے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت اگر کسی شخص کی شراکت میں کام کرنے کا موقع ملے تو اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں کیونکہ یہ ایک خوش قسمت قدم ہوگا۔ دراصل آمدنی میں اضافے کے لئے نئے ذرائع کی تلاش بہت موافق ثابت ہوگی۔ چنانچہ اپنی صلاحیتوں اور ذہانت کو کسی نفع بخش کام میں استعمال کرنے کے متعلق سنجیدگی سے سوچیں۔ کیونکہ اب کسی بھی تخلیقی صلاحیت کے ذریعے روپیہ کمانے کا موقع ملے گا۔ ایسی صلاحیتوں کی بنیاد پر ہی اب خود مختار طرز زندگی اختیار کرنا آپ کے ہاتھ میں ہوگا۔

عطارد اس سال ۳، ۲۵ جنوری، ۱۱ مارچ، ۱۴، ۱۵ اپریل، ۳، ۱۱ مئی، ۲۲، ۲۵ جولائی، ۳، ۹، ۱۹ اگست، ۱۰، ۱۳ ستمبر، ۱، ۲۵ دسمبر کو غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ جس سے دھوکہ و فریب کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت پرانی اشیاء نہ خریدیں اور نہ ہی مشکوک مالی اسکیموں میں شامل ہوں۔

عطارد ۱۵ اگست کو وتد السماء پر آجائے گا۔ یہ ستارہ ۱۰ ستمبر کو سعد نظر قائم کرے گا۔ ان دنوں ملازمت پیشہ افراد کو نئی ملازمت کی پیشکش یا غیر متوقع ترقی کی خبریں ملیں گی۔ ۱۰، ۱۳ ستمبر مالی معاملات کے لحاظ سے احتیاط کی متقاضی ہوں گی۔ ان تاریخوں میں قیمتی اشیاء کی خریداری کرتے ہوئے خاص طور پر محتاط رہیں۔ عطارد ۲۸ ستمبر کو بارہویں گھر ہوگا اسے یہاں ۱۴ اکتوبر سے ۲۵ اکتوبر تک رجعت و استقامت رہے گی۔ لہٰذا آپ کی توقعات جس سے بھی ہوں وہ پوری نہ ہوگی۔ مالی سودے بازی نہ کریں۔ قانونی معاہدات و جائیداد کے امور میں غلطیاں ہونگی۔ کیریئر اور جاہ طلبی کے لحاظ سے اگر اہم فیصلے کرنے ہیں۔ صحیح وقت پر صحیح لوگوں سے رابطہ قائم نہ ہوگا۔

زہرہ شروع سال سے خانہ مال میں موجود ہوگا شروع سال سے ۳۰ جنوری تک اسے رجعت و استقامت رہے گی۔ اس وقت ضرورت سے زیادہ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ لوگوں سے ملنا جلنا زیادہ ہوگا۔ مہمان اپریل میں زیادہ آپ کا وقت لیں گے۔ کوئی خاص مہمان اس ماہ آئے گا۔ کوئی تقریب زندگی کا اہم موڑ ثابت ہوگی۔

زہر ۲۳ جون کو طالع کے مقابل ہوگا۔ جہاں یورنس سے تسدیس، مریخ سے تثلیث، نپ چون سے تثلیث ہوگی۔ یہ وقت جذباتی تناؤ کا خاتمہ کردے گا اور محبت کی بنیادوں پر قائم تعلقات کو مزید مضبوط بنادے گا۔ وہ افراد جن کی شادی کی راہ میں رکاوٹیں حائل رہی ہیں وہ بھی اب دور ہو جائیں گی اور جن لوگوں کی اس وقت شادی ہوگی۔ انہیں اس تعلق کے ذریعے سکون اور خوشی ملے گی۔ اگست میں محبت کے معاملات اور سفر میں گہرا تعلق ہوگا اس سلسلے میں ۱۸، ۲۵ اگست اہمیت کی حامل تاریخیں ہوں گی۔ سفر کے ذریعے کوئی اہم شخصیت زندگی میں داخل ہوگی یا کوئی غیر ملکی شخصیت پسند آئے گی یا کوئی علاقہ بہت پسند آئے گا۔

زہرہ ۱۸ اپریل، ۱۸ جون، ۱۳ جولائی، ۱۸ اگست، ۱۴، ۲۰ اکتوبر اور ۵ دسمبر کو مشتری اور مریخ سے سعد نظر قائم کرے گا۔ ان دنوں مالی معاونت حاصل کرنے، اسکیم بنانے یا اچھی قیمت پر کسی چیز کو فروخت کرنے کے لحاظ سے بھی سعد ثابت ہوں گی۔ ان تاریخوں میں نسبت و شادی کرنے، تعلقات کی تجدید نو کرنے، بونس ملنے، کسی قسم کی وصولی ہونے، تحفہ ملنے یا انعام نکلنے کی نشاندہی بھی ہو رہی ہے۔

یہ سال بنیادی طور پر گھریلو حالات میں تبدیلی لائے گا۔ نپچون سارا سال چوتھے گھر میں اور یورنس پانچویں گھر میں رہے گا۔ یہ کوا کبی صورتحال آپ پر نفسیاتی لحاظ سے بھی اثر انداز ہوگی۔ شاید یہ باطنی تبدیلی ہوگی جو خارجی تبدیلی کا سبب بنے گی۔ وہ قوی افراد جو اپنے حالات سے مکمل طور پر دل برداشتہ ہو چکے ہیں۔ وہ اب حالات کو بدل دینے کی ٹھان لیں گے۔

یہ سال اہم ہوگا۔ لیکن رکاوٹوں سے خالی نہیں ہوگا۔ آپ کو اس سال کے موافق و ناموافق دونوں پہلوؤں سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ اپنے جذبات پر قابو رکھیں اور درگزر سے کام لیں تاکہ معاملات میں آسانی پیدا ہو۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

2014 کے امکانات



بکرا

والوں کے لئے جن کی پیدائش دسمبر ۲۳ سے ۲۰ جنوری کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ج ۔ خ ۔ گ ہے

مشتری طالع کے مقابل ۱۶ جولائی تک رہے گا۔ یہ سال متحرک اور پراز واقعات ثابت ہوگا۔ آپ کے طرز زندگی پر کچھ خاصی غیر متوقع تبدیلیوں کی توقع کی جاسکتی ہے۔ دراصل ایک طرح سے پرانے دور کا خاتمہ اور نئے دور کا آغاز ہوگا اور سال کے اختتام پر آپ ایک مختلف شخصیت ہوں گے۔ نیز یہ ایک ایسا سال ہوگا جو زائد ذمہ داریاں اور سخت محنت لائے گا۔ اس لئے شروع سال سے ہی منصوبہ بندی کر لینا بہتر رہے گا۔

۲۰۱۴ء کے اہم اوقات وہ ہوں گے، جب طالع میں موجود کواکب باقوت نظرات قائم کریں گے۔ سال کے آغاز سے ہی عطارد و زہرہ طالع میں ہونگے۔ چنانچہ نیا سال شروع ہوتے ہی زندگی میں خاصی تیز رفتاری سے واسطہ پڑے گا۔ تاہم اس وقت کام، آفیشل معاملات یا خط و کتابت سے متعلق معمولی نوعیت کے مسائل اور تکلیف دہ باتوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ کیونکہ عطارد فروری میں تیسرے گھر ہوگا یہاں اسے ۷ سے ۲۸ فروری تک رجعت و استقامت ہوگی۔ جبکہ زہرہ شروع سال سے طالع میں رجعت کی حالت میں ہوگا۔ ۳۰ جنوری کو اسے استقامت ہوگی۔ ۳ جنوری کو عطارد مشتری سے مقابلہ، ۱۶ کو زہرہ مریخ کی تربیع، ۲۵ کو عطارد زحل سے تربیع کرے گا۔ چنانچہ ان دنوں شریک زندگی کی صحت کے معاملے پریشان کریں گے۔ دوست مددگار نہ ہونگے جو معلومات حاصل ہوں گی، وہ صحیح اندازوں پر نہیں ہونگی۔ نیز ان دنوں کچھ لوگوں سے زائد خطرات لاحق ہوں گے۔ موسمی بیماریوں کے خلاف احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

زہرہ شروع سال سے ۵ مارچ تک طالع میں رہے گا جہاں اسے شروع سال سے ۳۰ جنوری تک رجعت و استقامت رہے گی۔ جس سے آپ کے معاملات میں ترقی پذیر صورتحال کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اگر کیریئر یا گھریلو زندگی میں اہم اور بنیادی نوعیت کی تبدیلی لانا چاہتے ہیں تو مارچ اور جون اہم مہینہ ثابت ہوگا۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ جون کئی لحاظ سے اس سال کا سب سے مثبت مہینہ ثابت ہوگا تو غلط نہیں ہوگا۔ کیونکہ زہرہ جون میں چھٹے گھر میں ہوگا اور باقوت ہوگا۔ اس وقت جو تبدیلیاں رونما ہوں اور جو واقعات وقوع پذیر ہوں گے وہ کسی نہ کسی طرح حالات کو وہ رخ دے دیں گے کہ جس کے ذریعے مقاصد کا حصول آسان ہو جائے گا۔ کاروباری معاہدات ہوں یا اہم کام اس کے لیے ۸ جنوری، ۲۵ فروری، ۱۸ مارچ، ۱۲، ۱۸ اپریل، ۲۸ مئی، ۴، ۱۸ جون، ۲۴ جولائی، ۱۸ اگست، ۱۴، ۱۲ اکتوبر، اور ۵ دسمبر موافق ثابت ہونگی۔

ستارہ مریخ شروع سال سے جولائی کے آخر تک دسویں گھر میں طویل عرصہ قیام کرے گا۔ اسے یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت و استقامت رہے گی۔ آپ کو کیریئر، جاہ طلبی، ترقی کے امور اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے ہمت و جرات عطا کرے گا اور اپنی حالت بہتر بنانے کی خواہش پیدا کرے گا۔ ۱۹ فروری کو عطارد زحل کی تربیع اور ۲۶ فروری کو مشتری یورنس کی تربیع ہوگی یہ وقت زیادہ دور نہیں ہوگا اس لئے غیر موافق حالات ختم کرنے کے لئے پُرتشدد طریقے اختیار کرنے کی ترغیب دے گا بہتر ہوگا کہ اس وقت دور اندیشی، احتیاط اور حکمتِ عملی سے کام لیں تاہم نیا کام شروع کرنے کے لئے یہ وقت موافق نہ ہوگا۔

۳، ۹ جنوری، ۹، ۱۶ اپریل، ۱۴، ۲۵ جون، ۱۹ جولائی احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس وقت کو ابھی صورتِ حال موافقت میں

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

نہیں ہوگی چنانچہ ایسی باتیں ہوں گی جو بے صبری پیدا کریں گی یا آپ کا باقوت رویہ جھگڑے کا سبب بنے گا۔ ان اوقات میں محتاط رہیں تاکہ حالات میں ابتری پیدا نہ ہو۔ یہ بھی خیال رہے کہ جنوری میں پلوٹو مشتری کے مقابلہ کی نظر بھی جاہ طلب بنادے گی لیکن یہ تنبیہہ بھی کرتی ہے کہ حالات خواہ کچھ ہوں ہرگز کوئی ایسا طریقہ اختیار نہ کریں جس پر آپ سے جواب طلبی کی جاسکے۔ آپ کا رویہ، سوچ، طور طریقہ اور چال چلن سرزنش اور رسوائی سے بالاتر ہونا چاہیئے۔ اس لئے انتہا سے زیادہ جاہ طلبی سے پرہیز کریں ورنہ شرمناک زوال کا اندیشہ ہے۔

مریخ ۲۶ جولائی کو امیدوں اور توقعات اور دوستی کی موافقت میں ہوگا۔ یہ وقت ان افراد کے لئے خاص طور پر موافق ثابت ہوگا جو گروہی سرگرمیوں میں ملوث ہیں یا کسی خاص مقصد کے لئے تحریک چلا رہے ہیں یا جو سیاسی، فلاحی اور سماجی کاموں میں ملوث ہیں۔ آپ کے مقاصد خواہ کچھ ہوں اس وقت حالات کو بہتر بنانے اور بلند امیدیں قائم کرنے کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔

۲۶ اگست کو مریخ زحل سے قران کرے گا لہذا محتاط رہیں قریبی لوگ سخت دشمنی کریں گے۔ آپ کی امیدیں کسی اہم معاملے میں ختم ہوجائیں گی۔ ہاتھ میں آئی کامیابی دور ہوجائے گی۔ لوگ دوستی میں دشمنی نبھائیں گے۔ بے حد ذہنی کوفت اور مالی نقصان ہوگا۔ ۲۶ اکتوبر سے ۵ دسمبر تک مریخ طالع ہوگا۔ اگر زیادہ مرکزی حیثیت حاصل کرنا چاہتے ہیں یا کوئی نیا کام شروع کرنا ہے تو باقوت اور جارحانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے نہ ڈریں۔ نیا کام یا نئی ملازمت شروع کرنے یا تنخواہ میں اضافے کے لئے درخواست کرنے کے لئے ۵، ۹، ۱۷ اکتوبر سعد ثابت ہوگی تاہم ۲۲ ستمبر، ۱۱، ۱۳ نومبر اور شروع دسمبر میں غیر موافق اوقات ہیں ان دنوں جلد بازی، لاپرواہی یا جارحانہ رویے کی وجہ سے مسائل پیدا کرلیں گے ان دنوں لوگوں کے رویے کی وجہ سے اپنے آپ کو پُرسکون رکھنا آسان نہیں ہوگا یا کوئی مسئلہ جو اندر ہی اندر پک رہا ہوگا اس کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اپریل میں عطارد زحل کی تثلیث، عطارد مشتری کی تربیع، عطارد یورنس کا قران، عطارد پلوٹو کی تربیع، عطارد مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ چاروں اطراف سے آپ مسائل میں جکڑے جائیں گے۔ چاہے وہ گھر، شریک زندگی، ملازمت، کیریئر یا محبت کے معاملات ہوں کچھ لوگوں کی کشش بری طرح متاثر کرے گی۔ معلومات، تعلیم اور تبادلہ خیالات سے متعلق تمام معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ چنانچہ یہ وقت ذہنی لحاظ سے سرگرم ثابت ہوگا۔ نئی صلاحیتیں پیدا کرنے یا فاضل اوقات کے مشاغل اور تخلیقی دلچسپیوں کے بہتر استعمال کے سلسلے میں خاصی کامیابی حاصل ہوگی۔ اگر بچے ہیں تو اپریل میں کسی بچے کی وجہ سے خوشی ملے گی۔

عطارد آپ کے کام اور پیشہ وارانہ معاملات پر حکومت کرتا ہے چنانچہ مئی اور جون ان امور کے لحاظ سے اہم ثابت ہوگا۔ وہ لوگ جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں یا جو اپنی تخلیقی اور تیکنیکی صلاحیتوں کو نفع بخش اور مفید استعمال میں لانا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ مئی کا آخر کاروباری یا تفریحی نوعیت کے اہم سفر کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ سفر یا خط و کتابت کے ذریعے ہم مزاج افراد سے تعلقات قائم ہوں گے۔ عطارد ۱۲، ۱۶ مئی کو سعد نظر قائم کرے گا۔ عطارد ۱۸ جولائی کو طالع کے مقابل ہوگا اسے یہاں ۷ جون سے یکم جولائی تک رجعت و استقامت رہے گی۔ ۱۳ اگست کو عطارد مشتری سے قران اور مریخ سے تربیع بنائے گا۔ معاہدات اور نئے تعلق کی بنیاد رکھی جائے گی۔ کیریئر کے معاملات میں اہم افراد سے بحث یا تکرار نقصان دے گی۔

جون میں مریخ یورنس اور پلوٹو کے ساتھ سخت نظرات قائم کرے گا۔ یہ تمام کواکب اس وقت زائچے میں بہت باقوت ہونگے۔ چنانچہ ۱۴ اور ۲۵ تاریخ کو گھریلو انتشار کے لئے تیار رہیں۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو اس وقت ان سے تعلقات میں خرابی پیدا ہوگی۔ ان تاریخوں کے قریب قریب گھر میں حادثات پیش آنیکا اندیشہ بھی ہے۔ چنانچہ بہت محتاط رہیں۔

وہ افراد جو گھر کی تبدیلی یا جائیداد کے لین دین میں ملوث ہیں ان کے لئے یہ سال مشکل یا سخت ثابت ہوسکتا ہے۔ تاہم اگست کے شروع اور آخر میں رکاوٹوں سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ آپ جائیداد خریدیں یا لیز پر لیں جگہ کا تفصیلی معائنہ ضرور کریں اور جہاں تک قانونی اصول و قواعد کا تعلق ہے مختصر راہ اختیار کرنے کی کوشش ہرگز نہ کریں اس وقت کچھ زیادہ رقم خرچ کرکے فائدے ہیں گے۔ کیونکہ طویل مدت میں کسی بڑے خرچ سے بچ جائیں گے۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

مشتری وسط جولائی تک طالع کے مقابل رہے گا۔ اس گھر کا تعلق شادی اور کاروباری شراکتی معاملات سے ہے۔ مشتری سعد ستارہ ہے۔ چنانچہ اس سال کسی شخص سے قریبی تعلق کے ذریعے زندگی کے خوشگوار ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

وہ افراد جن کا سال کے پہلے چھ ماہ میں شادی کرنے کا ارادہ ہے انہیں حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑے گا۔ مشتری شروع سال سے ۳ مارچ تک رجعت میں رہے گا شادی شدہ افراد کو اخراجات کے لحاظ سے یہ وقت موافق ثابت نہ ہوگا۔ تاہم مارچ سے وسط جولائی تک کا وقت ایسا ہوگا۔ جب شریک کے ساتھ گھریلو یا مالی معاملات کی وجہ سے اختلافات یا جھگڑے دور ہو جائیں گے۔ ۲۰ اپریل کو مشتری یورنس کی تربیع ہوگی۔ اس وقت جدی سے متعلقہ آدمی حاکمانہ رویہ کا اظہار کریں گے۔ جس کی وجہ سے اختلافات پیدا ہوں گے۔ چنانچہ انہیں محتاط رہنا چاہئے۔ محبت کے معاملات میں اگر جذباتی بحران یا علیحدگی سے واسطہ پڑا تو اپریل کی ۱۵ سے ۲۳ کے دوران اس بات کا امکان ہے۔

تاہم یہ ایسا وقت ہوگا جب قریبی تعلقات کے ذریعے جذباتی سکون سے واسطہ پڑے گا۔ وہ افراد جنہیں گزشتہ سالوں میں محبت یا شادی کے معاملات میں ناخوشگوار حالات کا سامنا رہا ہے اب انہیں تسلی بخش حالات سے واسطہ پڑے گا۔ وہ افراد جن کی طلاق یا علیحدگی ہو چکی ہے انہیں زندگی بنانے کا دوبارہ موقع ملے گا۔ جن دنوں مشتری سعد نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں ہم مزاج افراد سے متعارف ہونے کا امکان ہے۔ چنانچہ نوٹ کر لیں کہ یہ اوقات مئی کا پہلا و آخری ہفتہ، وسط جون ہیں۔ وہ نوجوان افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت رکھتے ہیں ان کے لئے سعد اوقات مارچ کا پہلا نصف حصہ، ۱۶ مئی سے ۱۰ جون، جولائی کا دوسرا حصہ، وسط اگست، ستمبر کا تیسرا ہفتہ، ۱۱۴ اکتوبر سے ۴ نومبر ہیں۔ دسمبر کے شروع کے دس دنوں میں غیر متوقع ملاقاتوں کا امکان ہے، جو جلد ہی قریبی تعلق میں بدل سکتی ہیں۔ ان دنوں کسی دوست کی منگنی یا شادی کی خبر ملنے کا بھی امکان ہے۔ یہ سعد اوقات سوشل زندگی کے لحاظ سے بھی موافق ثابت ہوں گے۔ ان دنوں نئے دوست بنانے اور ہم مزاج افراد سے ملنے کے مواقع ملیں گے۔

مشتری نہ صرف یہ کہ قریبی تعلقات کی موافقت میں ہوگا بلکہ اس سال کے دوران ہر قسم کے شراکتی تعلقات آپ کی زندگی میں اہم اور منفعت بخش کردار ادا کریں گے۔ کاروباری شراکتیں بھی خوش بختی لائیں گی۔ جولائی کے بعد مالی فائدہ اور کاروباری کامیابی دوسروں کے ذریعے حاصل ہوں گی۔ کیونکہ ۱۷ جولائی کو مشتری آٹھویں گھر میں ہوگا۔ اس وقت مادی اثاثوں کو بہتر بنانے کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔ ماضی کی کوششوں اور تجربات کا اجر ملنے لگے گا۔ اگر کاروبار کو وسعت دینا چاہتے ہیں لیکن مالی تنگی یا دوسری رکاوٹوں کی وجہ سے ایسا نہیں کر سکے ہیں تو سال کے آخری چار ماہ میں حالات بہتر ہو جائیں گے۔

وہ افراد جنہیں ترکہ ملنے والا ہے یا کسی نوعیت کی قانونی ادائیگی ہونے والی ہے انہیں اگست کے بعد کچھ اچھی خبریں ملیں گی۔ یہ وقت مالی لحاظ سے غیر متوقع خوش بختی لا سکتا ہے۔

زحل اسی سال امیدوں، دوستی اور خواہشات کے گھر میں رہے گا۔ ۱ سے ۲ مارچ سے ۲۱ جولائی تک رجعت و استقامت رہے گی۔ ۲۴ مئی کو مشتری سے تثلیث ہوگی۔ اکثر لوگ رتبے، عہدے اور عزت میں ترقی اور جاہ طلبی کی خواہش رکھیں گے اور اکثر کو کامیابی ہوگی۔ زحل کا مریخ کے ساتھ ۲۶ اگست کو قران کرے گا۔ اس کی وجہ سے کسی دوست سے ناچاقی ہوگی یا کاروباری غلطی کا ارتکاب کریں گے۔ جس کی وجہ سے تباہی و بربادی آ سکتی ہے۔ چنانچہ اس کے اثرات سے بچنے کے لئے چند باتوں کو ذہن میں رکھیں کہ اچھی نصیحت یا ہدایت یہ ہے کہ کسی نوکر یا ملازم کی ایمانداری اور دیانتداری پر بہت زیادہ اعتماد نہ کریں اور نہ ہی اس عرصہ میں جائیداد کی خرید و فروخت کریں۔

وہ لوگ جن کو گزشتہ سالوں میں سخت حالات کا تجربہ ہوا ہوگا ان کو عارضی طور پر یہ خطوط، معاہدات اور قانونی معاملات غلط ہوتے نظر آئیں گے۔ خاندان والوں سے جھگڑے رہیں گے۔ یہ محض زحل کی کمزور حالت کی وجہ سے ہوگا اور انہی وجوہات کی بناء پر صحت پر برا اثر پڑے گا۔ نومبر کے پہلے ہفتہ اور دسمبر کے پہلے ہفتہ میں وہ دوست جو کئی سالوں سے نہیں ملے دوبارہ زندگی میں آئیں گے۔ بعض سابقہ محبوب سے ملیں گے۔ بعض کا واسطہ ایسے فرد کے رومان سے ہوگا جو عمر میں بڑا ہوگا اور یہ شاید ساتھ کام کرنے یا کر چکنے کی وجہ سے واقفیت ہو یا یوں سمجھیں کہ ماضی کے افراد مستقبل کے حالات و واقعات میں اہم کردار ادا کریں گے۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

2014 کے امکانات





والوں کے لئے جن کی پیدائش جنوری ۲۱ سے ۱۹ فروری کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل س۔ ش۔ ص۔ ث ہے

مشتری وسط جولائی تک برج سرطان میں رہے گا۔ جو چھٹا برج ہے۔ صحت اور ملازمت کے امور سے متعلق ہے۔ یہ وقت کام اور پیشہ وارانہ معاملات کے لحاظ سے موافق حالات لائے گا۔ موزوں مواقع کی کمی نہیں ہوگی وہ لوگ جو کام کے معمولات اور صورتحال سے غیر مطمئن ہیں تبدیلیاں لانے کے متعلق اب اپنے آپ کو زیادہ بااعتماد محسوس کرنے لگیں گے۔ تاہم سال کے شروع کے دو ماہ میں کام کے معاملات میں جلد بازی نہ کریں اور اگر ملازمت یا کام سے متعلق کوئی پیش کش ہو تو بے حد محتاط انداز میں غور کریں کیونکہ اس وقت ظاہری حالتیں دھوکہ دے سکتی ہیں چنانچہ حقائق کی جانچ پڑتال ایک سے زیادہ دفعہ کریں اور بلند بانگ وعدوں سے ہوشیار رہیں۔ سال کے شروع سے زہرہ، مشتری رجعت میں ہونگے۔

زحل شروع سال سے وتد السماء پر ہوگا۔ جہاں وہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے مقیم ہے اب اپنا آخری سال گزارے گا۔ اس دوران زندگی کے عملی معاملات پر بے انتہا قوت اور توجہ صرف کی ہوگی۔ پچھلے سال سے کیریئر کے معاملات ہی بنیادی توجہ کا مرکز رہے ہوں گے۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات بے پناہ دباؤ کے تحت کام بھی کر رہے ہوں گے۔ لیکن اب مستقبل قریب میں کوششوں کا اجر ملنے کی توقع رکھیں۔ زحل ۷ فروری سے ۲۵ جون تک رجعت کی حالت میں ہوگا۔ ۲۵ جون کو اسے استقامت ہو جائے گی۔ اس تاریخ کے قریب رونما ہونے والے حالات کے نتیجے میں موجودہ مقاصد کے لحاظ سے بے حد مصروفیت سے واسطہ پڑے گا۔ ۲۴ مئی کو مشتری زحل کی تثلیث ہوگی۔ زحل کی وتد السماء پر موجودگی کی وجہ سے اس وقت از سر نو ترتیب کی ضرورت ہوگی۔ مقصد کو آگے بڑھانے کے سلسلے میں سوچ اور ارادوں میں بہت شدت آجائے گی۔ اس تمام سرگرمی کے نتیجے میں مالی حالت میں بہتری آئے گی اور مالی لحاظ سے زائد استحکام کا احساس پیدا ہوگا۔ ۹ جولائی کو شمس زحل کی تثلیث، ۱۱ ستمبر کو شمس زحل تسدیس اور ۱۸ نومبر کو شمس زحل کا قران ہوگا جو زندگی میں ترقی اور وسعت لائے گا۔

مریخ شروع سال سے ۲۶ جولائی تک نویں گھر میں رہیگا۔ یہ ایک طویل عرصہ ہوگا جس میں کام کے دباؤ میں خاصہ اضافہ ہوسکتا ہے۔ اسی دوران مریخ کو یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت و استقامت ہوگی جس کی وجہ سے یہ محسوس کر سکتے ہیں کہ آپ کا استحصال کیا جارہا ہے۔ تاہم بہتر ہوگا کہ اس دوران کوئی قدم اٹھانے سے پرہیز کریں۔ ۹ جنوری کو مریخ مشتری کی تربیع ہوگی۔ اس وقت کاروباری مشکلات سے آپ کی صحت پر بہت برا اثر پڑے گا۔ ۲۳ اپریل کو مریخ کی مشتری، یورنس اور پلوٹو سے نحس نظریں قائم ہونگی۔ ان نظروں کی قوت آپ کی وہ رشتہ دار جن سے آپ ملنا نہیں چاہتے، دوستوں اور کاروباری دشمنوں سے آمنا سامنا ہوگا۔ کسی سرگرمی میں ملوث کیا جائے گا آپ کو بہت سوچ بوجھ اور ہوشیاری سے کام لینا ہوگا۔

۱۴ اور ۲۵ جون کو بھی ایسی ہی صورت حال سے واسطہ پڑے گا۔ دشمن دھوکہ یا کاری ضرب لگائیں گے۔ ۱۲ اگست کو مریخ مشتری کی تربیع اور ۲۶ اگست کو مریخ زحل کا قران ہوگا۔ کسی بھی شراکت داری سے الگ ہو جائیں گے۔ ملازمت سے نکال دیا

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

جائے گا۔ یا بھاری مالی نقصان دیا جائے گا۔ آپ کو کوئی ایسا زخم آئے گا جس سے سخت تکلیف اٹھائیں گے۔

۵ دسمبر کو مریخ طالع میں آجائے گا۔ تو اس دن سے تبدیلی یا موزوں ملازمت کے حصول کے لئے جو کوششیں کریں گے وہ کامیاب رہیں گی۔ اس دوران آپ کے مقاصد میں تیزی اور زور پیدا کرے گا۔ اس وقت جو حالات رونما ہوں گے یا جن لوگوں سے ملاقات ہوگی وہ آپ کے خود اعتمادی میں اضافہ کریں گے۔ اور صحیح سمت میں رہنمائی کریں گے۔ اس وقت زیادہ باوقار اور پرزور رویہ اختیار کر سکتے ہیں۔ یہ بات ذہن میں رہے کہ اس وقت ذاتی کوشش ہی کامیابی لائیں گی۔ طالع میں مریخ کی موجودگی کی وجہ سے جدوجہد کے موڈ میں ہوں گے۔ ۲۱ دسمبر کو مریخ یورنس کی تسدیس ہوگی رکاوٹوں اور مخالفتوں کا با آسانی مقابلہ کر سکیں گے۔ یہ وقت ان لوگوں کے لئے خاص طور پر موافق ثابت ہوگا، جو فلاحی تحریک یا کسی مقصد کے لئے کام کر رہے ہیں یا سیاست اور سماجی معاملات میں ملوث ہیں۔ وہ اس وقت زیادہ اہم پوزیشن میں آجائیں گے۔

مشتری شروع سال سے رجعت میں ہوگا۔ ۶ مارچ کو اسے استقامت ہو جائے گی۔ چنانچہ اس کے بعد کام اور ملازمت کے معاملات تسلی بخش ہو جائیں گے۔ اس وقت نہ صرف یہ کہ مالی اور مادی فوائد حاصل ہوں گے بلکہ ایسی جگہ کام کرنے کا موقع بھی مل سکتا ہے۔ جہاں سماجی صلاحیتوں کے علاوہ تخلیقی صلاحیتوں کی افزائش اور اظہار کا موقع بھی ملے گا۔ اگر آپ کاروبار کرتے ہیں یا آنے والے مہینوں میں ذاتی کاروبار کرنے کا ارادہ ہے تو اس وقت قسمت ساتھ دے گی اور اگر ملازمت تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو ۲۵ اپریل سے ۱۰ جولائی تک کا عرصہ زیادہ موافق ثابت ہوگا۔ ۶ مئی کو شمس مشتری کی تسدیس، ۲۴ مئی کو مشتری زحل کی تثلیث، ۱۸ جولائی کو زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔

۱۶ جولائی تک مشتری صحت پر بھی موافق اثر ڈالے گا۔ وہ افراد جو کسی پرانی بیماری یا آپریشن سے تکلیف اٹھا رہے ہیں یا کسی حادثے یا سے تکلیف اٹھا رہے ہیں ان کے لئے یہ وقت بہتری اور آسانی لائے گا۔ وہ افراد جو اپنی جسمانی حالت اور ساخت بہتر بنانا چاہتے ہیں انہیں اس سعد وقت سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔

مشتری ۱۷ جولائی کو برج اسد ساتویں گھر میں داخل ہو جائے گا۔ اس گھر کا تعلق کاروباری شراکت اور شریک زندگی کے معاملات سے ہے چنانچہ یہاں شادی، کاروباری شراکت اور مشترکہ دلچسپیوں کے ذریعے فائدہ دے گا۔ یعنی اب دوسروں کے ذریعے فائدہ ملے گا۔ سال کے آخر چھ ماہ ان افراد کے لئے خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوں گے جو شراکت میں کاروبار کرنا چاہتے ہیں یا جو نئے لوگوں سے تعلقات قائم کر کے مختلف کام کرنا چاہتے ہیں اس خوش قسمت وقت کے دوران کاروباری گفت وشنید اور ہر قسم کے معاہدے خوش بختی اور کامیابی لائیں گے۔ قانون دان یا دوسرے ماہرین سے مشورے کے لئے بھی وقت موافق ثابت ہوگا۔ ۲۵ جولائی، ۱۸ اگست، ۱۰ ستمبر، ۹، ۱۱، ۱۴ اکتوبر، یکم نومبر، ۵، ۱۲، ۱۴ دسمبر کو مشتری سعد نظرات قائم کرے گا۔

۱۷ جولائی سے قریبی ذاتی تعلقات، محبت اور شادی کے معاملات زیادہ اہمیت کے حامل ہو جائیں گے۔ شادی شدہ افراد کے لئے یہ وقت مادی اور جذباتی لحاظ سے زیادہ پرسکون ثابت ہوگا۔ مالی حالت بہتر ہو جانے کی وجہ سے معیار زندگی بہتر بنا سکیں گے۔ وہ افراد جن کا اس سال شادی کرنے کا ارادہ ہے انہیں موافق حالات سے واسطہ پڑے گا۔ جبکہ وہ افراد جنہیں کسی وجہ سے شادی میں رکاوٹ یا انتشار سے واسطہ پڑ چکا ہے ان کے لئے ۲۵ ستمبر کو مشتری یورنس کی تثلیث سے حالات میں تبدیلی آئے گی جس سے راستہ آسان ہو جائے گا اور ان کی خواہش پوری ہو سکے گی۔

مشتری آپ کے دوستی کے گھر کا حاکم ہے۔ چنانچہ سال کے آخر چھ ماہ میں جو نئے دوست زندگی میں داخل ہوں گے۔ وہ نہ صرف مادی لحاظ سے خوش قسمت ثابت ہوں گے۔ جبکہ ذہنی اور روحانی لحاظ سے بھی مفید ثابت ہوں گے۔ کام کے معاملات یا کوئی اہم مقصد جسے حاصل کر چاہ رہے ہیں اس کے حصول کے سلسلے میں خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوں گے کسی ایسے شخص سے ملاقات کا امکان بھی ہے جو کسی نئی دلچسپی کی ترغیب دے گا۔ جو فلسفیانہ اور مابعد الطبیعاتی نوعیت کی ہو سکتی ہے۔ اس وقت روحانیت اور متبادل طرز زندگی میں دلچسپی رکھنے والے لوگوں سے متعارف ہونا بھی آسان ہوگا۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

تاہم اس سال کے دوران بعض اوقات یہ محسوس کریں گے کہ اکیلے کام کرنا ہوگا یا یہ محسوس ہوگا کہ لوگوں کی وجہ سے کام میں رکاوٹ پڑ رہی ہے۔ کچھ خاص ساتھیوں کے ساتھ مفادات کا تصادم ہوگا۔ جس کے نتیجے میں گروہی سرگرمیوں میں رکاوٹوں سے واسطہ پڑے گا۔ یہ غیر موافق اوقات شروع جنوری، ۹، ۱۶، ۲۳ اپریل، ۲۵ جون، ۱۹ جولائی، ۱۲ اگست، ۲۲ ستمبر اور ۱۱ نومبر ہیں، یہ سیاسی اور سماجی سرگرمیوں میں ملوث افراد کو ان تاریخوں میں متنازعہ معاملات سے پہلو بچانا مشکل ہو جائے گا۔ وہ افراد جو کسی خاص مقصد کے لئے لڑ رہے ہیں۔ حالات کو پرسکون رکھنے کے لئے انہیں کچھ فوری نظر ثانی کی ضرورت پڑے گی۔ کسی دوست سے علیحدگی یا جدائی کا اندیشہ ہے یا پھر کسی منصوبے کو ہی ختم کرنا پڑے گا۔

زہرہ شروع سال سے بارہویں گھر میں ۵ مارچ تک رہے گا اسے یہاں شروع سال سے ۳۰ جنوری تک رجعت و استقامت رہے گی۔ ان دنوں فلاحی سرگرمیوں اور چندہ اکٹھا کرنے کے سلسلے میں لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ فیشن ڈیزائینگ اور ملبوسات کی نمائش کامیاب رہے گی۔ اس وقت اپنی صحت اور شخصیت پر پوری توجہ دیں۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۲۳ جون کو زہرہ پانچویں گھر میں آجائے گا تو غیر متوقع طور پر محبت کا عنصر داخل ہوگا اور آپ کی سوشل زندگی، واقفیت اور دوستی میں بھی اضافہ ہوگا۔ ۱۳ جولائی کو زہرہ مریخ کی تثلیث کی نظر کے نزدیک ملنے والی شخصیت زندگی میں اہمیت اختیار کر جائے گی۔ ۱۱ اکتوبر کو زہرہ مشتری کی تسدیس ہے آنے والی محبت سے پچھلے تعلقات متاثر ہوں گے۔ نئی محبت یا تعلق زیادہ عرصہ تک قائم نہ رہ سکے گی۔ ۶ سے ۲۸ ستمبر تک زہرہ آپ کے سفر کے گھر میں ہوگا تو سفر میں محبت کا عنصر داخل ہوگا۔ طویل سفر یا چھٹیاں بہت خوشیاں لائیں گی۔ کشیدہ شادی شدہ تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے بھی وقت سازگار رہوگا۔

۱۷ نومبر سے ۱۰ دسمبر تک زہرہ دوستوں کے گھر میں ہوگا تو آپ کی امیدوں اور خواہشات کو پورا کرے گا۔ ۲۷ نومبر کو زہرہ تثلیث یورنس ہوگی تو سفر سے بھی آپ کو بہت کچھ ملے گا۔ نئے دوست بنیں گے اور سوشل زندگی میں اضافہ ہوگا۔ پرانے اور گہرے تعلقات مضبوط بن جائیں گے۔ ۵ دسمبر کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی اس وقت دوسرے آپ کی توجہ چاہیں گے لیکن اس دوران آپ نئی محبت پر زیادہ توجہ نہ دے سکیں گے۔ قریبی تعلق اور محبت کے معاملات کو جانچنے کا یہ وقت ہوگا۔

عطارد ۱۲ جنوری سے طالع میں آجائے گا جب یہ خانہ مال میں داخل ہوگا تو اسے یہاں ۷ تاریخ کو رجعت ہو جائے گی۔ ۱۴ فروری کو واپس طالع میں داخل ہوگا اور ۲۸ فروری کو مستقیم ہوگا اس طرح شروع سال سے زندگی میں معاملات میں ست روی آئے گی۔ تاہم آپ کے کام ہو جایا کریں گے۔ لیکن جن لوگوں سے توجہ چاہتے تھے وہ تعاون پر تیار نہ ہونگے اور بہانے تلاش کریں گے۔ ان اوقات میں دوسروں پر بھروسہ نہ کریں۔ کیونکہ اس وقت لوگ وعدہ خلافی کریں گے اور جو معلومات حاصل ہوں گی۔ وہ غلط راہ پر ڈالنے والی ہوں گی نیز گفت وشنید اور رسل ورسائل میں التواء اور تاخیر سے واسطہ پڑے گا۔

عطارد ۱۷، ۲۴ جنوری، ۱۴، ۲۳، ۲۶، ۲۸ مارچ سفر، رابطے، رسل ورسائل، کاروباری گفت وشنید اور خط وکتابت کے لحاظ سے سعد تاریخیں ہوں گی۔ ۷ اپریل کو عطارد تیسرے گھر میں ہوگا رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا جس سے سفر خوشگوار رہیں گے اور رسل ورسائل اور تعلیمی سرگرمیوں کو خصوصی اہمیت حاصل رہے گی۔ ۲۳ جون کو پانچویں گھر میں ہوگا اس گھر میں داخل ہونے سے قبل ۷ جون کو رجعت کر جائے گا اور یکم جولائی کو مستقیم ہوگا۔ محبت کے معاملات، بچوں کی خوشی ہو یا تفریح یہ سب معاملے آپ کو تقسیم کر دیں گے۔ کسی ایک جگہ رہنا دوسرے کو ناراض کرے گا۔ ۲۵ جولائی کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی جو لوگ سفر کا ارادہ نہیں رکھتے، انہیں سفر کرنا پڑے گا یا کسی غیر ملک میں رہنے والے شخص سے رابطے یا ملاقات کے ذریعے خوشی ملے گی۔ کوئی اہم کام ہو جائے گا۔


۱۵ اگست کو عطارد طالع کے مقابل ہوگا ۲۵ اگست کو عطارد مریخ اور زحل سے تسدیس کی نظر بنائے گا اس وقت کسی استاد یا کسی دوست سے بہت مدد ملے گی جس سے ذہنی دباؤ ختم ہو جائے گا۔ عطارد ۱۰ ستمبر اور یکم نومبر کو مشتری سے تسدیس بنائے گا کاروباری معاملات اور معاہدات میں بڑی پیش رفت ہوگی۔ اس وقت سفر بڑی اہمیت کا حامل ہوگا۔

۲۰۱۴ء اگرچہ کسی قدر مشکل ثابت ہوگا، جو کئی رکاوٹیں اور کچھ مخالفتیں لائے گا۔ تاہم مجموعی طور پر وسعت لانے والا سال ہوگا جو کیریئر کے معاملات کو بہتر بنا دے گا۔ اور ہر قسم کے تعلقات کے ذریعے خوش بختی کے امکانات میں اضافہ کر دے گا۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

حوت

2014 کے امکانات



والوں کے لئے جن کی
پیدائش فروری ۲۰ سے ۲۰
مارچ کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل - د - چ ہے

حالات کے لحاظ سے سال کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ شروع سال سے وسط جولائی تک کا وقت زیادہ موافق ثابت ہوگا۔ کیونکہ مشتری طالع کی موافقت میں ہوگا۔ اس کے بعد وہ برج تبدیل کر لے گا۔ جس سے اس کی موافقت میں کسی قدر کمی آجائے گی۔ اس سال رونما ہونے والے کچھ واقعات اور تجربات کے نتیجے میں کئی لحاظ سے آپ کے طرزِ زندگی اور شخصیت کو ایک نئی زندگی ملے گی۔ چنانچہ اہم مواقع ملیں گے اور وقت کے ساتھ حرکت کرنے کا موقع ملے گا۔ یہ ایسا سال ہوگا جب خود بھی اپنے آپ کو معمول سے زیادہ جاہ طلب اور مہم جو محسوس کریں گے اور یہی وہ رویہ ہوگا جو اس سال خوش بختی کے حصول میں مدد دے گا۔

اس سال جو مثبت تبدیلیاں آئیں گی وہ دراصل کسی شخص یا گروہ سے ملاقات کا نتیجہ ہوگی۔ جو زندگی سے متعلق آپ کے طور طریقے پر عمیق اثر ڈالے گا۔ جس سے اظہارِ خیال اور کیریئر سے متعلقہ دلچسپیوں میں نئی سوچ پیدا ہوگی۔

عطارد شروع سال سے گیارہویں گھر میں ہوگا۔ ۱۲ تاریخ کو بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ یہاں اسے ۷ سے ۲۸ فروری تک رجعت و استقامت رہے گی۔ چنانچہ اس وقت دوست اور ملنے جلنے والے کسی قدر ناقابلِ بھروسہ ثابت ہوں گے۔ ان کے خیالات اور اقدامات میں تبدیلی آتے دیر نہیں لگے گی۔ چنانچہ دوسروں کی ناپائیداری اور ناقابلِ اعتبار ثابت ہونے کی وجہ سے کچھ منصوبوں کو مجبوراً ملتوی کرنا پڑے گا۔ بہتر ہوگا کہ فروری کے آخر تک اپنے پروگرام میں لچک رکھیں اور دوسروں کے وعدے پر زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ عطارد ۲۹ اپریل سے ۲۳ جون تک تیسرے گھر میں گا اسے یہاں ۷ جون سے یکم جولائی تک رجعت و استقامت رہے گی۔ عطارد ۱۷، ۲۴ جنوری، ۲۶، ۲۸ مارچ، ۳، ۱۵، ۲۶، ۳۰ اپریل، ۱۲، ۱۶ مئی کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

۱۵ اگست کو عطارد ساتویں گھر میں ہوگا تو گفت و شنید سے کامیابی حاصل کر سکیں گے۔ اپنے نظریات کو اچھے طریقے سے دوسروں کے سامنے واضح کرنے کا وقت ہوگا۔ ستمبر کے شروع میں روزمرہ سے ہٹ کر تفریحی سفر آپ کو بہت کچھ دے جائے گا۔ ۲۵ کو عطارد زحل تسدیس، ۱۰ ستمبر کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی جس سے سفر کا تعلق اگر سوشل امور سے ہے تو ضرور سفر کریں۔ دوست کی طرف سے موصول ہونے والا پیغام آپ کو خوشی دے گا۔ یہ نظر شادی و نسبت کے لیے موافق ہوگی اور قانونی معاملات، شراکت داری کے امور اور ظاہری دشمنوں سے نمٹنے کے لیے قوت فراہم کرے گی۔ ۲۸ ستمبر کو عطارد نویں گھر میں ہو گا اسے یہاں ۴ سے ۲۵ اکتوبر تک رجعت و استقامت رہے گی۔ تو سفر اور سوشل کاموں کی طرف دباؤ رہے گا۔ ذہنی ہم آہنگی والے افراد سے فائدہ ملے گا۔ یہ وقت کسی کلب میں شمولیت کے لئے بھی اچھا ہوگا۔ یکم نومبر کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ اگر آپ چھٹیوں پر جانا چاہتے ہیں تو ضرور جائیں اگر سفر میں خرید و فروخت کا سامان بھی لے جانا چاہیں تو لے جا سکتے ہیں۔ ۲۶ نومبر کو عطارد زحل کا قران اور یکم دسمبر کو عطارد نپ چون کی تربیع ہوگی۔ لہٰذا کسی قریبی شخص کے متعلق آپ کو جو اطلاع ملے گی کہ وہ صحیح نہیں ہوگی، اس میں آپ سے بہت سی باتیں چھپائی جائیں گی۔ ۲۸ دسمبر کے قریب کسی متوقع شخصیت کی آمد ہوگی۔

زحل طویل سفر اور اعلیٰ تعلیمی سرگرمیوں، قانونی معاملات سے متعلقہ گھر میں ۲۳ دسمبر تک رہے گا پھر اس گھر سے نکل

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

جائے گا- اس یہاں ۲ مارچ سے ۲۱ جولائی تک رجعت واستقامت رہے گی۔ چنانچہ حوتی افراد اب بنیادی طور پر ایسے دور میں داخل ہو رہے ہیں- جو ذاتی لحاظ سے ترقی اور کامیابی لائے گا- یہ وقت کردار کے فلسفیانہ یا روحانی پہلو کی بہتری کے لحاظ سے نئے خیالات کی تلاش کا متقاضی ہوگا- رونما ہونے والے حالات دنیا کو ایک نئی نظر سے دیکھنے کی ترغیب دیں گے- پختگی کے عمل کے دوران نئے تجربات ہوں گے- جو ذہنی قوتوں کو سرگرم بنائیں گے اور معلومات میں اضافے کی ترغیب دیں گے- موجودہ کو ایسی صورتحال باطنی روحانی ترقی کے لحاظ سے وسعت کی نشاندہی کر رہی ہے، جس سے زندگی بہت بہتر ہو جائے گی-

۱۶ جولائی تک مشتری پانچویں گھر میں ہوگا۔ شروع جنوری سے ۶ مارچ تک رجعت واستقامت رہے گی۔ اس گھر کا تعلق اظہار خیال، تخلیقی سرگرمیوں، سماجی میل جول، سیر وتفریح اور محبت کے معاملات سے ہے۔ اس وقت مشتری طالع کی موافقت میں ہوگا۔ جس سے خوش بختی میں اضافہ ہوگا اور مقاصد اور جاہ طلبی کے لحاظ سے اپنے آپ کو بے حد خوش امید محسوس کریں گے۔ مادی اور نفسیاتی لحاظ سے زندگی کو بہتر بنانے کا موقع ملے گا۔ یکم مارچ کو شمس مشتری کی تثلیث ہوگی مالی حالات کافی بہتر ہو جائیں گے ایسا محض کیریئر یا کاروباری کامیابی کی وجہ سے نہیں ہوگا۔ بلکہ حالیہ سالوں میں اخراجات پر قابو پانے کی کوشش کی گئی ہوگی یا پھر سیونگ سرٹیفکیٹ سے منافع حاصل کیا گیا ہوگا۔ نیز ایسے معاملات میں غیر متوقع خوش بختی کا امکان بھی ہے۔

مشتری باطنی ترقی علم، معلومات اور حکمت ودانشمندی میں اضافے کے زائد مواقع میسر آنے کی نشاندہی کر رہا ہے۔ تعلیم سے متعلقہ تمام معاملات کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اگر اپنی دلچسپیوں کو وسعت دینا اور تعلیمی قابلیت میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں یا روحانی ترقی کے خواہاں ہیں تو اس وقت اپنی کوششوں کو تیز کر دیں کوئی بھی ایسا کام یا سرگرمی جس کے ذریعے ذہن کو بہتر بنانے اور وسعت دینے کا موقع ملے اس میں شامل ہوں اور جس کے ذریعے سوشل تعلقات میں اضافہ ہو بے حد تسلی بخش وقت ثابت ہوگا۔

مشتری جولائی تک محبت کے معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ ان معاملات میں اگر ماضی میں قسمت نے زیادہ ساتھ نہیں دیا ہے تو اب حالات میں یقیناً بہتری آئے گی۔ کواکب محبت کے معاملات کے لحاظ سے غیر معمولی اور اہم وقت کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ ۳۰ مارچ، ۱۱ مئی کو زہرہ اور مریخ کے سعد نظر قائم ہوگی چنانچہ اس وقت جن لوگوں کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوگا وہاں معاملات بہت بہتری سے آگے بڑھیں گے۔ ۱۳ جولائی کو دیرپا نوعیت کے تعلقات قائم ہونے کے زبردست امکانات ہیں۔ اس وقت زندگی میں داخل ہونے والا شخص ہم مزاج ہوگا۔ اس کی دلچسپیاں وہی ہوں گی جو آپ کی ہیں۔ شادی کے لئے بھی یہ مہینے موافق ثابت ہوں گے۔ اس کے علاوہ ۱۸ اگست کو زہرہ مشتری کا قران ہوگا اور ۱۱ اکتوبر سے ۴ نومبر اور ۵ دسمبر سے آخر دسمبر تک کا وقت بھی قریبی تعلقات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔

۱۷ جولائی کو مشتری چھٹے گھر میں داخل ہو جائے گا۔ جو کام، ملازمت اور صحت کے امور سے متعلق ہے۔ چنانچہ سال کے آخری چھ ماہ کا عرصہ کاروباری دلچسپیوں، مالی معاملات، روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات کے لحاظ سے تسلی بخش ثابت ہوگا۔ مرضی کے مطابق کام ملنے کے امکانات بڑھ جائیں گے۔ ذاتی کاروبار شروع کرنے کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ آمدنی اور ترقی کے امکانات میں اضافے کے لئے اب تک اگر خاصی کوشش اور وقت صرف کیا ہے تو اب اجر ملے گا۔ مشتری ۲۵ جولائی، ۳، ۱۸ اگست، ۱۰ ستمبر، ۹، ۱۱، ۱۴ اکتوبر، یکم نومبر اور ۵ دسمبر کو باقوت نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ یہ وقت اچھے مواقع لائے گا۔ اگر کوئی دلچسپ پیشکش ہو تو مثبت رویہ اختیار کریں خواہ اس کی وجہ سے شدید تبدیلی لانی پڑے۔

مریخ شروع سال سے آٹھویں گھر میں موجود ہوگا اور یہاں یہ ۲۶ جولائی تک رہے گا- اسے یہاں یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت واستقامت رہے گی۔ شروع کے دو ماہ میں غیر متوقع روپے کی آمد کی امید رکھیں- اس دوران ۹، ۱۶ جنوری کو محتاط رہیں- ۲۳ اپریل کو مریخ مشتری، پلوٹو اور یورنس سے نحس نظرات قائم کرے گا۔ لہٰذا اس وقت مالی معاملات پر سخت توجہ دینے کی ضرورت پڑے گی- ہوسکتا ہے کہ زیادہ روپیہ ہاتھ سے نکل جائے-

۱۴ ستمبر سے ۲۶ اکتوبر تک مریخ زائچے میں عزت ووقار کے گھر میں ہوگا۔ جہاں اس کی موجودگی مقاصد اور جاہ طلبی کے

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

سلسلے میں بے حد مدد آور ثابت ہوگی۔ اس وقت کیریئر کی ترقی کی پیش کش اور مواقع میسر آئیں گے چنانچہ اگر آگے بڑھنا چاہتے ہیں تو اپنی صلاحیتوں کو کم تر نا جانیں۔ وہ لوگ جو پیشہ وارانہ معاملات کے لحاظ سے اپنی موجودہ پوزیشن سے غیر مطمئن ہیں ضروری تبدیلیاں لانے کے سلسلے میں کوئی مثبت قدم اٹھانے کے لئے تیار ہو جائیں ان کے ارادوں میں اب مزید پختگی آجائے گی اگر فوری نتائج حاصل کرنا چاہتے ہیں تو خاصا پرزور اور مسابقتی رویہ اختیار کرنا پڑے گا۔ مریخ ۵، ۹، ۱۷، ۲۰ اکتوبر سعد نظر بنائے گا۔

وہ نوجوان حوتی افراد جو کیریئر کا آغاز کر رہے ہیں یا جو یہ فیصلہ نہیں کر پا رہے کہ انہیں کیا کرنا چاہیئے ان کے لئے ۲۱ نومبر اور یکم دسمبر کا وقت موافق ثابت ہوگا۔ مریخ صحیح سمت میں آگے بڑھنے میں ان کی مدد کرے گا۔ بعض نوجوان حوتی افراد کو اکتوبر میں روزگار یا ملازمت کے متعلق کچھ فیصلے کرنے پڑیں گے اگر کسی خاص ملازمت کو قبول کرنے کے متعلق کچھ شکوک ہیں تو کسی شخص کو خوش کرنے کے خیال سے ہرگز ہاں نہ کہیں۔

مریخ گیارہویں گھر میں ۲۶ اکتوبر کو داخل ہو جائے گا۔ اس وقت دوسروں سے مثبت رویئے اور تعاون کی توقع رکھیں۔ ۱۹ اکتوبر سے ۴ نومبر تک یکساں سوچ رکھنے والے افراد کے ساتھ کام کر کے گروہی سرگرمیوں میں شرکت کر کے یا ٹیم ورک کے ذریعے بہت کچھ حاصل کر سکیں گے۔ اہم مقاصد کو آگے بڑھانے یا کسی خاص تحریک کو (جسے آنے والے مہینوں میں آگے بڑھانا چاہتے ہیں) شروع کرنے کے لئے ۲۰۱۴ء کا یہ سب سے موافق وقت ثابت ہوگا۔ اس وقت مشتری طالع کی موافقت میں ہو گا۔ چنانچہ لوگوں سے ضروری تعاون حاصل کرنے میں نسبتاً کم مشکلات کا سامنا ہوگا۔ یکساں دلچسپیاں رکھنے والے افراد کے ساتھ کام کر کے فوری اور کامیاب نتائج حاصل کر سکیں گے۔

زہرہ شروع سال سے گیارہویں گھر میں ۵ مارچ تک رہے گا اسے شروع سال سے ۳۰ جنوری تک رجعت واستقامت رہے گی۔ زہرہ یہاں دوستوں کے حلقے کو بڑھا دے گا۔ اپنی دلچسپی اور سرگرمیوں میں مصروف رہیں گے۔ ۲۵ فروری کو زہرہ زحل کی تسدیس ہوگی تاہم اس وقت جانے پہچانے راستوں پر چلنا ہی ترقی اور کامیابی لائے گا۔ یہ وقت روپے کی آمد و رفت میں آسانی پیدا کرے گا۔ زہرہ ۱۶ اپریل سے ۳ مئی تک طالع میں رہے گا۔ یہ وقت سوشل زندگی اور سفر و تفریح کے زائد مواقع لائے گا۔ طالع میں یکم مارچ کو شمس مشتری کی سعد نظر قائم ہوگی۔ جس سے حالات کو تقویت ملے گی۔ نیز یہ نظر مادی خوش بختی بھی لائے گی اور یہ احساس پیدا کرے گی کہ جاہ طلبیوں اور مقاصد کے لحاظ سے صحیح سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ زہرہ محبت کے معاملات کو اہم بنا دے گا۔ ان معاملات کے لحاظ سے ۱۸، ۳۰ مارچ، ۱۸، ۲۵ اپریل اہمیت کی حامل ہوگی۔ ان دنوں غیر معمولی یا غیر متوقع واقعات پیش آئیں گے جس کے نتیجے میں زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوگا۔ تاہم ۳ مارچ، ۱۲ اپریل، ۵، ۱۴، ۱۶ مئی کی تاریخیں ذاتی اور قریبی تعلقات کے لحاظ سے احتیاط کی متقاضی ہیں۔

زہرہ ۱۸ جولائی کو پانچویں گھر میں داخل ہوگا یہاں یہ مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ اس وقت نقد زر کے بہاؤ میں آسانی رہے گی۔ زہرہ چونکہ آسائشات اور تعیشات سے بھی تعلق رکھتا ہے۔ لہٰذا سیر و تفریح اور زندگی کو آسان بنانے والی اشیاء پر روپیہ خرچ کرنے کے لحاظ سے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ زہرہ اگست میں ایک بار پھر محبت کے معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ یکم اگست کو زہرہ زحل کی تثلیث، ۱۸ کو زہرہ مشتری کا قران اور ۲۵ کو زہرہ یورنس کی تثلیث کی سعد نظر بنائے گا۔ ان نظرات کا اثر خاصا ڈرامائی ہوگا۔ جو لوگ مثالی ساتھی کی تلاش میں ہیں انہیں خوشگوار حالات سے واسطہ پڑے گا۔

محبت کے معاملات کے لحاظ سے سال کے آغاز میں مشکل وقت کا سامنا ہوگا۔ قریبی تعلقات میں شدت اور جذباتیت پیدا ہوگی۔ مگر اس وقت محض دکھاوے کی محبت سے پرہیز کریں۔ شادی شدہ افراد جن کے ازدواجی تعلقات مستحکم ہیں۔ طرز زندگی میں بہتری آئے گی اور کوئی ایک خواہش پوری ہو جائے گی۔ ۲۰ اکتوبر کو زہرہ مریخ کی تسدیس، ۲۷ کو زہرہ نپ چون کی تثلیث ہوگی یہ نظر اس بات کی نشاندہی کر رہی ہے کہ محبت کے معاملات کے لحاظ سے قسمت آپ کا ساتھ دے گی۔ وہ لوگ جو مثالی ساتھی کی تلاش میں ہیں انہیں ۱۵ اور ۱۴ دسمبر کے قریب قریب رونما ہونے والے حالات ان کی خواہش پوری کر دیں گے۔

مجموعی طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ سال مشترکہ سرگرمیوں کے لحاظ سے کسی قدر مشکل ثابت ہوگا۔ تاہم ماضی کی کوششیں اور کام تکمیل کو پہنچ جائیں گے اور حوتی افراد زیادہ خود مختاری حاصل کر کے مقاصد کا تعین کریں گے۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

منسوباتِ کواکب

نام کواکب	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
برج متعلقہ	اسد	سرطان	حمل۔عقرب	جوزا۔سنبلہ	قوس۔حوت	ثور۔میزان	جدی۔دلو
دن متعلقہ	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
رفتار	ہمیشہ سیدھی	ہمیشہ سیدھی	الٹی وسیدھی	الٹی وسیدھی	الٹی وسیدھی	الٹی وسیدھی	الٹی وسیدھی
اثر	سعد اکبر	سعد اکبر	نحس اصغر	میانہ	سعد اکبر	سعد اصغر	نحس اکبر
بخور متعلقہ	لوبان صندل عود	لوبان کافور	لونگ گوگل مرچ	چھیلی لوبان	زعفران صندل سرخ	عود۔لوبان	کالا دانہ مرچ سیاہ
حدّ اتصال	۱۷ درجہ	۱۲ درجہ	۸ درجہ	۷ درجہ	۹ درجہ	۷ درجہ	۹ درجہ
دوست	ر خ ی	س د	س ر ی	س ہ	س ر خ	دل سہ نب	د ہ سہ نب
دشمن	ل ہ سہ نب	سہ نب	د	ر	د ہ	س ر	س ر خ
مسادی	د	خ ی ل ہ	ہ ل سہ نب	خ ی ل سہ نب	ل سہ نب	خ ی	ی
عمل فتار سیدھی	عروج	حصول	قوت	حصول علم	روپیہ۔ملک	محبت دوستی	خرابی۔دشمن
عمل فتار الٹی	تنزل	خرابی	بغض جدائی	مرتبہ سے گرانا	تباہ کرنا	بانجھ کرنا	نفاق ونفرت
برج وبال	دلو	جدی	میزان۔ثور	قوس۔حوت	جوزا۔سنبلہ	عقرب وحمل	سرطان۔اسد
برج شرف	حمل ۱۹ درجہ	ثور ۳ درجہ	جدی ۲۸ درجہ	سنبلہ ۱۵ درجہ	سرطان ۱۵ درجہ	حوت ۲۷ درجہ	میزان ۲۱ درجہ
برج ہبوط	میزان ۱۹ درجہ	عقرب ۳ درجہ	سرطان ۲۸ درجہ	حوت ۱۵ درجہ	جدی ۱۵ درجہ	سنبلہ ۲۷ درجہ	حمل ۲۱ درجہ
برج اوج	سرطان ۲۰ درجہ	سنبلہ	اسد ۱۹ درجہ	عقرب ۵ درجہ	میزان ۲ درجہ	جوزا ۲۲ درجہ	قوس ۱۳ درجہ
برج حضیض	جدی ۲۰ درجہ	حوت	دلو ۱۹ درجہ	ثور ۵ درجہ	حمل ۲ درجہ	قوس ۲۲ درجہ	جوزا ۱۳ درجہ
برج فرح	قوس	جوزا	سنبلہ	حمل	دلو	اسد	حوت
برج طرح	جوزا	قوس	حوت	میزان	اسد	دلو	سنبلہ
عنصر	آتشی	آبی	آتشی	بادی	بادی	بادی	خاکی
مزاج	صفراوی گرم خشک	بلغمی سرد تر	صفراوی گرم خشک	معتدل گرم خشک	بلغمی گرم تر	بلغمی سرد تر	سوداوی سرد خشک
حرف ابجد	م ن س ع	ذ ض ظ غ	ط ی ک ل	ش ت ث خ	ہ د ز ح	ف ص ق ر	ا ب ج د
قیام برج	۲۸ تا ۳۱ دن	۳۲ گھنٹے	۴۵ دن	۲۱ دن	۱۳ ماہ	۲۷ تا ۳۰ دن	۲ سال ۶ ماہ

ارگان کی منسوبات عملیات کے لئے بے حد کارآمد ہیں۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

اختیاراتِ قمر

قمر کے برج میں داخلہ کی تاریخ اور اوقات صفحہ ۵۰ سے ۷۳ کے مطابق صفحوں میں دی گئی ہیں جب کوئی کام کریں یا کر چکیں تو معلوم کریں کہ قمر کس برج میں تھا نتیجہ ذیل میں معلوم ہوگا۔ نیک کار (ن) بد کار (ب) متوسط کار (م) ہے اس جدول کے مطابق کام کرنا کامیابی دیتا ہے۔

حاجات	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
ملاقات حکام وزراء امراء	ن	ن	ن	ن	ن	م	ب	ب	ن	ب	ب	ن
ملاقات عورت یا محبوبہ	ب	ن	م	ن	ن	م	ن	ب	ن	ب	ب	م
ابتدائی عمل یا وظیفہ	ب	ن	ن	م	ن	ن	ن	ب	ن	ب	ن	ن
کام شروع کرنا	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ن	ب	م	ب	م	ن
علاج شروع کرنا	ن	ن	م	ن	ن	ب	ب	ن	ب	ن	ن	ن
غسل صحت کرنا	ن	م	ن	ن	ن	م	ن	ن	ب	ب	ن	ن
نیا کپڑا پہننا	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ن	ب	ن
نکاح کرنا	ب	ن	م	ب	ن	م	ب	ب	ن	ب	ن	ن
بچے کا نام رکھنا	ب	ن	م	ب	ن	م	ب	ب	ب	م	ن	ن
بچے کو اسکول داخل کرنا	ب	ب	ن	م	م	ن	ن	ب	ن	ب	ب	ن
ختنہ کرنا	ن	ن	م	ن	ب	ن	ن	ب	ب	ن	ن	م
جلسہ کرنا	ن	ب	ن	ن	ب	م	ن	ب	م	ب	م	ن
کسی سے دوستی کرنا	ب	م	ن	ب	م	ن	ب	م	ن	ب	م	ن
نقل مکانی کرنا	ن	ب	ن	ن	ن	م	ن	ب	ن	ن	ب	ن
سفر کرنا	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ن	ب	ن
قرض دینا	ن	ب	م	ن	ب	م	ن	ب	م	ن	ب	م
قرض لینا	ب	ب	ن	ب	ن	ب	ب	ن	ب	ن	ن	ن
شرکت کرنا	ب	ن	م	ب	ن	ن	ب	ب	ن	ن	م	ن
دعویٰ شرعی کرنا	ب	م	ن	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ب	ن	ن
جائیداد خریدنا	ب	ن	م	م	ن	ن	ب	ن	م	ن	ن	ن
تجارت کرنا	ن	ن	ن	م	ب	ن	ن	ب	ن	ب	م	ن
مکان کی بنیاد رکھنا	ب	ن	ب	ب	ن	ن	ب	م	م	م	ن	ب

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

علم النقوش پر جامع اور مستند کتاب

عامل کامل (حصہ دوم)

علم الواح ☆ علم تکسیر اعداد ☆ وفق اعداد ☆ علم النقوش

مع خواص ☆ وضع اور قواعد معہ امثال

اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی۔ جس سے یہ معلوم ہو کہ یہ علم کیسے کام کرتا ہے۔ عمل کیسے وضع کیا جاتا ہے اور کیسے مختلف مقاصد کا مخصوص نقش بنتا ہے۔

- مثلث کہاں کام کرتی ہے۔ مربع کہاں، مخمس کہاں، غرضیکہ ہر نقش کے متعلق یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مقصد کے موافق چال کونسی ہے اور نقش کونسا ہے۔
- ہر قسم کے نقش پر کرنے کے طریقے، مخصوص دور اور مخصوص مقاصد کے لئے وضعی اعداد یہ تمام طریقے کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں گے۔ یہی نقوش کے راز ہیں۔
- وہ راز جس سے نقش کے اندر اسم، آیت، مقصد اور نام طالب و مطلوب قائم ہو جائیں۔
- نقوش کے موکلات، اسمائے الٰہی، اعوان اور عزیمت بنانے کے قواعد۔
- طریقہ زکات و اصلاح عدد ین۔
- مثلث، لوح سلیمانی، مثلث بندی، مثلث دو پایہ، مربع، مخمس، مسدس، مربع، عشر، اثنا عشر، صد در صد نقوش، ان کی چالیں، خواص اور عملیات۔
- اعمال وحب و بغض، حاضری مطلوب، ترقی، سربلندی، حصول رزق، امراض وغیرہ کی الواح تیار کرنے کے طریقے، اسمائے الٰہی کی الواح اور ان کے فوائد۔
- مخصوص اوقات کے مخصوص اور سریع التاثیر درجات۔

صفحات ۲۸۰ * ابواب ۱۸ * عملیات و قواعد ۵۲۹ ☆ ہدیہ =/۴۵۰ روپے * محصول ڈاک =/۵۰ روپے

اوراق پبلشرز کراچی

نوٹ: صفحہ نمبر ۵۲ پر رجعت و استقامت ۲۰۱۴ء میں تصحیح فرمالیں

عطارد ۷ جون کو رجعت کرے گا (یہاں ۷ جون کی جگہ پر ۷ جولائی لکھا گیا جو کہ غلط ہے)

صحیح یہ ہے: عطارد ۷ جون کو رجعت کرے گا اور یکم جولائی کو مستقیم ہوگا۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

اوقات شرف وہبوط سیارگان ۲۰۱۴ء

شمس (حضیض)	۹ جنوری ایک بجکر ۴۵ منٹ دوپہر	سے	۱۰ جنوری ایک بجے دوپہر تک
(شرف)	۸ اپریل ۲ بجکر ۴۵ منٹ قبل فجر	سے	۹ اپریل ۳ بجکر ۱۰ منٹ قبل فجر تک
(اوج)	۱۱ جولائی ایک بجکر ۴۵ منٹ دوپہر	سے	۱۲ جولائی ۳ بجے دوپہر تک
(ہبوط)	۱۱ اکتوبر ۲ بجکر ۳۰ منٹ دوپہر	سے	۱۲ اکتوبر ۲ بجکر ۵۰ منٹ دوپہر تک
عطارد (ہبوط)	۲۸ مارچ ۶ بجکر ۴۰ منٹ شام	سے	۲۹ مارچ ۱۱ بجے قبل دوپہر تک
(حضیض)	۲۵ اپریل ۱۱ بجکر ۴۲ منٹ قبل دوپہر	سے	۱۱ بجے رات تک
(شرف)	۲۳ اگست ۲ بجے دوپہر	سے	۲۴ اگست ۳ بجکر ۵۵ منٹ قبل فجر تک
(اوج)	۱۱ نومبر ۸ بجے رات	سے	۱۲ نومبر ۱۱ بجکر ۴۰ منٹ قبل دوپہر تک
زہرہ (شرف)	۲۹ اپریل ۵ بجکر ۲۰ منٹ شام	سے	۳۰ اپریل ۲ بجکر ۳۵ منٹ دوپہر تک
(اوج)	۱۱ جولائی ۷ بجکر ۴۰ منٹ صبح	سے	۱۲ جولائی ۳ بجکر ۳۰ منٹ قبل فجر تک
(ہبوط)	۲۶ ستمبر ۸ بجکر ۴۵ منٹ رات	سے	۲۷ ستمبر ۴ بجے سہ پہر تک
(حضیض)	۳ دسمبر ۵ بجکر ۲۵ منٹ شام	سے	۴ دسمبر ۱۲ بجکر ۴۵ منٹ دوپہر تک
مریخ (شرف)	یکم دسمبر ۷ بجکر ۴۰ منٹ صبح	سے	۲ دسمبر ۲ بجکر ۵۰ منٹ دوپہر تک
(حضیض)	۲۸ دسمبر ۷ بجکر ۲۵ منٹ صبح	سے	۲۹ دسمبر ۲ بجکر ۱۰ منٹ دوپہر تک
مشتری (شرف)	۲۴ اپریل ۸ بجکر ۵۰ منٹ صبح	سے	یکم مئی ۹ بجے صبح تک

خاص باتیں

(۱) مریخ شروع جنوری سے برج میزان میں ہوگا اسے یہاں وبال ہوتا ہے۔ ۲۵ جولائی تک اسی گھر میں رہے گا۔ ۲۶ جولائی سے دیگر برجوں سے گزرتا ہوا دسمبر میں برج دلو میں پہنچ جائے گا۔ مریخ کو اس سال یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت ہوگی۔ اس سال اسے اوج اور ہبوط نہیں ہوگا۔ ماہ دسمبر میں اسے شرف ہوگا۔ اس سال زحل، مشتری، نپ چون اور یورنس سے اہم نظرات بنائے گا۔ یہ سیارہ خونی، جنگ وجدل اور انقلاب کی قوت رکھتا ہے اس سال یہ تمام معاملات

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

میں بہت تیزی سے تبدیلیاں لائے گا۔

(۲) زحل برج عقرب میں ۲۴ دسمبر تک رہے گا اس کے بعد برج قوس میں آ جائے گا۔ برج قوس میں اسے اوج کی قوت حاصل ہوتی ہے۔ ۲ مارچ کو رجعت کر جائے گا اور ۲۱ جولائی کو مستقیم ہو جائے گا۔ سال کے آخر تک اسی برج میں رہے گا۔ دیگر برج والے زحل کے نحس اثرات سے محفوظ رہنے کے لئے صدقات دیں اور لوح زحل بنوائیں۔

(۳) مشتری شروع سال سے برج سرطان میں بحالت رجعت موجود ہوگا۔ ۲ مارچ کو مستقیم ہو جائے گا۔ یہاں مشتری کو شرف ہوتا ہے۔ برج سرطان میں مشتری مستقیم ہوگا اور دوبارہ شرف کے درجہ سے گزرے گا۔ اسے یہاں دوگنی قوت حاصل ہوگی ایسا موقع زندگی اور صدی میں صرف ایک بار ہی آتا ہے فائدہ اٹھایئے۔ ۲۴ اپریل کو اسے شرف ہوگا۔ ۱۶ جولائی کو برج اسد میں داخل ہوگا اسے یہاں طرح ہوتا ہے' قوتوں میں کمی آتی ہے۔ ۹ دسمبر کو رجعت کر جائے گا۔ سال کے آخیر تک رجعت میں ہی رہے گا۔ مال واسباب' سرمایہ کاری' عالمی منڈیوں میں تجارت میں اضافہ ہوگا۔ مشتری کی یہ قوت آپ کو دوبارہ نہیں ملے گی اس وقت سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے لیے حضرت کاش البرنی ؒ کی لامتناہی قوتوں والی لوح سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے پاس رکھیں۔

(۴) مندرجہ بالا اوقات میں کل عرصہ دیا گیا ہے اس تمام عرصہ میں متعلقہ ستارہ کی ساعت اور طالع میں کام کرنا ہوگا۔ خواہ وہ سعد ہو یا نحس۔ رسالہ ''روحانی دنیا'' میں بھی خاص اعمال کے وقت کا تعین کیا جاتا ہے۔ رسالے سے اعمال متعلقہ اور وقت حاصل کر سکتے ہیں۔

(۵) کواکب کے شرف وہبوط کے موثر اعمال ''رموز الجفر'' میں دیئے گئے ہیں۔ عمل کی اجازت لیں اور اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔



www.ruhanidunya.com
WWW.AIOURDUBOOKS.NET

اوقات شرف وہبوط قمر سال ۲۰۱۴ء

اوقات مرتبہ

نام ماہ	تاریخ	مرتبہ	ابتداء	انتہاء
جنوری	۹	شرف	۱۱ بجکر ۱۰ منٹ قبل دوپہر	ایک بجکر ۳ منٹ دوپہر
	۲۴	ہبوط	۶ بجکر ۲۴ منٹ صبح	۸ بجکر ۱۴ منٹ صبح
فروری	۵	شرف	۶ بجکر ۲۶ منٹ شام	۸ بجکر ۱۶ منٹ رات
	۲۰	ہبوط	۱۲ بجکر ۱۶ منٹ دوپہر	۲ بجکر ۸ منٹ دوپہر
مارچ	۵	شرف	۳ بجکر ۴۶ منٹ قبل فجر	۵ بجکر ۳۲ منٹ صبح
	۱۹	ہبوط	۵ بجکر ۵۴ منٹ شام	۷ بجکر ۴۵ منٹ رات
اپریل	یکم	شرف	ایک بجکر ۵۱ منٹ دوپہر	۳ بجکر ۳۷ منٹ دوپہر
	۱۶/۱۵	ہبوط	۱۲ بجکر ۵۷ منٹ نصف شب	۲ بجکر ۴۶ منٹ قبل سحر
	۲۹/۲۸	شرف	۱۰ بجکر ۵۶ منٹ رات	۱۲ بجکر ۴۳ منٹ نصف شب
مئی	۱۳	ہبوط	۹ بجکر ۴۲ منٹ صبح	۱۱ بجکر ۳۰ منٹ قبل دوپہر
	۲۶	شرف	۶ بجکر ۴ منٹ صبح	۷ بجکر ۵۴ منٹ صبح
جون	۹	ہبوط	۷ بجکر ۱۶ منٹ رات	۹ بجکر ۴ منٹ رات
	۲۲	شرف	۱۱ بجکر ۴۲ منٹ قبل دوپہر	ایک بجکر ۳۲ منٹ دوپہر
جولائی	۷	ہبوط	۴ بجکر ۱۶ منٹ قبل فجر	۶ بجکر ۸ منٹ صبح
	۱۹	شرف	۵ بجکر ۱۹ منٹ شام	۷ بجکر ۸ منٹ شام
اگست	۳	ہبوط	۱۱ بجکر ۴۴ منٹ قبل دوپہر	ایک بجکر ۳۸ منٹ دوپہر
	۱۶/۱۵	شرف	۱۲ بجکر ۲۸ منٹ نصف شب	۲ بجکر ۱۴ منٹ قبل سحر
	۳۰	ہبوط	۵ بجکر ۴۴ منٹ شام	۷ بجکر ۳۸ منٹ رات
ستمبر	۱۲	شرف	۹ بجکر ۴۲ منٹ صبح	۱۱ بجکر ۲۴ منٹ قبل دوپہر
	۲۷/۲۶	ہبوط	۱۱ بجکر ۱۸ منٹ رات	ایک بجکر ۱۳ منٹ قبل سحر
اکتوبر	۹	شرف	۸ بجکر ۶ منٹ رات	۹ بجکر ۴۸ منٹ رات
	۲۴	ہبوط	۵ بجکر ۵۶ منٹ صبح	۷ بجکر ۴۸ منٹ صبح
نومبر	۶	شرف	۵ بجکر ۵۷ منٹ صبح	۷ بجکر ۴۰ منٹ صبح
	۲۰	ہبوط	۲ بجکر ۱۶ منٹ دوپہر	۴ بجکر ۸ منٹ سہ پہر
دسمبر	۳	شرف	ایک بجکر ۴۴ منٹ دوپہر	۳ بجکر ۳۰ منٹ دوپہر
	۱۸/۱۷	ہبوط	۱۱ بجکر ۳۸ منٹ نصف شب	ایک بجکر ۳۲ منٹ قبل سحر
	۳۰	شرف	۷ بجکر ۲۸ منٹ رات	۹ بجکر ۱۶ منٹ رات

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

رجعت و استقامت سیارگان ۲۰۱۴ء

کواکب	حالت	تاریخ	وقت	درجہ و دقیقہ
عطارد	(۱) رجعت	۷ فروری	۲ بجکر ۴۵ منٹ قبل سحر	۳ درجہ ۲۰ دقیقہ حوت پر
	استقامت	۲۸ فروری	۷ بجے شام	۱۸ درجہ ۹ دقیقہ دلو پر
	(۲) رجعت	۷ جولائی	۴ بجکر ۵۶ منٹ شام	۳ درجہ ۱۰ دقیقہ سرطان پر
	استقامت	یکم جولائی	۵ بجکر ۴۹ منٹ شام	۲۴ درجہ ۲۲ دقیقہ جوزا پر
	(۳) رجعت	۱۴ اکتوبر	۱۰ بجکر ۲ منٹ رات	۲ درجہ ۱۸ دقیقہ عقرب پر
	استقامت	۲۵/۱۲۶ اکتوبر	۱۲ بجکر ۱۸ منٹ نصف شب	۱۶ درجہ ۴۵ دقیقہ میزان پر
زہرہ	استقامت	یکم فروری	ایک بجکر ۴۹ منٹ قبل سحر	۱۳ درجہ ۳۳ دقیقہ جدی پر
مریخ	رجعت	یکم مارچ	۹ بجکر ۲۳ منٹ رات	۲۷ درجہ ۳۱ دقیقہ میزان پر
	استقامت	۲۰ مئی	۶ بجکر ۲۹ منٹ صبح	۹ درجہ ۱ دقیقہ میزان پر
مشتری	استقامت	۶ مارچ	۳ بجکر ۴۴ منٹ دوپہر	۱۰ درجہ ۲۶ دقیقہ سرطان پر
	رجعت	۹ دسمبر	ایک بجکر ۴۳ منٹ قبل سحر	۲۲ درجہ ۳۷ دقیقہ اسد پر
زحل	رجعت	۲ مارچ	۹ بجکر ۲۹ منٹ رات	۲۳ درجہ ۱۹ دقیقہ عقرب پر
	استقامت	۲۱ جولائی	ایک بجکر ۴۲ منٹ قبل سحر	۱۶ درجہ ۳۸ دقیقہ عقرب پر
یورنس	رجعت	۲۲ جولائی	۷ بجکر ۴۴ منٹ صبح	۱۶ درجہ ۳۰ دقیقہ حمل پر
	استقامت	۲۲ دسمبر	۳ بجکر ۴۶ منٹ قبل فجر	۱۲ درجہ ۳۴ دقیقہ حمل پر
نپچون	رجعت	۱۰ جون	ایک بجکر ۴۲ منٹ قبل سحر	۷ درجہ ۳۶ دقیقہ حوت پر
	استقامت	۱۶ نومبر	۱۱ بجکر ۳۰ منٹ قبل دوپہر	۴ درجہ ۴۸ دقیقہ حوت پر
پلوٹو	رجعت	۱۱۵ اپریل	۴ بجکر ۴۵ منٹ صبح	۱۳ درجہ ۳۴ دقیقہ جدی پر
	استقامت	۲۳ ستمبر	۵ بجکر ۲۸ منٹ صبح	۱۰ درجہ ۵۹ دقیقہ جدی پر

برنی روزانہ کوا کبی گائیڈ ۲۰۱۴ء میں قمری خلل السیار کے اوقات دیئے گئے ہیں

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

منسوبات بروج

اپنی تاریخ پیدائش سے شمسی برج معلوم کریں۔ اس برج کے متعلق ذیل میں وہ مفید معلومات دی گئی ہیں جو آپ کو جاننا ضروری ہیں۔ بروج کے تعلقات دراصل برج والے لوگوں کے تعلقات ہیں۔

برج	نشان	ارباب ماہیت	عنصر	نمبر گھر کا	رنگ	حاکم ستارہ	تعلق حصہ بدن	خصلت	قوت	کمزوری	شادی کا ساتھی	موافق دن و وقت	موافق نمبر	موافق لوگ	ناموافق لوگ	قابل شراکت لوگ
حمل	ا	اسد۔ قوس	آتشی	۱	سرخ	مریخ	سر۔ چہرہ	تصوراتی	سمت از سر تا قدم	حملہ کرنا	اسد۔ قوس	منگل۔ قبل دوپہر	۹	دلو۔ جوزا	سرطان۔ جدی	میزان
ثور	ب	سنبلہ۔ جدی	خاکی	۲	سبز	زہرہ	گلا۔ گردن	عملی	کام۔ استقلال	عیاشی	جدی۔ سنبلہ	جمعہ۔ قبل دوپہر	۶	حوت۔ سرطان	اسد۔ دلو	عقرب
جوزا	ج	میزان۔ دلو	بادی	۳	زرد	عطارد	بازو، ٹانگیں، کندھے	سوشل	مستعد۔ فہیم	اضطراب	دلو۔ میزان	بدھ۔ قبل دوپہر	۵	حمل۔ اسد	سنبلہ۔ حوت	قوس
سرطان	د	عقرب۔ حوت	آبی	۴	سفید	قمر	معدہ۔ چھاتی	جذباتی	الفت و انکسار	فضول گوئی	حوت۔ عقرب	سوموار	۲	ثور۔ سنبلہ	میزان۔ حمل	جدی
اسد	ھ	حمل۔ قوس	آتشی	۵	اودنج	شمس	دل۔ پشت	تصوراتی	قبولیت ذمہ داری	خود رائے	حمل۔ قوس	اتوار	۱	جوزا۔ میزان	عقرب۔ ثور	دلو
سنبلہ	و	ثور۔ جدی	خاکی	۶	بھورا	عطارد	ہاضمہ	عملی	کاروباری اشتراکی	بدلجانیوالا	جدی۔ ثور	بدھ۔ بعد دوپہر	۵	سرطان۔ عقرب	قوس۔ جوزا	حوت
میزان	ز	جوزا۔ دلو	بادی	۷	گلابی	زہرہ	ریڑھ کی ہڈی۔ گردہ	سوشل	منصفانہ۔ تجدانی	کترانا، ٹہرانا	دلو۔ جوزا	جمعہ۔ بعد دوپہر	۶	اسد۔ قوس	جدی۔ سرطان	حمل
عقرب	ح	سرطان۔ حوت	آبی	۸	قرمزی	مریخ	جگر۔ نظام پیدائش	جذباتی	سچائی۔ باقوت	تیز مزاج	حوت۔ سرطان	منگل۔ بعد دوپہر	۹	سنبلہ۔ جدی	دلو۔ اسد	ثور
قوس	ط	اسد۔ حمل	آتشی	۹	بنفشی	مشتری	چوتڑ۔ ران	تصوراتی	خوشی و خوش امیدی	ناخوشگوار اندیش	حمل۔ اسد	جمعرات قبل دوپہر	۳	میزان۔ دلو	حوت۔ سنبلہ	جوزا
جدی	ے	سنبلہ۔ ثور	خاکی	۱۰	سیاہ	زحل	ہڈیاں، جوڑ۔ کھال	عملی	لیڈرانہ تنظیمانہ	کاہل	ثور۔ سنبلہ	ہفتہ قبل دوپہر	۸	عقرب۔ ثور	حمل۔ میزان	سرطان
دلو	ا	جوزا۔ میزان	بادی	۱۱	سیاہ	زحل یورینس	خون، دوران خون	سوشل	تصوری۔ جفاکش	الجھن میں پڑنا	جوزا۔ میزان	ہفتہ بعد دوپہر	۴	قوس۔ حمل	ثور۔ عقرب	اسد
حوت	ے	سرطان۔ عقرب	آبی	۱۲	نیلا	مشتری نپچون	پاؤں، انگلیاں	جذباتی	قابل اعتبار۔ تجدانی	نقصانات بذریعہ لطف کرم	سرطان۔ عقرب	جمعرات بعد دوپہر	۷	جدی۔ ثور	جوزا۔ قوس	سنبلہ

تاریخہائے ماہ جنوری ۲۰۱۴ء

ناموں ایام	جنوری ۲۰۱۴ء	ربیع الاول ۱۴۳۵ھ	یوم ۲۰۷ ب	کراچی آفتاب		لاہور آفتاب		منصوبی نمبر	گزشتہ تاریخی واقعات	توقیعات
				طلوع	غروب	طلوع	غروب			
بدھ	۱	۲۸	۱۸	۷ ۱۷	۵ ۵۴	۷ ۲	۵ ۱۰	۹	بھارت ان کمپنیاں بنک بیل تو سیلے گئے ۱۹۷۳ء ملک کے نویں صدر محمد رفیق تارڑ منتخب ۱۹۹۸ء	
جمعرات	۲	۲۹	۱۹	۷ ۱۷	۵ ۵۵	۷ ۲	۵ ۱۱	۱	اجراء اعشاریہ سکہ ۱۹۶۱ء	نیا چاند ☾
جمعہ	۳	ربیع الثانی	۲۰	۷ ۱۷	۵ ۵۵	۷ ۳	۵ ۱۲	۲	اجراء سکہ نوٹ ۱۹۴۸ء	یکم ربیع الاول ۱۴۳۵ھ
ہفتہ	۴	۲	۲۱	۷ ۱۷	۵ ۵۶	۷ ۳	۵ ۱۲	۳	فیصلہ سازش راولپنڈی ۱۹۵۲ء	
اتوار	۵	۳	۲۲	۷ ۱۸	۵ ۵۷	۷ ۳	۵ ۱۳	۴		
پیر	۶	۴	۲۳	۷ ۱۸	۵ ۵۸	۷ ۳	۵ ۱۴	۵	حادثہ ریلوے تھمپیر ۱۹۵۴ء، فائرنگ طلبہ کراچی ۵۶ء	
منگل	۷	۵	۲۴	۷ ۱۸	۵ ۵۸	۷ ۳	۵ ۱۵	۶		
بدھ	۸	۶	۲۵	۷ ۱۸	۵ ۵۹	۷ ۳	۵ ۱۶	۷	عجب کی رہائی ۱۹۷۲ء، آزاد بنگلہ دیش کا اعلان - ۱ اگر سے روپے کی دوبارہ تعمیر ۱۹۸۲ء - پاک بھارت بس سروس شروع ۱۹۹۹ء	
جمعرات	۹	۷	۲۶	۷ ۱۸	۶ ۰۰	۷ ۳	۵ ۱۶	۸	شرف قمر، خسوف شمس	
جمعہ	۱۰	۸	۲۷	۷ ۱۸	۶ ۰۰	۷ ۳	۵ ۱۷	۹	انتقال پیر پگارا ۲۰۱۲ء	
ہفتہ	۱۱	۹	۲۸	۷ ۱۸	۶ ۱	۷ ۳	۵ ۱۸	۱		
اتوار	۱۲	۱۰	۲۹	۷ ۱۸	۶ ۲	۷ ۳	۵ ۱۹	۲	عطارد در دلو	
پیر	۱۳	۱۱	ماگھ	۷ ۱۸	۶ ۳	۷ ۳	۵ ۲۰	۳	آمد فیصل مرحوم شاہ عراق ۱۹۵۴ء	
منگل	۱۴	۱۲	۲	۷ ۱۸	۶ ۳	۷ ۳	۵ ۲۱	۴	عید میلاد النبیؐ	
بدھ	۱۵	۱۳	۳	۷ ۱۸	۶ ۴	۷ ۳	۵ ۲۱	۵		
جمعرات	۱۶	۱۴	۴	۷ ۱۸	۶ ۵	۷ ۲	۵ ۲۲	۶	شاہ ایران کی سلطنت ختم ۱۹۷۹ء	
جمعہ	۱۷	۱۵	۵	۷ ۱۸	۶ ۶	۷ ۲	۵ ۲۳	۷		
ہفتہ	۱۸	۱۶	۶	۷ ۱۸	۶ ۶	۷ ۲	۵ ۲۴	۸		
اتوار	۱۲	۱۷	۲۷	۶ ۲۸	۶ ۸	۶ ۳	۵ ۳۵	۲		وزیر اعظم نواز شریف کی معزولی۔ ملک کے پہلے چیف ایگزیکٹو جنرل پرویز مشرف ۱۹۹۹ء
پیر	۱۳	۱۸	۲۸	۶ ۲۹	۶ ۷	۶ ۴	۵ ۳۳	۳	یوم حضرت عثمان غنیؓ	
منگل	۱۴	۱۹	۲۹	۶ ۲۹	۶ ۶	۶ ۵	۵ ۳۲	۴		قیام ون یونٹ ۱۹۵۵ء وفات مولانا مفتی محمود ۱۹۸۰ء
بدھ	۱۵	۲۰	۳۰	۶ ۳۰	۶ ۵	۶ ۵	۵ ۳۱	۵		ہند کا اسٹینڈرڈ ٹائم ۱۹۴۵ء، ہند و پاک میں متداول ڈاک ۱۹۷۴ء
جمعرات	۱۶	۲۱	کنک	۶ ۳۰	۶ ۴	۶ ۶	۵ ۳۰	۶	شہادت لیاقت علی خان	شہادت لیاقت علی خان ۱۹۵۱ء
جمعہ	۱۷	۲۲	۲	۶ ۳۱	۶ ۳	۶ ۷	۵ ۲۹	۷		
ہفتہ	۱۸	۲۳	۳	۶ ۳۱	۶ ۳	۶ ۸	۵ ۲۸	۸		خواجہ ناظم الدین وزیر اعظم بنے ۱۹۵۱ء، ہلاکت حکیم محمد سعید ۱۹۹۸ء
اتوار	۱۹	۲۴	۴	۶ ۳۲	۶ ۲	۶ ۸	۵ ۲۷	۹		غلام محمد گورنر جنرل ۱۹۵۱ء
پیر	۲۰	۲۵	۵	۶ ۳۲	۶ ۱	۶ ۹	۵ ۲۵	۱	یوم حضرت عمر فاروقؓ	۲۰۱۱ء انقلاب لیبیا صدر کرنل معمر قذافی مارا گیا
منگل	۲۱	۲۶	۶	۶ ۳۳	۶ ۰۰	۶ ۱۰	۵ ۲۴	۲		آغاز جنگ کشمیر ۱۹۴۷ء۔ وفات ایوب کھوڑو ۱۹۸۰ء
بدھ	۲۲	۲۷	۷	۶ ۳۳	۵ ۵۹	۶ ۱۱	۵ ۲۳	۳		وفات خواجہ ناظم الدین، وفات ولی عہد سلطان بن عبد العزیز
جمعرات	۲۳	۲۸	۸	۶ ۳۴	۵ ۵۸	۶ ۱۱	۵ ۲۲	۴	شمس در عقرب ♏	ہنگامی حالت اسمبلی ختم ۱۹۵۴ء
جمعہ	۲۴	۲۹	۹	۶ ۳۴	۵ ۵۷	۶ ۱۲	۵ ۲۱	۵	زہرہ در عقرب، قمر در عقرب، سورج گرہن ●	یوم آزادی کشمیر ۱۹۴۷ء، کوری انسٹیٹیوشن پر لڑنیوں کی آمد و رفت کے سو سالہ پرانے نظام کو تبدیل کیا گیا۔ ۱۹۸۷ء
ہفتہ	۲۵	۳۰	۱۰	۶ ۳۵	۵ ۵۷	۶ ۱۳	۵ ۲۰	۶	نیا چاند ☾	
اتوار	۲۶	محرم	۱۱	۶ ۳۵	۵ ۵۶	۶ ۱۴	۵ ۱۹	۷	یکم محرم ۱۴۳۶ھ شروع عطارد مستقیم، عمر تاور چوک	تاجپوشی رضا شاہ ایران ۱۹۶۷ء
پیر	۲۷	۲	۱۲	۶ ۳۶	۵ ۵۵	۶ ۱۴	۵ ۱۸	۸		اقتدار جنرل ایوب۔ سکندر مرزا مستعفی ۱۹۵۸ء
منگل	۲۸	۳	۱۳	۶ ۳۷	۵ ۵۴	۶ ۱۵	۵ ۱۷	۹		وفات جہانگیر بادشاہ ۱۶۲۷ء
بدھ	۲۹	۴	۱۴	۶ ۳۷	۵ ۵۴	۶ ۱۶	۵ ۱۶	۱		جونا گڑھ پر ہند کا قبضہ ۱۹۴۷ء، مولانا مودودی مستعفی ۱۹۵۸ء
جمعرات	۳۰	۵	۱۵	۶ ۳۸	۵ ۵۳	۶ ۱۷	۵ ۱۵	۲		
جمعہ	۳۱	۶	۱۶	۶ ۳۸	۵ ۵۲	۶ ۱۸	۵ ۱۵	۳		ولی عہد ایران سیروز علی کی پیدائش ۱۹۶۰ء۔ قتل اندرا گاندھی ۱۹۸۴ء

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

اکتوبر ۲۰۱۴ء	شمس درمیزان	مواضع قمر						اثرات ماہ اکتوبر ۲۰۱۴ء دنوں کے اثرات
		بروج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالت	
۱	۹	جدی	۹ ۴۰	ذابح	۹ ۴۰		وبال	عورت سے دھوکہ' تحریرات' سفر کے خلاف' بحث مباحثہ میں تکرار کا اندیشہ۔
۲	۱۰			بلعہ	۷ ۵۶	◒	تربیع اول	حکام سے اندیشہ' کاموں میں رکاوٹ پڑے' معاہدات وجائیداد کے خلاف۔
۳	۱۱	دلو	۱۲ ۵۹	سعود	۵ ۴۷			موافق دن۔ معاہدات اور زائد آمدن وسوشل امور' نسبت کے موافق۔
۴	۱۲			اخبیہ	۳ ۱۵			کار سرکار' جائیداد اور علاج اور مشینری کے ناموافق' پبلسٹی کے موافق۔
۵	۱۳	حوت	۱۴ ۲۳	مقدم موخر	۰۰:۲۵ ۲۱:۲۱		حضیض	موافق دن' پبلسٹی' تحریرات کے موافق' وسعت کاروبار بکثرت ہو۔
۶	۱۴			رشا	۱۸ ۱۲			فہم وفراست سے کام سرانجام دیں' اصول پسندی کو اپنائیں' سفر میں احتیاط۔
۷	۱۵	حمل	۱۵ ۰۶	شرطین	۱۵ ۰۶			بداعتمادی ہو' بدمزاجی سے واسطہ پڑے' علاج کے ناموافق' زائد اخراجات۔
۸	۱۶			بطین	۱۲ ۰۹	○	استقبال	اہم کام لیں' امورات جائیداد' آرٹ وزیبائش کو نمٹائیں' مشینری کے موافق۔
۹	۱۷	ثور	۱۶ ۴۳	ثریا	۹ ۳۰		شرف	اعلیٰ افراد سے نفع' سفر کیلئے سعد' دوستی' آرٹ وسرمایہ کاری کے موافق۔
۱۰	۱۸			دبران	۷ ۱۷			موافق دن' تبدیلی کام ومقام' سوشل امور کے لئے موافق' زائد اخراجات۔
۱۱	۱۹	جوزا	۲۰ ۵۰	ہقعہ	۵ ۳۷		فرح	خوشامدی لوگ فائدہ اٹھائیں' رات میں دلی خواہشات پوری ہوں۔
۱۲	۲۰			ہنعہ	۴ ۳۳			دن بڑی اسکیمیں' کوآپریٹو' یونین کے امور میں فائدہ' نقد کاروبار کیلئے بہتر۔
۱۳	۲۱			ذراع	۴ ۱۰			تفریحات' آرٹ' موسیقی کے کاموں میں ترقی' شادی ونسبت کے لئے سعد۔
۱۴	۲۲	سرطان	۴ ۲۹	نثرہ	۴ ۲۹		ترفع	سرمایہ کاری' سمندری سفر اور علاج معالجہ موافق' اچانک بڑی تبدیلی آئے۔
۱۵	۲۳			طرفہ	۵ ۲۴			امراء سے ملاقات' نئی راہیں نکالیں' زائد اخراجات' روپے کا ضیاع۔
۱۶	۲۴	اسد	۱۵ ۲۸	جبہۃ	۶ ۵۴	◒	تربیع دوم	غیر یقینی کا دن' ماضی کے تجربات کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کریں۔
۱۷	۲۵			زبرہ	۸ ۴۳			تبدیلی کام ومقام' پبلسٹی' تحریرات اور علاج بہتر' نئے تعلقات بنے' نکاح بہتر۔
۱۸	۲۶			صرفہ	۱۰ ۴۶			موافق دن' فیصلہ کن اقدام' تحریر وتقریر' جائیداد کے معاملات۔
۱۹	۲۷	سنبلہ	۴ ۰۷	عوا	۱۲ ۴۶		اوج	سمندری سفر کے ناموافق' رات زائد اخراجات' مال کا نقصان۔
۲۰	۲۸			سماک	۱۴ ۳۶			تحریرات ودوستی' موسیقی کے کام میں ترقی وآرٹ اور نسبت کے موافق۔
۲۱	۲۹	میزان	۱۶ ۱۱	غفرہ	۱۶ ۱۱			سعد دن۔ جائیداد' قانونی امور' معاہدات اور سوشل امور ومشینری کے لئے۔
۲۲	۳۰			زبانہ	۱۷ ۱۸			اچھے فیصلے' بردباری' پبلسٹی کے خلاف' مالی لین دین میں احتیاط برتیں۔
۲۳	عقرب			اکلیل	۱۸ ۰۲			مالی وسعت ملے' نئی دوستی میں محتاط' جائیداد وزمین کے کام میں موافق۔
۲۴	۲	عقرب	۲ ۰۹	قلب	۱۸ ۱۴	●	ہبوط اجتماع	کار سرکار' نئے دوستوں سے ملاقات' مالی امور کے موافق' سمندری سفر موافق۔
۲۵	۳			شولہ	۱۸ ۰۲			بدقسمتی' دشمنوں سے نقصان' زائد آمدن کی اسکیم میں حصہ نہ لیں' نکاح کے خلاف
۲۶	۴	قوس	۹ ۳۹	لغائم	۱۷ ۲۳		طرح	جھگڑا سے بچو' غیر قانونی کام سے بچیں' مالی لین دین میں نقصان۔
۲۷	۵			بلدہ	۱۶ ۲۲			سوشل امور کے موافق' معاہدات ونکاح کے لئے سعد' جائیداد کے موافق۔
۲۸	۶	جدی	۱۵ ۰۲	ذابح	۱۵ ۰۲		وبال	سمندری سفر کے لئے سعد' امراء سے ملاقات فائدہ ہو' علاج کے موافق۔
۲۹	۷			بلعہ	۱۳ ۲۴			مقابلہ سے واسطہ پڑے' پبلسٹی ورابطے متاثر' رات دوستی میں خرابی آئے۔
۳۰	۸	دلو	۱۸ ۵۱	سعود	۱۱ ۳۲			جائیداد ومعاہدات کے موافق۔ لیکن فریب سے بچو، دن میں کوئی اہم کام نہ کرو۔
۳۱	۹			اخبیہ	۹ ۲۵	◒	تربیع اول	قبل دوپہر سوشل امور ونکاح نہ کرو' تحریری وتخلیقی امور کے لیے موافق۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

ایام	نومبر ۲۰۱۴ء	محرم ۱۴۳۶ھ	تشرین ۲۰۱۷ء	کراچی آفتاب طلوع	کراچی آفتاب غروب	لاہور آفتاب طلوع	لاہور آفتاب غروب	منٹوں نمبر	تاریخہائے ماہ نومبر ۲۰۱۴ء — توقیعات	تاریخہائے ماہ نومبر ۲۰۱۴ء — گزشتہ تاریخی واقعات
ہفتہ	۱	۷	۱۷	۶ ۳۹	۵ ۵۲	۶ ۱۸	۵ ۱۴	۱		کراچی ٹیلی ویژن ۱۹۶۷ء۔ راجیو گاندھی وزیر اعظم بنے ۱۹۸۴ء
اتوار	۲	۸	۱۸	۶ ۳۹	۵ ۵۱	۶ ۱۹	۵ ۱۳	۲		
پیر	۳	۹	۱۹	۶ ۴۰	۵ ۵۰	۶ ۲۰	۵ ۱۲	۳	نویں محرم	
منگل	۴	۱۰	۲۰	۶ ۴۱	۵ ۵۰	۶ ۲۱	۵ ۱۱	۴	عاشورہ	
بدھ	۵	۱۱	۲۱	۶ ۴۱	۵ ۴۹	۶ ۲۲	۵ ۱۰	۵		"نارفوک" امریکی بحری اڈے پر پہلی مسجد ۱۹۹۸ء
جمعرات	۶	۱۲	۲۲	۶ ۴۲	۵ ۴۹	۶ ۲۳	۵ ۱۰	۶	شرف قمر	
جمعہ	۷	۱۳	۲۳	۶ ۴۳	۵ ۴۸	۶ ۲۳	۵ ۹	۷		
ہفتہ	۸	۱۴	۲۴	۶ ۴۳	۵ ۴۸	۶ ۲۴	۵ ۸	۸		ٹائپ رائٹر کی ایجاد ۱۸۹۵ء، پہلی مرتبہ امریکی صدارتی انتخابات کے نتائج پر استعمال ۲۰۰۰ء
اتوار	۹	۱۵	۲۵	۶ ۴۴	۵ ۴۷	۶ ۲۵	۵ ۷	۹	یوم پیدائش علامہ اقبال، عطارد در عقرب	تخت نشینی عبدالعزیز سلطان عرب ۱۹۵۲ء
پیر	۱۰	۱۶	۲۶	۶ ۴۵	۵ ۴۷	۶ ۲۶	۵ ۷	۱		
منگل	۱۱	۱۷	۲۷	۶ ۴۵	۵ ۴۶	۶ ۲۷	۵ ۶	۲	اوج عطارد	
بدھ	۱۲	۱۸	۲۸	۶ ۴۶	۵ ۴۶	۶ ۲۸	۵ ۶	۳		
جمعرات	۱۳	۱۹	۲۹	۶ ۴۷	۵ ۴۵	۶ ۲۸	۵ ۵	۴		برطانیہ پر پہلا ہوائی حملہ ۱۹۳۹ء
جمعہ	۱۴	۲۰	۳۰	۶ ۴۷	۵ ۴۵	۶ ۲۹	۵ ۴	۵		ناصر نے نجیب کو برطرف کیا ۱۹۵۴ء ملک کے آٹھویں صدر سردار فاروق لغاری منتخب ۱۹۹۳ء
ہفتہ	۱۵	۲۱	مگھر	۶ ۴۸	۵ ۴۵	۶ ۳۰	۵ ۴	۶		گئی بساؤ میں صدر کرامی کی حکومت کا تختہ الٹ دیا گیا ۱۹۸۰ء
اتوار	۱۶	۲۲	۲	۶ ۴۹	۵ ۴۴	۶ ۳۱	۵ ۳	۷	نپ چون مستقیم	آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کا اعلان ۱۹۸۸ء۔ قومی الیکشن ۱۹۸۸ء
پیر	۱۷	۲۳	۳	۶ ۴۹	۵ ۴۴	۶ ۳۲	۵ ۳	۸	زہرہ در قوس	
منگل	۱۸	۲۴	۴	۶ ۵۰	۵ ۴۴	۶ ۳۳	۵ ۲	۹		وفات شبلی نعمانی ۱۹۱۴ء، احتساب آرڈی نینس صدر فاروق لغاری ۱۹۹۶ء
بدھ	۱۹	۲۵	۵	۶ ۵۱	۵ ۴۳	۶ ۳۴	۵ ۲	۱		صوبائی الیکشن ۱۹۸۸ء
جمعرات	۲۰	۲۶	۶	۶ ۵۲	۵ ۴۳	۶ ۳۵	۵ ۲	۲	قمر در عقرب	
جمعہ	۲۱	۲۷	۷	۶ ۵۲	۵ ۴۳	۶ ۳۵	۵ ۱	۳		وفات فیض احمد فیض ۱۹۸۴ء
ہفتہ	۲۲	۲۸	۸	۶ ۵۳	۵ ۴۳	۶ ۳۶	۵ ۱	۴	شمس در قوس	ہند کا مشرقی پاکستان پر حملہ ۱۹۷۱ء وفات سلیمان ندوی ۱۹۵۳ء
اتوار	۲۳	۲۹	۹	۶ ۵۴	۵ ۴۳	۶ ۳۷	۵ ۰۰	۵	نیا چاند ☾	ہنگامی حالات کا اعلان ۱۹۵۲ء
پیر	۲۴	صفر	۱۰	۶ ۵۴	۵ ۴۲	۶ ۳۸	۵ ۰۰	۶	یکم صفر ۱۴۳۶ھ	
منگل	۲۵	۲	۱۱	۶ ۵۵	۵ ۴۲	۶ ۳۹	۵ ۰۰	۷		روس کا نیا نشان "عقاب" منتخب ۱۹۹۳ء
بدھ	۲۶	۳	۱۲	۶ ۵۶	۵ ۴۲	۶ ۴۰	۵ ۰۰	۸		اجرا ایسٹ انڈیا کمپنی ۱۷۰۰ء۔ نیشنل عوامی پارٹی پر پابندی ۱۹۷۱ء
جمعرات	۲۷	۴	۱۳	۶ ۵۶	۵ ۴۲	۶ ۴۱	۴ ۵۹	۹		
جمعہ	۲۸	۵	۱۴	۶ ۵۷	۵ ۴۲	۶ ۴۱	۴ ۵۹	۱	عطارد در قوس	
ہفتہ	۲۹	۶	۱۵	۶ ۵۸	۵ ۴۲	۶ ۴۲	۴ ۵۹	۲		
اتوار	۳۰	۷	۱۶	۶ ۵۹	۵ ۴۲	۶ ۴۳	۴ ۵۹	۳		پاکستان میں زلزلہ ۱۹۹۳ء، ۴۰ ہزار افراد ہلاک

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

نومبر ۲۰۱۴ء	شمس در عقرب	مواضع قمر: بروج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالات	اثرات ماہ نومبر ۲۰۱۴ء دنوں کے اثرات
۱	۱۰	حوت	۲۱ ۳۶	مقدم	۷ ۱۱		حضیض	سرمایہ کے کاموں میں فائدہ، دوبارہ تعمیر بھی مفید لیکن مشورہ کرو۔
۲	۱۱			موخر	۴ ۴۷			موافق دن۔ امور جائیداد آمدن ہو، بڑوں سے ملاقات اور نسبت کے لئے۔
۳	۱۲	حمل	۲۳ ۵۲	رشا سرطین	۲:۱۹ ۲۳:۵۲			ذاتی کام کے معاملات میں کامیابی، مل کر کام کرنے میں موافقت۔
۴	۱۳			بطین	۲۱ ۲۸			اصولوں پر چلیں، تکلیف دہ وقت، انتشار، تبدیلی آئے، عورت و زبان میں فریب
۵	۱۴			ثریا	۱۹ ۱۴			روزمرہ کے کاموں میں فائدہ، نیا کام نہ کریں، مخالفوں سے بچو، فہم سے کام لیں۔
۶	۱۵	ثور	۲ ۳۲	دبران	۱۷ ۱۴		شرف	سعد دن، خرید و فروخت مشینری اور جائیداد کیلئے خصوصاً، کار سرکار کے خلاف۔
۷	۱۶			ہقعہ	۱۵ ۳۶	○	استقبال	نکتہ چینیاں، علاج معالجہ اور امراء سے مت الجھو، عملی تبدیلی کے لئے قدم رکھو۔
۸	۱۷	جوزا	۶ ۴۴	ہنعہ	۱۴ ۲۲		فرح	طویل المدت معاہدات کیلئے نحس، تبدیلی کے موافق، سمندری سفر کے ناموافق
۹	۱۸			ذراعہ	۱۳ ۴۱			معاملات نسبت میں کامیابی، مل کر کام کریں، معاملات طے کرنے میں موافق۔
۱۰	۱۹	سرطان	۱۳ ۳۷	نثرہ	۱۳ ۳۷		ترفع	تفریحات، آرٹ، موسیقی کے کاموں میں ترقی، سمندری سفر موافق۔
۱۱	۲۰			طرفہ	۱۴ ۰۸			شدید جذبات میں اشتعال، گمراہ کردینے والے مشورہ، تکرار نہ کریں۔
۱۲	۲۱	اسد	۲۳ ۴۳	جبہۃ	۱۵ ۱۴			نیا کپڑا پہننا اور خریدنا سعد، سفر کے موافق، دوستی و نکاح سے فائدہ ملے۔
۱۳	۲۲			زہرہ	۱۶ ۴۹			مخلوط اثرات، تبدیلی کام و مقام، زمین و جائیداد میں دھوکہ اور غلط فہمیاں۔
۱۴	۲۳			صرفہ	۱۸ ۴۶	◒	تربیع دوم	امراء کو تحریر نہ دو، تبدیلی اور خرید و ٹولز کے موافق، علاج معالجہ کے لئے نحس۔
۱۵	۲۴	سنبلہ	۱۲ ۰۷	عوا	۲۰ ۴۸		ادوج	روزمرہ کے کاموں میں محتاط، نسبت نہ کریں، مخالفوں سے بچو، فہم سے کام لیں۔
۱۶	۲۵			سماک	۲۲ ۴۶			خرید و فروخت مشینری کے لئے سعد، زائد اخراجات، روپے کا ضیاع۔
۱۷	۲۶							سعد دن۔ جائیداد، بڑوں سے ملاقات اور نسبت کے لئے۔
۱۸	۲۷	میزان	۰۰ ۲۹	غفرہ	۰۰ ۲۹			شاہ خرچی، امراء کے ذریعہ مالی نقصانات، سماجی سرگرمی متاثر ہو۔
۱۹	۲۸			زبانہ	۱ ۴۲			دن میں نئے کام شروع نہ کریں۔ پبلسٹی نہ کریں، حادثہ کا امکان۔
۲۰	۲۹	عقرب	۱۰ ۳۰	اکلیل	۲ ۲۵		ہبوط	عورت سے اندیشہ، تبدیلی کام و مقام کے لئے سعد، اہم تعلق ختم ہو۔
۲۱	۳۰			قلب	۲ ۲۸			پلان اور اسکیم کی تکمیل کرو، دوستی اور الیکٹریکل کاموں کے لئے مفید دن۔
۲۲	قوس	قوس	۱۷ ۱۸	شولہ	۱ ۵۸	●	طرح اجتماع	معاہدہ کاروبار نحس، عملی امور اور گھریلو کاموں میں جھگڑا، خرچ بہت ہو۔
۲۳	۲			لغائم بلدہ	۰۰:۵۳ ۲۳:۲۲			سرمایہ کاری متاثر، سوشل سرگرمی، آرٹ کے کام متاثر، پبلسٹی کے موافق۔
۲۴	۳	جدی	۲۱ ۳۱	ذابح	۲۱ ۳۱		وبال	دن خراب، رات جھگڑے اور حادثہ کا امکان، تحریر و تقریر سے نقصان۔
۲۵	۴			بلعہ	۱۹ ۲۳			جھوٹ سے تکلیف، مالی بے ضابطگی، معاہدات کے خلاف، پبلسٹی کے خلاف۔
۲۶	۵			سعود	۱۷ ۰۹			شادی میں کامیابی، معاہدات و آمدن میں تیزی آئے، جائیداد ملے۔
۲۷	۶	دلو	۰۰ ۲۲	اخبیہ	۱۴ ۴۸			اثرات، نقل مکانی، تحریرات، کار سرکار، علاج و نکاح کے موافق۔
۲۸	۷			مقدم	۱۲ ۳۲			اہم کاموں کو روک دیں، عام کاموں کو اپنی فراست سے نمٹائیں۔
۲۹	۸	حوت	۳ ۰۲	موخر	۱۰ ۱۸	◒	حضیض تربیع اول	دوستی کرو، غلط فہمیاں، کار سرکار، مالی لین دین و سمندری سفر کے ناموافق۔
۳۰	۹			رشا	۸ ۱۱			ناموافق دن، سفر، تحریرات، تبدیلی، نکاح و نسبت اور علاج کے لئے خصوصاً

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

تاریخہائے ماہ دسمبر ۲۰۱۴ء

نام ایام	دسمبر ۲۰۱۴ء	صفر ۱۴۳۶ھ	مکھی ۲۰۷۱ب	کراچی آفتاب طلوع	کراچی آفتاب غروب	لاہور آفتاب طلوع	لاہور آفتاب غروب	مقدس نمبر	توقیعات	گزشتہ تاریخی واقعات
پیر	۱	۸	۱۷	۶ ۵۹	۵ ۴۲	۶ ۴۴	۴ ۵۹	۲	شرف مریخ	پاکستانی نوٹ جاری ۱۹۴۸ء۔ سابق وزیراعظم چوہدری محمد علی کا انتقال ۱۹۸۰ء
منگل	۲	۹	۱۸	۷ ۰۰	۵ ۴۲	۶ ۴۵	۴ ۵۹	۳		وفات ہمشیرہ قائداعظم شیریں جناح ۱۹۸۰ء صدر فاروق لغاری کی وفات ۱۹۹۶ء
بدھ	۳	۱۰	۱۹	۷ ۰۱	۵ ۴۲	۶ ۴۶	۴ ۵۹	۴	شرف قمر، حضیض زہرہ	ہند کا مغربی پاکستان پر حملہ ۱۹۷۱ء
جمعرات	۴	۱۱	۲۰	۷ ۰۱	۵ ۴۲	۶ ۴۶	۴ ۵۹	۵		رسم ستی ہند میں بند ۱۸۲۹ء
جمعہ	۵	۱۲	۲۱	۷ ۰۲	۵ ۴۲	۶ ۴۷	۴ ۵۹	۶	مریخ وردلو	وفات حسین شہید سہروردی ۱۹۶۳ء
ہفتہ	۶	۱۳	۲۲	۷ ۰۳	۵ ۴۳	۶ ۴۸	۴ ۵۹	۷		
اتوار	۷	۱۴	۲۳	۷ ۰۳	۵ ۴۳	۶ ۴۹	۴ ۵۹	۸	عرس عبداللطیف بھٹائی	قومی الیکشن ۱۹۷۰ء۔ خطوط حکومت کا قیام۔ نورالامین صدر وزیراعظم بھٹو نائب ۱۹۷۱ء۔ بابری مسجد شہید ۱۹۹۲ء
پیر	۸	۱۵	۲۴	۷ ۰۴	۵ ۴۳	۶ ۵۰	۴ ۵۹	۹		
منگل	۹	۱۶	۲۵	۷ ۰۵	۵ ۴۳	۶ ۵۰	۴ ۵۹	۱	رجعت مشتری	وفات فیروز خان نون ۱۹۷۰ء
بدھ	۱۰	۱۷	۲۶	۷ ۰۵	۵ ۴۳	۶ ۵۱	۴ ۵۹	۲	زہرہ درجدی	پنجاب میں اردو سرکاری زبان بنی ۱۹۵۳ء
جمعرات	۱۱	۱۸	۲۷	۷ ۰۶	۵ ۴۴	۶ ۵۲	۵ ۰۰	۳		شہادت امام حسینؓ ۶۸۰ء
جمعہ	۱۲	۱۹	۲۸	۷ ۰۷	۵ ۴۴	۶ ۵۲	۵ ۰۰	۴	عرس داتا دربار لاہور، چہلم حسینی	
ہفتہ	۱۳	۲۰	۲۹	۷ ۰۷	۵ ۴۴	۶ ۵۳	۵ ۰۰	۵		جنگ شاہی پر ہوائی حملہ ۱۹۴۹ء
اتوار	۱۴	۲۱	۳۰	۷ ۰۸	۵ ۴۵	۶ ۵۴	۵ ۰۰	۶		
پیر	۱۵	۲۲	پوہ	۷ ۰۹	۵ ۴۵	۶ ۵۴	۵ ۰۱	۷		
منگل	۱۶	۲۳	۲	۷ ۰۹	۵ ۴۵	۶ ۵۵	۵ ۰۱	۸		
بدھ	۱۷	۲۴	۳	۷ ۱۰	۵ ۴۶	۶ ۵۶	۵ ۰۱	۹	عطارد درجدی، قمر درعقرب، آخری چہارشنبہ	ہند کا مشرقی پاکستان پر قبضہ ۱۹۷۱ء
جمعرات	۱۸	۲۵	۴	۷ ۱۰	۵ ۴۶	۶ ۵۶	۵ ۰۲	۱		صوبائی الیکشن ۱۹۷۰ء۔ وفات بانی تاج کمپنی شیخ عنایت اللہ ۱۹۸۲ء
جمعہ	۱۹	۲۶	۵	۷ ۱۱	۵ ۴۷	۶ ۵۷	۵ ۰۲	۲		وفات سابق وزیراعظم کوسیجن روس ۱۹۸۰ء
ہفتہ	۲۰	۲۷	۶	۷ ۱۱	۵ ۴۷	۶ ۵۷	۵ ۰۳	۳		یحییٰ خان مستعفی ۱۹۷۰ء۔ بھٹو صدر و مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر
اتوار	۲۱	۲۸	۷	۷ ۱۲	۵ ۴۸	۶ ۵۸	۵ ۰۳	۴		دربار دہلی ۱۹۱۱ء۔ کرنسیوں کے آزادانہ حصول پر پابندی ختم ۱۹۹۳ء
پیر	۲۲	۲۹	۸	۷ ۱۲	۵ ۴۸	۶ ۵۸	۵ ۰۴	۵	شمس درجدی، نیپچون مستقیم	وفات حفیظ جالندھری ۱۹۸۲ء
منگل	۲۳	۳۰	۹	۷ ۱۳	۵ ۴۹	۶ ۵۹	۵ ۰۴	۶	نیا چاند ☾، زحل درقوس	
بدھ	۲۴	ربیع الاول	۱۰	۷ ۱۳	۵ ۴۹	۶ ۵۹	۵ ۰۵	۷	یکم ربیع الاول ۱۴۳۶ھ	پاکستان کی نئی کیبنٹ بنی ۱۹۷۱ء
جمعرات	۲۵	۲	۱۱	۷ ۱۴	۵ ۵۰	۷ ۰۰	۵ ۰۵	۸	پیدائش قائداعظمؒ کرسمس	افغانستان پر روس کا حملہ ۱۹۷۹ء
جمعہ	۲۶	۳	۱۲	۷ ۱۴	۵ ۵۰	۷ ۰۰	۵ ۰۶	۹		
ہفتہ	۲۷	۴	۱۳	۷ ۱۵	۵ ۵۱	۷ ۰۱	۵ ۰۷	۱		عالمی بنک اور آئی ایم ایف کا قیام ۱۹۴۵ء
اتوار	۲۸	۵	۱۴	۷ ۱۵	۵ ۵۱	۷ ۰۱	۵ ۰۷	۲	حضیض مریخ	
پیر	۲۹	۶	۱۵	۷ ۱۵	۵ ۵۲	۷ ۰۱	۵ ۰۸	۳		
منگل	۳۰	۷	۱۶	۷ ۱۶	۵ ۵۳	۷ ۰۲	۵ ۰۹	۴	شرف قمر	وفات حکیم اجمل خان دہلوی ۱۹۲۷ء
	۳۱	۸	۱۷	۷ ۱۶	۵ ۵۳	۷ ۰۲	۵ ۰۹	۵		

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

دسمبر ۲۰۱۴ء	شمس درقوس	مواضع قمر: بروج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالت	اثرات ماہ دسمبر ۲۰۱۴ء: دنوں کے اثرات
۱	۱۰	حمل	۶ ۱۳	شرطین	۶ ۱۳			غیر متوقع زائد آمدنی، نئی اسکیموں میں حصہ لیں، تحریری امور کے لئے سعد۔
۲	۱۱			بطین	۴ ۲۲			سعد دن۔ جائیداد، بڑوں سے ملاقات اور نسبت ونکاح کے لئے۔
۳	۱۲	ثور	۱۰ ۱۴	ثریا	۲ ۴۵		شرف	اہم اور ضروری کاموں کو روک دیں، زائد خود اعتمادی سے بہتر فیصلے ہوں۔
۴	۱۳			دبران	۱ ۱۷			جلتی آدمی سے بچو، سوشل زندگی میں احتیاط برتیں، تعلقات میں انتشار۔
۵	۱۴	جوزا	۱۵ ۲۷	ہقعہ ہنعہ	۰۰:۰۶ ۲۳:۱۲		فرح	تبدیلی کے خلاف، کارسرکار کے موافق، فہم وادراک کی قوتوں سے کام کریں۔
۶	۱۵			ذراع	۲۲ ۳۸	○	استقبال	سوشل زندگی میں احتیاط برتیں، تعلقات میں انتشار، حادثہ کا امکان۔
۷	۱۶	سرطان	۲۲ ۳۳	نثرہ	۲۲ ۳۳		ترفع	اخراجات سے بچو۔ شادی، نکاح نہ کرو، اہم ملاقات موخر کرو۔
۸	۱۷			طرفہ	۲۲ ۵۶			دوستی ومالی لین دین، تعلقات اور الیکٹریکل کاموں میں نقصان، دھوکے سے بچو۔
۹	۱۸			جبہہ	۲۳ ۵۰			ناموافق دن، تعلقات میں انتشار، وراثت کا جھگڑا، سفر میں دھوکہ، زائد اخراجات۔
۱۰	۱۹	اسد	۸ ۱۳					اچانک تبدیلی آئے، جائیداد اور تحریرات میں محتاط رہیں، ذہنی توازن کمزور ہو
۱۱	۲۰			زہرہ	۱ ۱۰			موافق دن۔ کارسرکار و حکام سے ملاقات، علاج، پبلسٹی کے لئے۔
۱۲	۲۱	سنبلہ	۲۰ ۱۸	صرفہ	۲ ۵۸		اوج	ٹیکنیکل اور ایجادات کے لئے مفید دن، ارادوں کو مخفی رکھو، خبر سے خوشی ملے۔
۱۳	۲۲			عوا	۵ ۰۰			آرٹ، تحریرات، پبلسٹی اور رکے ہوئے معاملات طے کرنے کیلئے۔
۱۴	۲۳			سماک	۷ ۰۶	◓	تربیع دوم	اعلیٰ افراد سے نفع، کارسرکار کے لیے سعد، دوستی، آرٹ وخرید مشینری کے موافق۔
۱۵	۲۴	میزان	۹ ۰۴	غفرہ	۹ ۰۴			معاہدات نہ کریں، غیر متوقع مالی فائدہ، علاج، عورت سے نقصان۔
۱۶	۲۵			زبانہ	۱۰ ۳۸			روزمرہ کے کاموں میں احتیاط سے کام لو۔ مخالفتوں سے بچو، فہم سے کام لیں۔
۱۷	۲۶	عقرب	۱۹ ۵۱	اکلیل	۱۱ ۴۰		ہبوط	سوشل امور اور کارسرکار و علاج کے لئے سعد، مالی امور اور سفر میں احتیاط۔
۱۸	۲۷			قلب	۱۱ ۵۸			نسبت اور تعلقات کی استواری کیلئے سعد، علاج کے موافق، زائد اخراجات۔
۱۹	۲۸			شولہ	۱۱ ۳۵			معاہدات وتحریرات میں محتاط، بعد دوپہر تبدیلی کام ومقام کے ناموافق۔
۲۰	۲۹	قوس	۲ ۵۴	لغائم	۱۰ ۲۶		طرح	لاگت یا نقصان زیادہ ہو، روپیہ لگانے کیلئے نیا قدم نہ اٹھائیں، مخالفتوں سے بچو۔
۲۱	۳۰			بلدہ	۸ ۴۰			اتفاقی تبدیلی کامیابی ملے، گورنمنٹ کے کام میں فائدہ، اخراجات سے بچو۔
۲۲	جدی	جدی	۶ ۲۴	ذابح	۶ ۲۴	●	وبال اجتماع	مالی معاملات، تحریر وسفر کے کاموں میں فائدہ، سمندری سفر کے موافق۔
۲۳	۲			بلعہ	۳ ۴۴			کاروبار یا روپیہ لگانے کے لئے نیا قدم نہ اٹھائیں، رکاوٹیں پیدا ہوں۔
۲۴	۳	دلو	۷ ۵۱	سعود اخبیہ	۰۰:۵۰ ۲۱:۵۱			ناموافق دن، جائیداد، سفر کے لئے خصوصاً درخت لگانے کے موافق۔
۲۵	۴			مقدم	۱۸ ۵۸			پبلسٹی کے موافق، سوشل امور کیلئے بہتر، تخلیقی وادراکی قوتوں میں اضافہ۔
۲۶	۵	حوت	۹ ۰۶	موخر	۱۶ ۱۳		حضیض	سعد دن۔ کارسرکار، معالجہ، نسبت، سوشل امور کے لئے اور سمندری سفر۔
۲۷	۶			رشا	۱۳ ۴۳			سعد دن۔ حصول مال اور انعامی اسکیموں کے پروگرام بناؤ۔ نکاح کے موافق۔
۲۸	۷	حمل	۱۱ ۳۴	شرطین	۱۱ ۳۴	◒	تربیع اول	علاج سے فوائد، زائد اخراجات، رات حادثہ اور جھگڑے کا امکان۔
۲۹	۸			بطین	۹ ۴۵			مخلوط اثرات، چوٹ لگنے کا امکان، حادثہ، تبدیلی کام، تحریرات کے ناموافق۔
۳۰	۹	ثور	۱۵ ۵۵	ثریا	۸ ۲۰		شرف	عورت سے سخت اندیشہ، فریب سے بچو، جائیداد واملاک کے کام نہ کریں۔
۳۱	۱۰			دبران	۷ ۱۳			دن بہتر، بعد دوپہر کوئی تبدیلی نہ کرو، فریب سے بچو، الیکٹریکل کام میں احتیاط۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

مشہور ہے کہ عمل تسخیر مثل اکسیر نایاب ہے - یہ بالکل صحیح ہے - لیکن عاملان جفر نے لوح تسخیر کے ذریعہ لوگوں کے دلوں پر حکومت کی ہے بڑے بڑے جلیل القدر بادشاہوں نے اس نقش معظم کے ذریعہ بادشاہت حاصل کی تھی -

لوح تسخیر

تسخیر خلق، تسخیر حکام، تسخیر دشمن، تسخیر مستورات معظمہ، تسخیر محبوب و مطلوب، تسخیر امراء وزراء کے لئے تیار کی جاتی ہے - اگر ترقی یا مناسب عہدہ کی خواہش پوری نہیں ہوتی - یا ملازمت کے حصول کے لئے یا کسی درخواست کی منظوری کے لئے تسخیر حکام کی ضرورت ہے - اگر کسی دشمن کی تسخیر یا کسی مخالف کی اطاعت منظور ہے - اگر کوئی رشتہ دار یا عزیز کہنا نہیں مانتا - اگر کوئی روٹھ کر چلا گیا ہے یا روپوش ہو گیا ہے - اگر کسی سے ناچاکی ہے - اگر اردگرد کے حلقہ میں کوئی آپ کی عزت نہیں کرتا - اگر کسی مطلوب کو بے دام غلام بنانا ہے - اگر محبوب بے رخی سے پیش آتا ہے - اگر مطلوبہ جگہ رشتہ نہیں ہوتا' یا ہو ہو کر ٹوٹ جاتا ہے - لڑکا لڑکی بن بیاہی رہ گئی ہے تو

لوح تسخیر

آپ کی کامیابی کی ضامن بنے گی

یہ ایک پرتاثیر اور چلتا ہوا عمل ہے - جو میرا خاص معمول اور میرے بزرگوں کا عطیہ ہے - لاتعداد بندگان خدا فیضیاب ہو چکے ہیں - تیس سال سے میری یہ محنت میرا افتخار ہے - آپ کو جب ضرورت پڑے فائدہ اٹھائیے - ہدیہ نیاز وزکات موکلات تسخیر عام کے لئے اور تسخیر خاص کے لئے دفتر سے معلوم کریں - تسخیر عام کی صورت میں نام معہ والدہ اور مقصد لکھیں - تسخیر خاص کے لئے نام طالب و مطلوب معہ والدہ ہو - اگر مطلوب حاکم ہو تو نام معہ عہدہ لکھیں - فوری روانگی کے لئے مجبور نہ کریں - مخصوص وقتوں میں تیار کیا جاتا ہے - جواب طلب امور کے لئے جوابی امور کے لئے جوابی لفافہ لکھیں - تمام حالات صغیۂ راز میں رہیں گے - ہدیہ ہر حالت میں پیشگی بذریعہ منی آرڈر آنا چاہئے -

مینجر روحانی دنیا کراچی ۷۴۸۰۰

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

شرفات کواکب ۲۰۱۴ء

ہر سال کواکب کے شرف اور اوج آتے ہیں۔ ان مراتب کے عملیات رسالہ ''روحانی دنیا'' میں حسب موقع دیئے جاتے ہیں۔ ان کے اثرات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ اگر ان کی تیاری کے سلسلہ میں دفتر سے امداد کے خواہاں ہوں تو تاریخ مقررہ سے دو ہفتے پیشتر لکھیں اور ہدیہ بذریعہ منی آڈر بھیج دیں۔

شرف زہرہ:۔ (۲۹ اپریل)
اوج زہرہ:۔ (۱۱ جولائی)

تسخیر خلق، تسخیر مستورات، تسخیر محبوب، لطف قلوب اور رجوع خلق کے لئے تیار کی جاتی ہے۔ کاروباری اصحاب کے لئے بہت مفید ہے۔ جن کے پاس خلقت بہت آتی ہے۔ سیاسی آدمی طبیب، ڈاکٹروں اور دکان داروں کے لئے باعث آمدن باعث عزت اور باعث شہرت ہے۔ علاوہ ازیں عورتوں کے امراض اختناق الرحم، عسر ولادت، حفظ حمل، یا خون زیادہ آنے وغیرہ کے طلسم ونقوش اس وقت بنتے ہیں۔

شرف شمس:۔ (۱۸ اپریل)
اوج شمس:۔ (۱۱ جولائی)

حصول مراتب، جاہ ومنزلت، دشمنوں پر فتحیابی، عظمت اور فتوحات کے لئے تیار کی جاتی ہے۔ نیز سحر غالب نہیں ہوتا۔ نہ کوئی غالب آسکتا ہے۔ نہ مسلط ہوسکتا ہے۔ لوح طلا، زیادہ موثر ہوتی ہے۔

شرف عطارد:۔ (۲۳ اگست)
اوج عطارد:۔ (۱۱ نومبر)

تسخیر افسران وحکام، تسخیر اہل علم، قوی الحافظہ ہونے کے لئے مباحثہ علمی میں فوقیت، حصول علم حکمیہ کے لئے اور کامیابی امتحان کے لئے اور قوت فصاحت وبلاغت کے حصول کے لئے تیار کی جاتی ہے۔ امراض میں سے مالیخولیا، صرع، فاتر العقلی اور بچوں کے خواب یا بیداری میں ڈرنے کی الواح تیار کی جاتی ہیں۔

شرف مریخ:۔ (یکم دسمبر)

حصول قوت وشجاعت، دل کو قوی کرنا، غلبہ براعداء، دشمنوں کے شر اور موذی جانوروں وآسیب سے بچنے کے لئے یہ لوح تیار کی جاتی ہے۔ ہیضہ، ٹس سی، امراض میں لقوہ، فالج، رعشہ اور بلغمی مزاج کے لئے بھی، نیز قوت مردانہ کے لئے لوح تیار کی جاتی ہے۔

شرف مشتری:۔ (۲۴ اپریل)

مالی خوش بختی، فرخی رزق، حصول مال ودولت، ترقی رزق، بے اندازہ دولت کے سبب پیدا کرنا، ادائیگی قرض، انعامی اسکیموں سے قسمت کا کھلنا، اسباب تونگری اور مالی مفاد لاتا ہے۔ اس کے طلسم چاندی اور سونے پر تیار کئے جاتے ہیں۔ یہ وقت ۱۲ سال بعد آتا ہے

اس سال کے شرف اور اوج ان کے اوقات علیحدہ دیئے گئے ہیں

لوح کے ہدیہ کی تفصیل رسالہ میں درج کی جاتی ہے۔ ہدیہ ہر حالت میں پیشگی روانہ کریں۔

فون نمبر: 0333-72029640, 021-4949944

دفتر رسالہ روحانی دنیا، پیر الٰہی بخش کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

طلوع وغروب سیارگان ۲۰۱۴ء

عطارد ☿

یہ شمس سے سب سے نزدیک سیارہ ہے۔ ۸۸ دنوں میں سورج کے گرد ایک چکر لگا لیتا ہے اور شمس کے نزدیک ہونے کی وجہ سے غروب شمس کے فوراً بعد یا طلوع آفتاب سے پیشتر اسے دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ نہایت چمکدار ہے۔

عطارد شروع سال سے طلوع رہے گا' ۲ فروری کو غروب ہوگا' ۲ مارچ کو طلوع ہوگا۔ ۱۴ اپریل کو غروب ہو گا' ۱۰ مئی کو طلوع ہوگا۔ ۵ جون کو غروب ہوگا' ۴ جولائی کو طلوع ہوگا۔ ۲۴ جولائی کو غروب ہوگا' ۱۲ اگست کو طلوع ہوگا۔ ۳ اکتوبر کو غروب ہوگا' ۲ نومبر کو طلوع ہوگا۔ ۲۳ نومبر کو غروب ہوگا اور ۲۲ دسمبر کو طلوع ہو جائے گا۔

۳ مارچ سے ۱۰ اپریل' ۱۱ مئی سے ۴ جون' ۵ جولائی سے ۲۳ جولائی' ۱۳ اگست سے ۱۲ اکتوبر' ۳ نومبر سے ۲۲ نومبر' ۲۳ دسمبر تک مغرب میں غروب آفتاب کے بعد نظر آئے گا۔

زہرہ ♀

یہ محبت کا ستارہ ہے۔ آسمان پر نہایت چمکدار اور خوبصورت نظر آتا ہے۔ یہ تقریباً زمین کے برابر ہے۔ ۲۲۴ دنوں میں سورج کے گرد چکر لگا لیتا ہے۔ اس پر بادل اور دھند چھائی رہتی ہے۔ ٹمپریچر زمین سے زیادہ ہے۔ یہ شروع سال سے نظر نہ آئے گا۔ یکم جنوری سے ۲۵ جنوری تک غروب رہے گا۔ پھر فروری سے طلوع دن میں ہوگا اور مشرق میں نظر آئے گا۔ ۱۰ اکتوبر سے ۱۰ نومبر تک غروب رہے گا۔ وسط نومبر سے سال کے آخر تک جنوب میں دن میں نظر آئے گا۔ زہرہ شمس سے ۱۱ جنوری کو قران کرے گا۔ پھر ۲۵ اکتوبر کو قران کرے گا۔

مریخ ♂

یہ پندرہ سال کے بعد زمین کے قریب آتا ہے۔ یہ زمین سے بہت چھوٹا ہے۔ اس پر گہرے بادل ہیں۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس زیادہ ہے۔ اس کے دو چاند ہیں۔ یہ ۶۸۷ دنوں میں سورج کے گرد گردش مکمل کر لیتا ہے۔ اس کا دن زمین سے ۴۱ منٹ بڑا ہوتا ہے۔ یہ مغربی ہواؤں پر حکمران ہے۔ یہ یکم جنوری سے طلوع آفتاب سے قبل جنوب مغرب میں نظر آئے گا۔ سال کے آخر میں جنوب مشرق میں طلوع آفتاب کے بعد نظر آئے گا۔ شمس سے مریخ کا قران اس سال نہیں ہوگا۔

مشتری ♃

یہ نظام شمسی کا سب سے بڑا سیارہ ہے۔ یہ اپنے محور کے گرد دس گھنٹے میں گھوم جاتا ہے۔ اس کے گرد سڑسٹھ (۶۷) چاند ہیں۔ جن کا نظارہ ٹیلیسکوپ سے بڑا شاندار نظر آتا ہے۔ اس پر ابھی تک زندگی کے نشان نہیں

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

ملے۔ یہ شروع سال سے غروب آفتاب کے بعد مغرب میں نظر آئے گا۔ پھر ۵ جولائی سے ۱۰ اگست تک غروب رہے گا۔ اگست سے مشرق میں دن میں طلوع ہوگا۔ سال کے آخیر میں جنوب مغرب میں طلوع آفتاب سے قبل نظر آئے گا۔ شمس مشتری کا قران ۲۵ جولائی کو ہوگا۔

زحل

یہ نظام شمسی کا دوسرا بڑا سیارہ ہے۔ یہ سورج کے گرد ۲۹ سال میں ایک گردش لگالیتا ہے۔ اس کے گرد کچھ حلقے ہیں۔ اس کے (۵۳) مستند چاند ہیں۔ رکاوٹ، دیر، پابندی اور خوف لانے والا سیارہ ہے۔ زحل شروع سال سے جنوب مشرق میں غروب آفتاب کے بعد نظر آیا کرے گا۔ ۳ نومبر سے ۳ دسمبر تک غروب رہے گا۔ ۴ دسمبر سے سال کے آخر تک جنوب مشرق میں دن میں طلوع ہوگا۔ شمس سے اس کا قران ۱۸ نومبر کو ہوگا۔

یورنس

یہ آنکھ سے نظر نہیں آتا۔ ٹیلیسکوپ سے دیکھ سکتے ہیں۔ یہ سورج کے گرد ۸۴ سال میں ایک چکر لگالیتا ہے، اس کے ستائیس (۲۷) چاند ہیں جو کہ مستند ہیں۔ یہ غیر متوقع تبدیلیوں سے متعلق ہے۔ شروع سال سے مغرب میں نظر آئے گا۔ ۱۷ مارچ سے ۱۸ اپریل تک غروب رہے گا۔ پھر ۱۹ اپریل سے جنوب مشرق میں طلوع ہوگا اور سال کے آخیر تک سورج طلوع ہونے سے قبل مغرب میں نظر آئے گا۔ شمس سے ۱۲ اپریل کو قران کرے گا۔

نیپ چون

اس کی دریافت علم ہندسہ کا کارنامہ ہے۔ پہلے اس کا حساب تیار کیا گیا۔ پھر اس کو معلوم کیا گیا۔ سورج کے گرد ۱۶۵ سال میں ایک چکر لگالیتا ہے۔ اس کے ۱۳ چاند ہیں۔ اسے صرف ٹیلیسکوپ سے دیکھا جاسکتا ہے۔ یہ شروع سال سے مغرب میں طلوع رہے گا۔ ۸ فروری سے ۱۰ مارچ تک غروب رہے گا۔ طلوع ہونے کے بعد جنوب میں دن میں نظر آئے گا۔ جولائی سے جنوب مغرب میں طلوع آفتاب سے قبل نظر آئے گا۔ اکتوبر سے سال کے آخیر تک مغرب کے بعد نظر آئے گا۔ شمس سے ۲۳ فروری کو قران کرے گا۔

پلوٹو

۱۹۳۰ میں دریافت ہوا۔ لوویل آبزرویٹری امریکہ نے اسے دریافت کیا۔ گیارہ سالہ لڑکی وینیٹیا برنی نے اس کا نام پلوٹو تجویز کیا۔ ۲۰۰۶ میں بھیجا ہوا خلائی جہاز ۲۰۱۵ میں پلوٹو کے کیوپر بلٹ پر پہنچے گا تو اس کے متعلق معلومات حاصل ہونگی۔ یہ ۲۴۸ سال میں سورج کے گرد چکر لگالیتا ہے۔ اس کا سائز زمین سے چھوٹا ہے۔ برج جدی میں سارا سال حرکت کرے گا۔ یکم جنوری کو شمس سے قران کرے گا۔ طلوع کے بعد یہ جنوب مشرق میں غروب آفتاب کے بعد نظر آئے گا۔ ماہ جولائی سے سال کے آخیر تک جنوب مغرب میں دن میں طلوع ہوگا۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

رموز الجفر

حروف، عناصر، اسمائے الٰہی، اعداد اور ارواح فلکی کے امزجہ سے عالم سفلی میں تصرفات کی حکمت یہ حضرت کاش البرنیؒ کے معمولات کا لاثانی خزانہ ہے۔ جس کے اعمال متعدد مرتبہ تجربہ کی میزان پر تلے ہوئے ہیں، اس علم جفر کے صدیوں کے سربستہ رازوں کا انکشاف کیا گیا ہے، نقاط جفر کی تشریح کے ساتھ ساتھ اعمال کے فہم و تفہیم کے لئے مثالیں دی گئی ہیں۔ حصول خواہشات اور مراد براری کے وہ موثر قواعد بیان کئے گئے ہیں۔ جو بمنزلہ تاثیر کے طلسم سے بھی عظیم تر ہیں۔ ان میں کسی چلہ کشی کی ضرورت نہیں، محض وقت اور ترکیب سے ہی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

اس میں ۱۹ ابواب ہیں جن میں ۱۳۵ تیر بہدف عملیات ہیں۔

باب اول اسمائے اللہ الحسنٰی اور ان کے اعمال کا طریقہ۔

باب دوم حل المشکلات و طلب حاجات کے خاص قواعد۔

باب سوم حب و تسخیر و حاضری مطلوب کے تکسیری راز۔

باب چہارم بغض عداوت، اخراج و بیماری دشمن کے موثر اعمال۔

باب پنجم حصول رزق، کشائش، علوئے مرتبت در اسباب کار کے ذرائع۔

باب ششم تسخیر حکام، تسخیر خلق، تحفظ غضب حاکم کے خاص اعمال۔

باب ہفتم زباں بندی، راہ بندی، حفاظت، ناجائز مطالبات کی بندش وغیرہ، عقود۔

باب ہشتم جملہ کواکب کے شرف، اوج و موثر نظرات کے اعمال۔

باب نہم متفرقات، امراض، گریختہ، مفت خواتیم وغیرہ۔

۲۰۸ صفحات۔ ہدیہ =/۴۵۰ روپے۔ محصول ڈاک علاوہ

نوٹ:۔ صرف وہ لوگ منگوائیں جن کی ذہنی قوتیں اچھی ہوں، حساب داں ہوں اور حل کرنے کی سعی سے گریز کرنے والے نہ ہوں۔

اوراق پبلشرز کراچی نمبر ۷۴۸۰۰

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

ندائے کواکب ۲۰۱۴ء

مریخ جنگ وفساد کا ستارہ ہے جب بھی نحس نظر قائم کرتا ہے تو انتشار پیدا ہوتا ہے۔ اس سال یہ چھ ماہ کا غیر معمولی عرصہ برج میزان میں گزارے گا اور ۲۶ جولائی کو برج عقرب میں داخل ہوگا۔ مریخ یکم مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت واستقامت کے دور سے گزریگا۔ برج میزان سے ترتیب وار برجوں سے گزرتا ہوا' ۵ دسمبر کو برج دلو میں داخل ہوگا اور اسی میں سال کے آخر تک رہے گا۔

اس سال بچوں کی تعلیم اور صحت سے متعلقہ امور میں مشکلات درپیش آئیں گی۔ سرمایہ کاری' انعامی اسکیموں میں لگائی گئی رقم' یا فارن اکاونٹ میں رکھی گئی رقم سے منافع میں کمی آئے گی۔ خواہشات اور امیدیں پوری کرنے کے لئے شیئرز' بانڈز' کے علاوہ جوا' کھیل اور سٹہ میں رقم لگائیں گے۔ وہ افراد جو ان معاملات سے دور رہے تھے وہ بھی اس میں شامل ہوجائیں گے۔ الیکٹرونک اشیاء وگاڑیوں کی خرید وفروخت سے فائدہ ہوگا۔

مریخ ۹ جنوری کو مشتری سے تربیع بنائے گا اور ۲۵ جون کو یورنس سے مقابلہ کرے گا۔ ۲ اگست کو مشتری سے تربیع بنائے گا۔ ۷ اگست کو نپ چون سے تثلیث بنے گی۔ ۲۶ اگست کو زحل سے قران کرے گا۔ ۲۲ ستمبر کو نپ چون سے تربیع ہوگی۔ ۱۵ اکتوبر کو یورنس سے تثلیث ہوگی۔ یکم دسمبر کو زحل سے تسدیس اور ۲۱ کو یورنس سے تسدیس ہوگی۔

زحل شروع سال سے برج عقرب میں رہے گا۔ جہاں یہ ۲۳ دسمبر ۲۰۱۴ء کو برج قوس میں داخل ہوجائے گا۔ وہ ممالک جو برج عقرب اور ثور کے ماتحت آتے ہیں ان کو کسی نہ کسی صورت خرابی سے واسطہ پڑے گا۔ الجزائر' مراکش' ناروے' فن لینڈ' اردن' شام' آئس لینڈ' اور جرمنی ہیں جن میں زیادہ خلفشار اور جھگڑے ہونگے حکومت وقت کو سخت دباؤ کا سامنا ہوگا۔ ساتھ ہی آئرلینڈ' پولینڈ' کوچک' میکسکو' ارجنٹائن اور یونان میں دہشت گری کے واقعات اور نشہ آور اشیاء کی بھرمار سے مشکلات پیدا ہونگی اور سرحدی علاقوں میں سختی سے نمٹا جائے گا۔ ۲۶ اگست کے نزدیک فوجی اور سیاسی کشیدگی کا امکان ہے۔

برج عقرب اموات اور حادثات سے بھی متعلق ہے۔ زحل ان ممالک میں نئی سیاسی اور اقتصادی تبدیلیاں لائے گا۔ لہذا اتفاقی اور انقلابی حادثات سے اموات آئیں گی۔ جو حیرت انگیز اور خوفناک ہونگی۔ ان ممالک میں حکومتیں تبدیل ہوجائیں گی یا پھر سخت مزاحمت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نیز وہ حکمران جن کا برج عقرب ہے ان سے حکومت آئندہ چند سالوں میں چھن جائے گی۔ زحل آبی برج میں ہے لہذا مالی دباؤ بڑھے گا' تیل' گیس' مائع اشیاء کی قیمتوں کے بحران سے سابقہ پڑے گا۔ ٹیکس اور دیگر اداروں کے واجبات بھی مصیبت بن کر نازل ہونگے۔ انہیں بد قسمتی' سختی' اور مالی نقصان سے واسطہ پڑے گا۔ زحل ۲ مارچ سے ۲۱ جولائی تک اسے رجعت واستقامت ہوگی۔ ۲۴ مئی کو مشتری زحل کی تثلیث ہوگی۔ ۲۶ اگست کو مریخ زحل کا قران ہوگا۔

مشتری شروع سال سے ۱۶ جولائی تک برج سرطان میں رہے گا۔ اس کے بعد برج اسد میں داخل ہوگا یہاں یہ ایک سال تک رہے گا۔ ۲۴ اپریل کو دوبارہ شرف کی قوتوں سے مالا مال ہوگا اور جو لوگ اس وقت سے فائدہ اٹھائیں گے ان کی زندگی میں خوش قسمتی کے دروازے کھل جائیں گے۔ یکم جنوری سے ۶ مارچ تک رجعت میں رہے گا پھر ۹ مئی سے سال کے آخر تک رجعت رہے گا۔ برج سرطان' اسد' جدی و دلو والے افراد اور ممالک کو اس سال غیر متوقع

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

خوشحالی سے واسطہ پڑے گا۔ اس سال ۲۴ مئی کو مشتری زحل سے تثلیث بنائے گا۔ روس' سوئیڈن' اسپین' آسٹریلیا' ہنگری' رومانیہ اور لیبیا کو مالی مشکلات سے نکلنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

یورنس برج حمل میں ۷ سال تک رہے گا۔ ۲۲ جولائی کو رجعت کرے گا اور ۲۲ دسمبر کو مستقیم ہو جائے گا۔ ۲۱ اپریل کو یورنس اور پلوٹو کی تربیع ہوگی۔

نپ چون برج حوت کے ۳ درجہ پر پہنچ چکا ہے۔ ۱۰ جون کو رجعت کر جائے گا پھر ۱۶ نومبر کو مستقیم ہوگا۔

پلوٹو سارا سال برج جدی میں رہے گا۔ ۱۵ اپریل کو رجعت ہوگی۔ ۲۳ ستمبر کو مستقیم ہوگا۔

خوش بخت لوگ:

مالی مفاد کا ستارہ مشتری برج سرطان میں ۱۶ جولائی تک رہے گا اس کے بعد برج اسد میں داخل ہوگا۔ چنانچہ برج سرطان وجدی والے افراد اور اسد و دلو والے افراد کے لیے کامیابی کا سال ہوگا۔ جو کاروباری اور مالی امور میں ایسے اسباب پیدا کرے گا جس سے کاروبار بڑھے گا۔ عہدہ اور پوزیشن میں ترقی ہوگی۔ نیا کاروبار اور شراکت پیدا ہو گی اور دوسروں کے سرمائے سے فائدہ اٹھائیں گے۔ لہٰذا فائدہ اٹھانے کی پوری کوشش کریں۔ یہ سال حالات میں بہتری اور خوش بختی لائے گا۔ دوستوں اور ملنے جلنے والوں کے ذریعے خواہشات کی تکمیل کا موقع ملے گا۔

خراب وقت کن لوگوں کے لئے ہے:

برج عقرب والے اب بھی زحل کے اثر کے ماتحت ہیں۔ یہ کھچاؤ' دباؤ' غم واندیشہ کا عرصہ ہے۔ خطرات سر پر منڈلاتے نظر آئیں گے۔ کام بنتے بنتے بگڑ جائیں گے اور رک جائیں گے۔ یہ وقت خاندانی مشکلات اور ذمہ داریاں لائے گا۔ مستقبل تاریک نظر آئے گا۔ ثور والوں کے حالات بھی ناتسلی بخش رہیں گے۔ اخراجات اور پریشانیوں سے سابقہ پڑے گا۔ یہ سختی کا دور ہوگا۔ رفقتیں اور دوستیاں ٹوٹ جائیں گی۔ رہائش یا ماحول میں تبدیلی آ جائے گی۔ ہر وقت ایک انجانا سا خوف طاری رہے گا۔

زحل ۲۳ دسمبر کو برج قوس میں داخل ہوگا۔ قوس والوں پر زحل کا اثر ڈھائی سال قبل شروع ہو چکا ہے۔ عقرب والوں پر ڈھائی سال اور رہے گا اور اب برج میزان والے زحل کے اثر سے نکلتے جائیں گے اور اپنے ذہنوں کو ذرا مطمئن پائیں گے۔ مگر مالی امور میں رکاوٹوں کو محسوس کریں گے۔

جوزا والے جن کی پیدائش یکم جون سے ۱۰ جون کے درمیان ہے ان کو خاص طور پر غم وفکر سے واسطہ پڑے گا۔ ان کے حالات میں تبدیلیاں آئیں گی۔ کیریئر میں فکرمندی پیدا ہوگی۔ ان کے پیشہ' کاروبار اور مالی امور پر اچھا اثر نہ پڑے گا۔ بلکہ مشکلات اور اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ انہیں آنے والی تبدیلیوں کو مدنظر رکھنا چاہئے۔ نپ چون دسویں گھر میں اور یورنس گیارہویں گھر میں اور مشتری چھ ماہ تک خانہ مال میں رہے گا اس کے بعد ۱۶ جولائی کو تیسرے گھر میں آ جائے گا۔ اس دوران آپ کو اہم مواقع ملیں گے کہ آپ ان آفر اور پیشکش سے فائدہ اٹھائیں۔ نپ چون آپ کی ملازمت اور کیریئر کے معاملات میں تبدیلی لائے گا جبکہ یورنس آپ کی امیدیں اور خواہشات کو پورا کرنے کی صلاحیتوں کو بڑھا دے گا۔ دلو والوں کو دوسروں کے مال سے فائدہ ہوگا۔ کام میں بہتری آئیگی۔ اسد والوں کے چوتھے گھر میں زحل اس سال کے آخر میں نکل جائے گا۔ گھریلو زندگی میں اطمینان حاصل ہوگا۔ جولائی میں مشتری برج

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

اسد میں داخل ہوگا جس سے زندگی میں خوش قسمتی کے راستے کھل جائیں گے اور ترقی کام وکاروبار میں کرسکیں گے۔

رہائش میں تبدیلی:

برج عقرب' ثور' اسد اور قوس والوں کی رہائش میں تبدیلی ہوگی۔ عقرب اور ثور والوں کو خاص طور پر رہائش کی تبدیلی کی کوشش کرنی چاہئے یا سفر اختیار کرنا چاہئے۔ اگر ایسا نہیں کریں گے تو اپنے ہی گھر میں غیر متوقع اور غیر اختیاری حالات اور تبدیلیوں سے دوچار ہوں گے۔

زائد آمدنی اور اسکیموں میں حصہ لینے والے

بانڈز اور دیگر انعامی اسکیموں سے آمدن حاصل کرنے والوں میں اسد' سرطان' جدی اور دلو والے ہیں۔ قوس والوں کو بھی مواقع ملیں گے۔ کیونکہ ان حاکم ستارہ مشتری باقوت اور شرف یافتہ ہوگا۔ بڑی سرمایہ کاری عقرب اور ثور والوں کو نہیں کرنی چاہئے۔ جوزا والوں کو اب سمجھ لینا چاہئے کہ اس قسم کی آمدنی اب ان کی قسمت میں نہیں ہے۔ ان کی کوشش نقصان دیں گی۔ دلو اور اسد والوں کو روپیہ کمانے کے مواقع ملیں گے۔

زحل کے اثرات

زحل کے اثرات: مستقبل میں نقصان اور فکرمندی کے سال

۲۰۱۲ء/ ۲۰۱۱ء	میزان اور حمل والوں کے لئے
۲۰۱۴ء/ ۲۰۱۳ء	عقرب اور ثور والوں کے لئے
۲۰۱۶ء/ ۲۰۱۵ء	قوس اور جوزا والوں کے لئے
۲۰۱۸ء/ ۲۰۱۷ء	جدی اور سرطان والوں کے لئے
۲۰۲۰ء/ ۲۰۱۹ء	دلو اور اسد والوں کے لئے

لوح شرف مشتری ۲۰۱۴ء
ماہ اپریل میں آرہا ہے

بچے کا نام نکلوائیے یا زائچہ بنوائیں


بچے کی تاریخ پیدائش' جنس' وقت پیدائش (صبح یا شام)' مقام پیدائش معہ ضلع اور والد/ والدہ کا نام ارسال کریں۔ ہدیہ =/۱۵۰۰ روپے رقم منی آڈر کریں اور اس پر رقم ارسال کرنے کا مقصد تحریر کریں۔

پتہ اوراق پبلشر' پی آئی بی کالونی کراچی

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

تحویل آفتاب عالمتاب سال ۲۰۱۴ء

حکمائے اہل یونان نوروز اس دن کو کہتے ہیں جب کہ آفتاب بارہ بروج کا دورہ طے کرنے کے بعد برج حمل کے نقطۂ اوّل میں داخل ہوتا ہے۔ اس وقت دن اور رات برابر ہوتے ہیں۔ منجم لوگ اس وقت حساب کر کے زائچہ بناتے ہیں اور سالانہ حساب تیار کرتے ہیں اس برج میں آفتاب کو ۱۹ درجہ شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس شرف میں کاملان جعفر مختلف اعمال تسخیر خلق، عروج و ترقی اور بلندی مرتبت کے تیار کرتے ہیں۔ اس تحویل کے بعد فصل ربیع کی ابتدا ہوتی ہے اور پہلی سہ ماہی کا ملکی زائچہ تیار کیا جاتا ہے۔



تحویل کا وقت تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے لیکن انسانی حساب کی باریکیاں جہاں تک حد تحریر میں لاسکتی ہیں وہ یہ ہے کہ پاکستان کے مروجہ وقت کے مطابق اس سال ۲۰ مارچ کو ۹ بجکر ۵۶ منٹ ۳۰ سیکنڈ رات شمس برج حمل میں تحویل ہو رہا ہے اس کا زائچہ یہ ہے۔ اس سال برج عقرب تحویل کے وقت طلوع ہو رہا ہے۔ زائچہ میں کواکب اس طرح ہیں۔

طالع میں زحل و راس بحالت رجعت قابض ہے اور قمر زحل کا قران ہے، قمر زہرہ کی تربیع، قمر تسدیس پلوٹو ہے۔ تیسرے گھر میں پلوٹو ہیں۔ چوتھے گھر میں زہرہ ہیں۔ عطارد و نپ چون پانچویں گھر میں قران میں ہیں۔ مشتری آٹھویں گھر سے یورنس سے تربیع، نپ چون سے تثلیث اور پلوٹو سے مقابلہ بنا رہا ہے۔ بارہویں گھر میں مریخ بحالت رجعت موجود ہے۔

طالع میں زحل و راس بحالت رجعت امور داخلہ، صحت عامہ، عوام الناس، ملکی اندرونی حالات پر اثر انداز ہوگا۔ یہ ملک کے لیے بہتری کی علامت ظاہر نہیں ہو رہی ہے سارے کام سست روی سے ہونگے جس سے جرائم میں اضافہ اور لوگ کثرت سے بیمار ہونگے۔ یہ گھر عوام سے کیے گئے وعدوں کا ہے لہذا عوام دوبارہ وعدوں کو پورا کرنے کا مطالبہ کریں گے۔

طالع کا مالک بارہویں گھر میں بحالت رجعت ہے جس سے ہسپتالوں اور قیدوں کے معاملات رک جائیں گے۔ حمل گرانے کی شرح میں اضافہ ہوگا زیادہ اموات ہونگی۔ خفیہ کلینک اس کام میں ملوث پائے جائیں گے۔ کچھ اہم شخصیات سکینڈل کا نشانہ بنیں گے۔ پارلیمنٹ کے اراکین میں مختلف امور پر کثرت سے اختلاف رائے ہوگا۔ تفتیشی ادارے فتنہ انگیزی اور مجرمانہ کاروائیوں کو کم کرنے میں ناکام رہیں گے۔

دوسرے گھر کا مالک مشتری نویں گھر میں موجود ہے۔ لوگ زیارت گاہوں کا زیادہ رخ کریں گے۔ روحانیت کی کھوج میں لگیں گے۔ تعلیم کے شعبہ میں بڑی ترقی ہوگی، درآمد برآمد بڑھنے کی صورتیں پیدا ہونگی۔ اس سال خوشی و

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

راحت اور فراخی حاصل ہوگی۔ تاہم امیر و وزیر اور اہل علم کو سکون حاصل نہ ہوگا۔ جانور صحت مند ہونگے مگر زراعت میں کمی آئے گی۔ بارشیں ضرورت سے زیادہ اور سخت ہونگی۔ صنعت کار اس سال خوش حالی دیکھیں گے۔ مگر صاحب علم افراد بیماری سے زیادہ تکلیف اٹھائیں گے۔ سفر اور سفری رابطے بہتر رہیں گے۔ جدید تعلیمی رسدگاہیں بنائی جائیں گی۔

عطارد و نپ چون کا قران جنسی امراض اور تعلقات میں اضافہ کردے گا۔ بچوں کا ساتھ جسمانی تشدد میں اضافہ ہوگا۔ رقص و موسیقی، سٹہ جوا و نشہ کم عمر نوجوانوں میں سرائیت کر جائے گا۔ اغواء کے کیس بڑھ جائیں گے۔ محبت کو کھیل سمجھ کر دھوکہ دیا جائے گا۔ دشمنی میں دوستی کریں گے جنسی ہوس کو مٹانے کے لیے نکاح کریں گے اور پھر چھوڑ دیں گے۔ کمپیوٹر پروگرامنگ کے ذریعے اسٹاک مارکیٹ اور بنک کے کوڈز کو توڑ کر رقم خرد برد کی جائے گی۔ حکومت سمندری سفر، شپنگ کے شعبوں میں تبدیلی لاکر تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ کرے گی۔

شمس و یورنس دنوں چھٹے گھر میں موجود ہیں اس سال ملازمت کے اچھے مواقع حاصل ہونگے۔ انڈسٹریز کے شعبے، ہوابازی کے شعبے، آئی ٹی، انرجی اور معدنیات کے شعبے میں ملک ترقی کرے گا۔ طویل اسکیموں کو متعارف کرایا جائے گا۔ بنکاری کے نظام میں نمایاں تبدیلیاں آئیں گی۔ ائرفورس اور نیوی میں نئے اور جدید اسلحہ اور طیارے شامل ہونگے۔

بارہویں گھر میں مریخ بحالت رجعت موجود ہے دشمنی، دنگہ فساد اور دہشت گردی کی لہر مشکلات پیدا کرے گی۔ جیلوں پر حملے ہونگے۔ ہسپتالوں و کلینک میں غیر اخلاقی اپریشن کیے جائیں گے۔

اعداد متحابہ کے سری قوانین کے نادر عملیات

جذب القلوب

اعداد کی قوت جاذبہ اور ان کی طلسمی قوتیں محبت، جذب اور حاضری مطلوب کے اعمال اس کتاب میں علم جفر کے مشہور قانون اعداد متحابہ کا حسابی نظام اور ان کے عملیات درج کئے گئے ہیں۔ جس طرح مقناطیس لوہے کو کھینچتا ہے اسی طرح اعداد متحابہ میں انسانی قلب کو کھینچنے کی قوت ہے یہ جاننا کہ دو اعداد میں قوت کشش کتنی ہے؟ اور کشش ہے بھی یا نہیں!

کون اعداد طالب ہیں، کون مطلوب، معشوق کے اعداد کو عاشق کیسے کیا جاتا ہے۔ مغلوب اعداد کو غالب کیسے کیا جاتا ہے۔ وہ کونسے اعداد ہیں جو قلب انسان کو متوجہ کرتے ہیں اور ان سے کام لیا جاتا ہے۔ جب آپ محبت یا حاضری مطلوب کا نقش بنائیں تو یہ معلوم کریں کہ ان کے اعداد میں قوت ہے یا نہیں۔ اگر نہ ہوگی تو آپ کا عمل ضائع ہو جائے گا۔

اس کتاب میں صرف محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال ہیں اگر آپ نے اس قانون کو سمجھ لیا اور حل کر لیا تو جان لیں کہ مطلوب ایک لمحہ میں حاضر ہوگا۔ قیمت =/۱۵۰ روپے

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

گرہن ۲۰۱۴ء

اس سال چار گرہن ہونگے - دو سورج اور دو چاند گرہن

چاند گرہن

یہ مکمل گرہن ہوگا۔ جو ۱۵ اپریل کو دوپہر ۱۲ بجکر ۴۵ منٹ ۴۰ سیکنڈ کو ۲۵ درجہ ۱۷ دقیقہ برج میزان پر لگے گا۔ اس کا دورانیہ ایک منٹ ۳ سیکنڈ کا ہوگا۔ یہ گرہن ۱۵ اپریل کی صبح ۱۰ بجکر ۵۸ منٹ سے شروع ہوگا۔ گرہن دوپہر ۱۲ بجکر ۵۸ منٹ پر لگنا شروع ہوگا اور دوپہر ۱۲ بجکر ۴۵ منٹ پر مکمل لگ جائے گا اس کے بعد اترنا شروع ہوگا اور دوپہر ایک بجکر ۲۴ منٹ پر یہ گرہن مکمل ختم ہوجائے گا۔

اس مکمل گرہن کو جنوبی و شمالی امریکہ سے بخوبی نظارہ کیا جاسکے گا۔ مشرقی یورپ' افریقا' متحدہ عرب امارات' ایشائی ریاستوں میں نظر نہ آئے گا۔

سورج گرہن

یہ جزوی گرہن ہوگا۔ جو ۲۹ اپریل کی صبح ۱۱ بجکر ۳ منٹ ۲۵ سیکنڈ کو ۸ درجہ ۵۱ دقیقہ برج ثور پر لگے گا۔ یہ گرہن ۲۹ اپریل کی صبح ۱۰ بجکر ۵۷ منٹ پر لگنا شروع ہوگا۔ گرہن ۱۱ بجکر ۳ منٹ پر مکمل لگ جائے گا اس کے بعد اترنا شروع ہوگا اور صبح ۱۱ بجکر ۹ منٹ پر یہ گرہن ختم ہوجائے گا۔

یہ گرہن قطب جنوبی میں لگے گا۔ اس لیے یہ گرہن کہیں نظر نہ آئے گا۔

چاند گرہن

یہ مکمل گرہن ہوگا۔ جو ۱۸ اکتوبر کو دوپہر ۳ بجکر ۵۴ منٹ ۳۶ سیکنڈ کو ۱۵ درجہ ۷ دقیقہ برج حمل پر لگے گا۔ اس کا دورانیہ ۱ منٹ ۱۶ سیکنڈ کا ہوگا۔ یہ گرہن ۱۸ اکتوبر کی دوپہر ۲ بجکر ۱۴ منٹ سے شروع ہوگا۔ مکمل گرہن دوپہر ۳ بجکر ۱۴ پر شروع ہوگا جو دوپہر ۳ بجکر ۵۴ منٹ ۳۶ سیکنڈ پر مکمل لگ جائے گا اس کے بعد اترنا شروع ہوگا اور شام ۵ بجکر ۴۳ منٹ پر مکمل ختم ہوجائے گا۔

اس مکمل گرہن کو شمال مغربی امریکا اور بحرالکاہل سے دیکھا جاسکے گا۔ نیوزی لینڈ اور شمالی آسٹریلیا ' جاپان مشرقی ایشائی ریاستیں مکمل گرہن کا نظارہ کرسکیں گی۔ یورپ' افریقا اور وسطی مشرقی ممالک میں نظر نہ آئے گا۔

سورج گرہن

یہ جزوی گرہن ہوگا جو ۲۰۱۴ء کا آخری گرہن ہوگا۔ جو ۲۴ اکتوبر کو قبل سحر ۲ بجکر ۴۵ منٹ ۳۱ سیکنڈ کو

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

صفر درجہ ۲۴ دقیقہ برج عقرب پر لگے گا۔ اس قران کا دورانیہ ایک منٹ کا ہوگا۔ یہ گرہن ۲۳/۱۲۴ اکتوبر کی رات ۱۲ بجکر ۳۷ منٹ سے شروع ہوگا اور ۲ بجکر ۴۵ منٹ ۳۲ سیکنڈ پر مکمل لگ جائے گا یہ اس کا وسطی حصہ ہوگا۔ اس کے بعد اترنا شروع ہوگا اور قبل فجر ۴ بجکر ۵۱ منٹ پر مکمل صاف ہو جائے گا۔

یہ گرہن قطب شمالی میں لگے گا جس کا زیادہ تر حصہ شمالی امریکہ اور شمالی کینیڈا والے دیکھ سکیں گے۔

نماز کسوف

سورج گرہن کے وقت دو رکعت نماز (باجماعت) پڑھیں اور دونوں رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد جو بھی سورہ قران پاک میں سے لمبی یاد ہو پڑھنی چاہیے۔ بعد سلام کے جب تک گہن ختم نہ ہو قبلہ رخ بیٹھ کر دعا خیر اور استغفار میں مصروف رہنا چاہیے۔ خداوند کریم کا خوف دل میں رکھیں کہ اس نے اپنی قدرت کاملہ سے کس طرح سورج جیسے روشن ستارے کو اندھیرے میں بدل دیا اسے ہر چیز پر قدرت حاصل ہے۔ اگر فرض نماز کا وقت ہو تو پہلے فرض نماز ادا کریں۔ خواتین گھر میں نماز ادا کریں اور گہن کے وقت صدقہ خیرات کرنا بہتر ہے۔

نماز خسوف

چاند گرہن کے موقع پر بغیر جماعت کے دو رکعت نماز پڑھیں۔ سورہ فاتحہ کے ساتھ لمبی آیت پڑھیں۔ توبہ استغفار میں مشغول رہیں۔ خوف الٰہی دل میں پیدا کریں۔ بے شک پروردگار عالم ہر چیز پر قادر ہے۔

حضرت کاش البرنی کی ایک منفرد پیشکش



تعلقات

زندگی کا ایک مشکل ترین وقت وہ ہوتا ہے جب کہ کسی لڑکی اور لڑکے کی شادی کے لئے انتخاب کا فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ خود یا والدین رشتہ کی ظاہری معلومات باآسانی فراہم کر سکتے ہیں۔ مگر قسمت ان دونوں کے درمیان فطرت کے لحاظ سے باہمی تعلقات کی کیا صورت رکھتی ہے؟ اس کا جاننا بدوں علم کے ممکن نہیں۔ ہم نے اس کتاب میں یہ علم دیا ہے کہ فلاں لڑکی کا فلاں لڑکے سے یا فلاں لڑکے کا فلاں لڑکی سے رشتہ کریں تو زندگی خوشگوار اور خوش قسمت ہوگی یا بدقسمتی اور نزاع کا باعث ہوگی۔ یہ دو جسموں کا ملاپ کیا نتیجہ لائے گا۔ علاوہ ازیں کاروبار میں شرکت اور دو شخصوں میں الفت و محبت یا دشمنی اور عداوت کے دلائل بھی واضح کئے ہیں۔ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا ضروری ہے۔


(قیمت =/۱۵۰ روپے) اوراق پبلشرز کراچی

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

حالات وواقعات

یہ زائچہ ۲۰۱۴ء میں ستاروں کے مقامات پاکستان کے لئے ظاہر کر رہا ہے۔

اس سال مریخ، زحل اور مشتری کے اثرات سارا سال پورے ملک میں غیر یقینی کی فضاء کو پیدا کرتے رہیں گے۔ اس سال کی سب سے اہم پوزیشن دوسرے اور چھٹے گھر کی ہے جس میں زحل کی موجودگی اور عقرب میں اور مریخ کے مقابل یورنس سے اہم تبدیلیوں کی نشاندہی ہو رہی ہے۔



زحل چھٹے گھر میں موجود بڑے پیمانے پر حالات کو خراب کرے گا۔ صحت عامہ، امراض، پولیس، آرمی، نیوی، ادویات، ہسپتال، جانور اور مزدوروں سے متعلقہ معاملات کو ہنگامہ خیز بنائے گا۔ ان امور میں حکومت کو خاصی پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان محکموں میں بے چینی اور بے اطمینانی رہے گی۔

۱۵ اپریل کو چاند گرہن ہوگا جو برج میزان میں لگے گا اور قمر کا مریخ سے قران ہوگا اور ۲۶ اگست کو مریخ کا زحل قران ہوگا۔ مریخ شروع مارچ سے ۲۰ مئی تک رجعت و استقامت کی حالت میں رہے گا اور زحل بھی شروع مارچ سے ۲۱ جولائی تک رجعت میں رہے گا۔ ملکی حالات میں سخت کشیدگی پائی جائے گی۔ مخالفین کھلی دشمنی کا اظہار کریں گے۔

اس وقت ملازمین حکومت کے لیے دردسری کا باعث بنیں گے۔ امراض بہت پھلیں گے اور مختلف ادویات کو منظر عام پر لایا جائے گا۔ معدہ کی تکالیف بڑھ جائیں گی۔ وبائی امراض بہت پھلیں گے۔ نچلے درجے کے ملازمین اور فورسز کے ملازمین کی بڑی پیمانے پر چھٹائی کی جائے گی۔ جس سے مزدوروں کا بڑے پیمانے پر ہنگامہ ہونے کا خطرہ ہے۔ دہشت گردوں کی طرف سے (ملٹری، نیوی اور پولیس) اہم اداروں کو نقصان پہنچایا جائے گا جس سے بڑی تباہی کی نشاندی ہو رہی ہے اور مذاکرات بھی عدم مفاہمت کا شکار رہیں گے۔

نچلے طبقے میں بے قاعدگیاں بڑھ جائیں گی۔ زمین، گھر و جائیداد پر قبضے کیے جائیں گے۔ ملازمین حد درجہ کام سے انحراف کریں گے۔ ستمبر میں پڑوسی ممالک سے بڑھ چڑھ کر تعلقات بنانے کی کوشش ہوگی۔ پُرفریب باتوں سے ٹالا جائے گا جو بھی معاہدات کیے جائیں گے ان میں غیر یقینی کی صورت نظر آئے گی۔ غیر متوقع تبدیلیوں سے واسطہ پڑے گا۔ طویل معاہدات دردسری کا باعث بنیں گے۔ جولائی اور نومبر میں فوجی نقل وحرکت کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

اس سال امراض، افواج، مختلف ممالک سے تعلقات میں التواء اور پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ ایسا جولائی سے سال کے آخر تک رہے گا۔ غیر ملکی ایجنٹ کی نقل وحرکت بڑھ جائے گی۔ جس سے مفاہمت اور معاہدات میں

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

یکسانیت کو برقرار رکھ سکیں گے اور نہ یہ چین لینے دے گا۔ اگرچہ یہ سال مشکلات سے خالی نہ ہوگا مگر بنیادی طور پر حالات میں بہتری آئے گی۔

اصلاح وتبدیلی کا سال

دینوی زائچہ میں اس سال برج عقرب طلوع ہو رہا ہے جس کا حاکم ستارہ مشتری اور ذیلی حاکم ستارہ زہرہ ہے۔ عقرب جذبات میں تیزی اور شدت لاتا ہے۔ لیکن مشتری اور زہرہ کا مثالی امتزاج اس بات کی نشاندہی کر رہا ہے ۲۰۱۴ء بین الاقوامی امن اور سمجھ کا سال ہوگا۔ تاہم آسان نہیں ہوگا کہ پرانی تمام مشکلات پر قابو پایا جاسکے۔ میوزک، فیشن، فنون لطیفہ، تھیٹر اور تفریح کی انڈسٹری میں نیا انقلاب آئے گا ایک نیا رجحان قائم ہوگا۔ جس سے ملکی معیشت کو فائدہ ہوگا۔

علم اعداد کی رو سے ۲۰۱۴ء کے عدد ۷ بنتے ہیں جو ایک روحانی عدد ہے۔ ۷ نمبر سارا سال پوری دنیا کو اپنی ارتعاشی قوتوں سے سرفراز کرے گا۔ اس نمبر پر نپ چون کی حکومت ہے۔ ۷ نمبر میں ترقی، اقبال مندی، راست پسندی، ادراکی اور روحانی صفت کی خوبیاں پائی جاتی ہیں۔ یہ ہماری انفرادی تصوارت کی معراج لاتا ہے۔ سوچ، جذبات اور اعمال کے ساتھ انسانی زندگی پر خاص اثر ڈالتا ہے۔ مذہبی کام، روحانیت کو فروغ حاصل ہوگا۔ اس دنیا میں انسانی رشتوں اور انسانیت کے فروغ لیے بھرپور کام کیا جائے گا۔

عقرب میں زحل کا اثر معاشی اور سیاسی لحاظ سے ۲۰۱۴ء کا آغاز سست اور محتاط انداز میں ہوگا۔ سال کے پہلے چھ ماہ میں دنیا کے ہر حصے میں شدید تبدیلی اور اصلاح کی ضرورت محسوس کی جائے گی۔ جس کی وجہ سے یاس و ناامیدی پیدا ہوگی۔ تجارت کے متاثر ہونے کا بھی امکان ہے۔ تاہم آہستہ آہستہ خود اعتمادی بحال ہو جائے گی۔ افراط زر میں کسی قدر کمی آئے گی اور سال کے آخری تین ماہ میں بین الاقوامی معاشی حالت بہتر ہو جائے گی۔

برج عقرب اقتصادی اور مالی لحاظ سے مدوجزر ظاہر کرتا ہے۔ اس سال دنیا کی حکومتوں میں وہ حکومت بہتر ثابت ہونگی جو لوگوں کی مدد سے مالی خطرات کی روک تھام کے اسباب پر قابو پانے کی کوشش کرے گی۔ کاروباری حضرات کے لیے کاروبار میں سست روی آئے گی۔ دوسرے ممالک کے ساتھ مل کر دہشت گردی اور بھتہ خوری والے واقعات پر قابو پانے کے لیے فورس کو مکمل اسلحہ سے لیس کیا جائے گا۔ جس سے کاروباری سرگرمیاں دوبارہ شروع ہونگی۔

خلائی رابطے کے ذریعے تعلیمی سہولتوں میں اضافہ کر کے ذہنی بیداری میں اضافہ کرنے کی کوششیں کی جائیں گی۔ اگرچہ بیروزگاری کے مسئلے کا بدستور سامنا رہے گا مگر بین الاقوامی کاروبار، تجارت اور جہاز رانی و جہاز سازی کی صنعت کو فروغ حاصل ہوگا۔

اس سال پوری دنیا میں امن کی خواہش کو برقرار رکھا جائے گا اور ایک دوسرے پر بھروسہ اور اعتماد بڑھانے کے معاہدات کیے جائیں گے۔ اس سے پہلے وہ مذاکرات اور معاملات جس میں پابندیوں کا برملا اظہار کیا جاتا تھا اب

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

ایسی شرائط کو ختم کر دیا جائے گا۔ جن ممالک پر دوسری اقوام نے راستے محدود کر رکھے تھے اب ان پر بھی پابندیاں کو ختم کر دیا جائے گا۔ بین الاقوامی تجارت، غیر ملکی سفر اور ٹیلی کمیونی کیشن اور انٹرنیٹ کو فروغ ہوگا۔

امریکہ میں اس سال بھی صدر کا کردار کمزور رہے گا۔ فروری اور جون مشکلات کا باعث بنیں گے۔ نشہ آور اشیاء کا استعمال عروج پر پہنچ جائے گا۔ امریکہ میں اس سال گورنمنٹ کے بعض اقدام کی سخت مخالفت کی جائے گی۔ ناجائز پیدائش بہت بڑھ جائے گی۔ بین الاقوامی تعلقات میں امریکہ کو روس اور دیگر ممالک سے مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ امریکہ اپنی خارجہ پالیسی اور اندرونی و معاشی پالیسیوں میں تبدیلی لائے گا۔ امریکہ مشرق وسطی کے معاملات میں زیادہ ملوث ہو جائے گا۔ جس سے ملک میں نئے معاشی بحران کا امکان ہے۔ مریخ و زحل کا قران فوجی نقل و حرکت پر گہرے اثرات مرتب کرے گا۔

پاکستان کے افغانستان اور ہندوستان کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ روس بھی اپنے قدم جمانا شروع کر رہا ہے اور ایک نئی سوپر پاور بن کر سامنے آئے گا۔ روس مضبوط اور مستحکم امن کے لیے قدم اٹھائے گا۔ اکتوبر میں افغانستان کے حالات کشیدہ اور تبدیلی لانے والے ہونگے۔ ۱۸ اکتوبر کا چاند گہن انگلینڈ کے لیے مالی معاملات اور تعلقات پر گہرا اثر ڈالے گا۔ امیگریشن قوانین مزید سخت کر دیے جائیں گے۔

۹، ۱۶، ۳۰ جنوری اور ۲۰ سے ۲۳ اپریل کے درمیان اقتصادی حالت میں اتار چڑھاؤ رہے گا۔ اس دوران مالی منڈیوں میں مندی کا رجحان پایا جائے گا۔ مئی میں مشتری زحل کی تثلیث ہوگی یہ قوی ترین فلکی صورتحال دنیا کو معاشی بدحالی سے نکالنے میں بہت مددآور ثابت ہوگی۔ اس سال چین، فرانس، اٹلی، سعودی عرب، جاپان، کوریا، جنوبی افریقہ، اسکاٹ لینڈ اور جرمنی سے اقتصادی معاہدات پاکستان کے لیے بڑی تبدیلی کی نشاندہی کر رہی ہے۔

۱۱ نومبر کو مریخ پلوٹو سے قران کرے گا۔ اموات اور حادثات میں اضافہ ہوگا۔ ہوائی انتظامیہ، لمبے سفر سے متعلقہ محکموں، جہاز رانی اور جائیداد و قانون سے متعلقہ اداروں میں ناتسلی بخش حالات پیدا کرے گا۔

پاکستان کے زائچہ میں مشتری وسط جولائی تک خانہ مال میں رہے گا اس کے بعد تیسرے گھر میں آئے گا جہاں یہ دسمبر کے آخر تک رہے گا۔ روپیہ کی آمد و رفت اور قوت خرید میں بہتری آئے گی۔ سرمایہ کاری بڑھے گی۔ بانڈز، شیئرز، انعامی اسکیم، سٹہ اور دیگر امور میں بہتری آئے گی۔ سال کے آخیر تک امید اور انصاف کو پسند کیا جائے گا۔ ماہ جولائی کے بعد اسٹاک مارکیٹ، محصولات، بینکاری اور تجارتی سرگرمیوں میں تیزی آئے گی۔ یہ سال تعلیم سے متعلقہ معاملات کو بھرپور نمایاں کرے گا اور یہ اُن شعبوں میں حصہ لیں گے جہاں پر ابھی تک کسی نے قدم نہیں رکھا ہوگا۔ زمین و جائیداد کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ تخلیقی صلاحیتوں والے اور پڑھے لکھے نوجوان افراد بڑی تعداد میں بیرون ملک کا رخ کریں گے۔

سونے اور چاندی کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ تیل، گیس، مائع اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ عالمی منڈی میں تیل مہنگا ہو جائے گا۔ مارچ اور نومبر میں کواکبی قوتیں زلزلہ لانے کا سبب بنیں گی۔ دنیا بھر میں غیر متوقع طور پر خوفناک سیلاب اور سمندری طوفان آئیں گے۔ دنیا بھر میں موسم میں تبدیلی آئے گی۔ طوفانی بارشیوں کا سلسلہ چلے گا جس سے نشیبی علاقے تباہ ہو جائیں گے۔ امکان ہے کہ موسم سرما بھی توقع سے زیادہ سرد ہوگا۔

WWW.AIOURDUBOOKS.NET

